www.dailybolan.com

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | جمعہ 11 ستمبر 2026ء، بمطابق 28 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 271

پاکستان کی ترقی و خوشحالی اور فلاح و بہبود پوری قوم کی مشترکہ کاوشوں سے ہی ممکن ہے

وزیر اعظم

پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے مشترکہ ہدف کے حصول کے لیے پرعزم ہے، پولیو کے خاتمے کے قومی پروگرام کو اعلیٰ ترین سطح پر سرپرستی حاصل ہے

گیٹس فاؤنڈیشن نے پولیو کے خاتمے، صحت، غذائیت، مالیاتی شمولیت اور معاشرے کے کمزور طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے قابل قدر کردار ادا کیا ہے

اسلام آباد (اے پی پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ گیٹس فاؤنڈیشن نے پولیو کے خاتمے، صحت، غذائیت، مالیاتی شمولیت اور معاشرے کے کمزور طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے قابل قدر کردار ادا کیا ہے، حکومت اور گیٹس فاؤنڈیشن کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں ڈیجیٹل ادائیگیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ وفد میں گیٹس فاؤنڈیشن (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

مستونگ، پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ قابل مذمت ہے، میر ضیاء اللہ لانگو

دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے مستونگ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

حوثیوں کی باب المندب کے اطراف پیش قدمی، ساحلی شہر موخا پر قبضہ کرلیا

صنعاء (این این آئی) یمن کے حوثی جنگجوں نے بحیرہ احمر کے اہم سا (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7پر)

افغان میڈیکل طلبا کا معاملہ، پی ایم ڈی سی نے اعلامیہ جاری کردیا

پاکستان میں تعلیم حاصل کرنیوالے تمام غیر ملکی طلبا پر پی ایم ڈی سی قوانین، ویزا پالیسی کا بلاامتیاز اطلاق ہوتا ہے

طبی تعلیم کیلئے کسی مخصوص قومیت یا افغان طلبا پر کوئی پابندی عائد نہیں، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی (بقیہ 4 صفحہ 7پر)

حکومت میں میرٹ، شفافیت اور قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور کسی بھی فرد کو ذاتی تعلق یا اثر و رسوخ کی بنیاد پر سرکاری امور پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی

بلوچستان میں کوئی نوکری نہیں بکے گی

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی

بلوچستان کے نوجوان سردی میں ٹھٹھرتے اور گرمی میں جھلستے ہوئے تعلیم اور محنت کے بعد روزگار کے حصول کے منتظر رہتے ہیں، ان کی نوکری فروخت ہونے دینا کسی صورت قابل قبول نہیں

نوکریوں کی خرید و فروخت کے مصدقہ شواہد سامنے آئے تو کوئی وزیر بچے گا نہ کوئی سیکرٹری، جبکہ ملوث عناصر کے خلاف غیر جانبدارانہ تحقیقات کے بعد قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کسی نوجوان کی نوکری فروخت نہیں ہونے دی جائے گی، نوکریوں کی خرید و فروخت کے مصدقہ شواہد سامنے آئے تو کوئی وزیر بچے گا نہ کوئی سیکرٹری، جبکہ ملوث عناصر کے خلاف غیر جانبدارانہ تحقیقات کے بعد قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل اور ان کے حق روزگار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یہ بات سیکرٹریز کمیٹی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سعودی عرب کی سلامتی پر پاکستان کا موقف واضح ہے

خواجہ آصف

سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کیلئے اپنی مستقل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں

خادم حرمین شریفین شاہ سلمان، ولی عہد محمد بن سلمان اور برادر سعودی عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ یمن سے سعودی عرب پر ہونے والے حملوں سے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کا مشترکہ دفاعی معاہدہ ایکٹیویٹ ہوگا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ ہم معاہدے کے تحت مدد کرنے کے پابند ہیں، اس میں کسی کو شک نہیں ہونا چاہیے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یمن سے سعودی عرب پر ہونے والے حملوں سے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کا مشترکہ دفاعی معاہدہ ایکٹیویٹ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)

نئے صوبوں کا قیام پاکستان کے مسائل کا حل نہیں، شاہد خاقان عباسی

تعلیم، صحت، معاشرت اور شہری حقوق سمیت مختلف شعبوں میں مسلسل زوال تشویشناک ہے

مسائل کے حل کے لیے شارٹ کٹ کے بجائے مضبوط اور مستقل نظام قائم کرنا ہوگا، سابق وزیر اعظم کا مڈل بار کے وکلاء سے خطاب

سوات (این این آئی) سابق وزیر اعظم پاکستان اور پاکستان عوام پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان کے موجودہ حالات پر ملک کے ہر طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کو تشویش اور اپنے مستقبل کے حوالے سے اضطراب کا سامنا ہے، ملک میں تعلیم، صحت، معاشرت اور (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7پر)

پاکستان کی حوثی حملوں کی شدید مذمت، سعودی عرب کی حمایت کا اعلان

پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سالمیت کی حمایت جاری رکھے گا، کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود حل طلب مسئلہ ہے،

بھارتی دعوؤں اور ہتھکنڈوں سے کشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں ہوسکتی، پاکستان کو یاسین ملک کی بگڑتی ہوئی صحت پر تشویش ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دو طرفہ دفاعی تعاون جاری ہے اور دفاعی معاہدے پر عمل درآمد کیلئے وقت درکار ہوگا پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سالمیت کی حمایت جاری رکھے گا، کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود حل طلب مسئلہ ہے، بھارتی دعوؤں اور ہتھکنڈوں سے کشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں ہوسکتی، پاکستان کو یاسین ملک کی بگڑتی ہوئی صحت پر تشویش (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7پر)

وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا حامی ہے، وفاقی وزیر تجارت

پاکستان بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا حامی ہے، چین پاکستان اقتصادی راہداری معاشی منظر نامے کو نئی شکل دے رہی ہے، جام کمال

سی پیک نے پاکستان کو علاقائی روابط کے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھارا ہے، پاکستان وسطی ایشیا اور مغربی چین کو گرم پانیوں اور بندرگاہوں سے منسلک کر رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا حامی ہے، چین پاکستان اقتصادی راہداری پاکستان کے معاشی منظر نامے کو نئی شکل دے رہی ہے، سی پیک نے پاکستان کو علاقائی روابط کے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھارا ہے، پاکستان وسطی ایشیا اور مغربی چین کو گرم پانیوں اور بندرگاہوں سے منسلک کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو ہانگ کانگ میں منعقد ہونے والے 11ویں بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ بی آر آئی محض اقتصادی منصوبہ نہیں بلکہ ممالک اور اقوام کو قریب لانے کا مث (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر احد چیمہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک کا امن و امان سب سے مقدم ہے

بیرسٹر گوہر

صوبوں کے قیام کا مسئلہ سنجیدہ اور عوامی ہے، وزیر اعظم کو نئے چیف الیکشن کمشنر کی تعیناتی کیلئے اپوزیشن لیڈر سے بات کرنے میں پہل کرنی چاہیے

کارکنوں کی پکڑ دھکڑ شروع کر دی گئی ہے، واضح کیا ہے کسی کارکن کے ہاتھ میں لاٹھی یا غلیل نہیں ہوگی، بیان جاری

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کا احتجاج اٹل ہے، احتجاج کے معاملے پر نظر ثانی نہیں کر سکتے۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کارکنوں کی پکڑ دھکڑ شروع کر دی گئی ہے، ہم نے واضح کیا ہے کسی کارکن کے ہاتھ میں لاٹھی یا غلیل نہیں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7پر)

برطانیہ نے مقبوضہ مغربی کنارے میں قائم اسرائیلی بستیوں سے درآمد اشیا پر پابندی عائد کردی

کینیڈا، فرانس، اسپین، ناروے سمیت 12 ممالک کی اسرائیلی اشیا کی درآمد پر پابندی کی حمایت

یورپی ممالک متفق ہیں کہ مغربی کنارے میں اسرائیلی بستیاں غیر قانونی ہیں، نمائندہ یورپی یونین خارجہ امور

ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اسرائیلی غیر قانونی بستیوں کے خلاف برطانیہ کی پابندیوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسرائیل مخالف پابندیوں کو اہم قرار دے دیا

برطانوی اقدامات کے ردعمل میں اسرائیل نے مقبوضہ بیت المقدس میں برطانوی قونصل خانہ بند کر دیا، برطانیہ اب غزہ کے بعد امریکا کی قیادت میں قائم امن مشن میں بھی حصہ نہیں لے گا، بیان

تل ابیب / برسلز / لندن / مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) برطانیہ نے مقبوضہ مغربی کنارے میں قائم اسرائیلی بستیوں سے درآمد اشیا پر پابندی عائد کردی، برطانیہ کے بعد کینیڈا، فرانس، اسپین اور ناروے سمیت 12 ممالک نے بھی مقبوضہ مغربی کنارے میں قائم اسرائیلی بستیوں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7پر)

ایف آئی آر میں بلاوجہ تاخیر برداشت نہیں

محسن نقوی

ایس ایچ او آفس، ڈی آر سی، انکوائری آفس، ویٹنگ ایریا سمیت دیگر شعبوں کا معائنہ، سہولتوں پر اطمینان کا اظہار

سائلین کی دادرسی کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے، سائل کی درخواست پر ہر صورت کارروائی یقینی بنائی جائے، وزیر داخلہ کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے تھانوں کی حالت بدلنے لگی، تھانہ آبپارہ کی اپ گریڈیشن مکمل ہونے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تعمیر نو کے بعد تھانے کا افتتاح کر دیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تھانہ آبپارہ کے مختلف سیکشنز کا دورہ کیا اور ایس ایچ او آفس، ڈی آر سی، (بقیہ 17 صفحہ 7پر)

26 نومبر احتجاج کیس، وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی سمیت دیگر کے وارنٹ برقرار

عدالت نے ملزمان کی جانب سے دائر حاضری سے استثنیٰ کی درخواستیں بھی مسترد کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، عبدالغنی آفریدی، جنید اکبر اور دیگر کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج کے کیس کی سماعت کے دوران وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے سہیل آفریدی، جنید اکبر اور دیگر کے وارنٹ گرفتاری برقرار (بقیہ 11 صفحہ 7پر)

شاہراہ دستور احتجاج: پی ٹی آئی کے سات کارکنوں کا 14 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

اسلام آباد (این این آئی) 15 فروری شاہراہ دستور احتجاج کیس میں پی ٹی آئی کے سات کارکنوں کو 14 روزہ جسمانی ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا، 15 فروری کو پی ٹی آئی کے ارکان اسمبلی اور کارکنان نے شاہراہ دستور پر احتجاج کیا جس پر مقدمہ درج کیا گیا اور گرفتاریاں بھی ہو (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7پر)

اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف نااہل قرار

گوشواروں کی تفصیلات جمع کرانے تک یہ سابق ارکان قومی اسمبلی نااہل ہیں، الیکشن کمیشن کا تحریری حکم نامہ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے مالی سال 2024-25 کے اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف کو نااہل قرار دے دیا۔ سابق ارکان قومی اسمبلی کو نااہل قرار دینے کا تحریری حکم نامہ بھی جاری کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق مالی سال 2024-25 کے اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل (بقیہ 15 صفحہ 7پر) تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے

پیٹرولیم لیوی پر مذاکرات، حکومت نے جماعت اسلامی سے مزید تین دن کا وقت مانگ لیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے جماعت اسلامی سے پیٹرولیم لیوی پر مذاکرات کیلئے مزید تین دن کا وقت مانگ لیا۔ ذرائع کے مطابق حکومتی وفد سے مذاکرات کیلئے جماعت اسلامی کا وفد نائب امیر لیاقت بلوچ کی سربراہی میں پنجاب ہاؤس پہنچا، حکومتی مذاکراتی ٹیم کی (بقیہ 16 صفحہ 7پر)

پی ٹی آئی کی 27 ستمبر کو اسلام آباد احتجاج کی کال، ارکان اسمبلی کو فنڈز جمع کرنے کی ہدایت

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا دورہ پنجاب بھی احتجاج کی تیاریوں کے باعث ملتوی کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے 27 ستمبر کو اسلام آباد میں احتجاج کی کال کے پیش نظر پارٹی کی سیاسی کمیٹی نے پنجاب کے عہدیداروں اور ارکان اسمبلی کو تیاریاں مکمل کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی نے ارکان اسمبلی کو احتجاج کے لیے پانچ، پانچ لاکھ روپے فنڈز جمع کرنے اور کارکنوں کو متحرک کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ ذرائع (بقیہ 18 صفحہ 7پر)

وزیر قانون کی زیر صدارت پاسپورٹ رولز کمیٹی کا اجلاس

ضروری دستاویزات کی تصدیق کا عمل تیز، آسان اور موثر بنانے کی ہدایت،

بیرون ملک مقیم پاکستانی ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں اور انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے حکومت پرعزم ہے، اعظم نذیر تارڑ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف (بقیہ 12 صفحہ 7پر)

پائیدار ترقی کیلئے وسائل مقامی حکومتوں کو منتقل کرنا ہونگے

احسن اقبال

اگر مقامی حکومت کو کوئی ذمہ داری تو دے دی جائے لیکن اس کے ساتھ اختیارات اور وسائل نہ ہوں تو وہ ذمہ داری بوجھ بن جاتی ہے

پاکستان کو ایسا ترقیاتی نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے، جس میں وفاق اور صوبوں کے درمیان موثر رابطہ اور مقامی اداروں کو بااختیار بنایا جائے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ گزشتہ 15 برس کے دوران اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے (بقیہ 20 صفحہ 7پر)

پاکستان کی ترقی کیلئے خواتین کی مساوی شمولیت ناگزیر ہے، سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد کو این ایف سی ایوارڈ میں مناسب حصہ دینا ضروری ہے، سردار طاہر محمود

اسلام آباد چیمبر میں پاکستان ویمن لیڈر شپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 کا انعقاد کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف (بقیہ 19 صفحہ 7پر)

کراچی پورٹ عالمی رینکنگ میں 30 درجے بہتری کے بعد 69 ویں نمبر پر

پورٹ قاسم بھی 74 ویں سے 56 ویں پوزیشن پر آگیا، دونوں بندرگاہیں سالانہ 100 ملین ٹن سے زائد کارگو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتی ہیں

کراچی (این این آئی) وزیر اعظم ٹاسک فورس برائے بحری امور کی جانب سے کی جانے والی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے، کراچی پورٹ کی عالمی (بقیہ 13 صفحہ 7پر)

چین میں خدمات کی تجارت کا نیا ڈھانچہ تیزی سے تشکیل پانے لگا

چین ایک سپر لارج مارکیٹ کی حیثیت سے دنیا کے ساتھ ترقی کے مواقع بانٹ رہا ہے، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) چائنا انٹرنیشنل فیئر فار ٹریڈ ان سروسز 2026، 9 سے 13 ستمبر تک بیجنگ میں منعقد ہو رہا ہے۔ بدھ کے روز چینی صدر شی جن پھنگ نے زور دیا ہے (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

معلوم نہیں کچھ وزراء کو گھمنڈ ہے ہم صوبے بنا لیں گے، قمر زمان

18 ویں ترمیم میں مقامی حکومتوں کو مالی، انتظامی اختیارات کی منتقلی لازمی نہ بنانا غلطی تھی

جو یہ کہا جا رہا ہے کہ ریفرنڈم کرا لیں گے، جو چیز آئین میں وضاحت کے ساتھ موجود ہے اس پر ریفرنڈم نہیں ہوسکتا

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی صوبے بنانے کا مطالبہ نہیں کرتی لیکن جہاں لوگ ایسا مطالبہ کرتے ہیں ہم ان کے مطالبے کی حمایت کرتے ہیں، اٹھارویں ترمیم میں صوبوں کو اختیارات تو مل گئے لیکن صوبوں سے نیچے مقامی حکومتوں کو مالی اور انتظامی اختیارات منتقل کرنے کے حوالے سے قانون سازی نہ کرنا ہماری غلطی تھی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ معلوم نہیں کچھ وزراء کو کس بات کا گھمنڈ ہے کہ ہم صوبے بنا لیں گے اور جو یہ کہا جا رہا ہے کہ ریفرنڈم کرا لیں گے، جو چیز آئین میں وضاحت کے ساتھ موجود ہے اس پر ریفرنڈم نہیں ہو (بقیہ 22 صفحہ 7پر)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ACCA گلوبل کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ملاقات کر رہی ہیں

پولیو ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافہ

آئندہ ذیلی قومی انسداد پولیو مہم 21 سے 27 ستمبر تک ملک کے 115 اضلاع میں منعقد ہوگی

3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، عائشہ رضا فاروق

اسلام آباد (اے پی پی) پاکستان انسداد پولیو پروگرام نے فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔ قومی ایمرجنسی آپریشن سینٹر (نیشنل ای او سی) کے مطابق فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے ساتھ لسننگ سیشنز کے بعد یومیہ معاوضے میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا، معاوضے میں اضافے کا اطلاق آئندہ انسداد پولیو مہم سے ہوگا۔ اس حوالے سے وزیر اعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق نے کہا کہ پولیو ورکرز کے معاوضے میں اضافہ ان کی محنت، لگن اور خدمات کا اعتراف ہے، فرنٹ لائن پولیو ورکرز ملک کو پولیو سے پاک بنانے کی کوششوں میں کلیدی کردار ادا کر رہے (بقیہ 23 صفحہ 7پر)

پی ٹی آئی 27 ستمبر احتجاج کیس، سماعت کے لیے تین رکنی لارجر بینچ تشکیل

چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی سربراہی میں جسٹس اعظم خان اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل بینچ سماعت کرے گا

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کے احتجاج اور لانگ مارچ سے متعلق درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا ہے، جبکہ معاملے کی سماعت کے لئے 3 رکنی لارجر بینچ بھی تشکیل دے دیا گیا ہے۔ لارجر بینچ میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے ساتھ جسٹس اعظم خان اور جسٹس محمد آصف بھی شامل ہوں گے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے (بقیہ 24 صفحہ 7پر)

مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فورسز نے 33 فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے جمعرات کو مقبوضہ مغربی کنارے میں چھاپوں کے دوران دو صحافیوں، دو نابالغوں اور سابق قیدیوں سمیت 33 فلسطینیوں کو گرفتار کیا ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی (بقیہ 25 صفحہ 7پر)

مشرق وسطیٰ کی جنگ کے باوجود ترسیلات زر میں نمایاں اضافہ، اگست میں 3.7 ارب ڈالر موصول

سعودی عرب سے 87 کروڑ 53 لاکھ ڈالر موصول، جولائی تا اگست مجموعی ترسیلات 7.3 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، مرکزی بینک

کراچی (این این آئی) مشرق وسطیٰ میں جاری جنگی صورتحال اور خطے میں پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال کے باوجود بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے وطن بھیجی جانے والی ترسیلات زر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اگست 2026ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مد میں پاکستان کو 3.7 ارب امریکی ڈالر موصول ہوئے، جو گزشتہ سال کے اسی ماہ کے مقابلے میں 16.5 فیصد زیادہ ہیں۔ (بقیہ 26 صفحہ 7پر)

26 نومبر احتجاج کے دو مقدمات میں پی ٹی آئی کے 2 کارکنان کو سزا سنا دی گئی

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی نے پی ٹی آئی کے 26 نومبر 2024 کے احتجاج پر درج دو مقدمات میں دو کارکنان کو سزا سنا (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

نئے صوبوں کا قیام اور بلدیاتی نظام ناگزیر ہے، بیرسٹر سیف نے بھی حمایت کردی

ریفرنڈم کے ذریعے عوامی رائے معلوم کی جانی چاہیے، اسمبلیاں اپنی ساکھ کھو چکیں، ان کی کوئی وقعت نہیں، بیان

پشاور (این این آئی) سابق مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام اور بلدیاتی نظام ناگزیر ہے۔ بیرسٹر سیف نے اپنے بیان میں کہا کہ ریفرنڈم کے ذریعے عوامی رائے معلوم کی جانی چاہیے، اسمبلیاں اپنی ساکھ کھو چکیں، ان کی کوئی وقعت نہیں۔ نقوی کے ''عوام کی مرضی'' کے بیان نے نئے صوبوں پر آئینی سوالات اٹھا دیئے۔ یہ ریفرنڈم کا اشارہ ہے؟ قانونی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

الجزائر کا متحدہ عرب امارات سے سفارتی تعلقات منقطع کرنے کا اعلان

الجیرز (این این آئی) الجزائر نے متحدہ عرب امارات کے ساتھ سفارتی تعلقات منقطع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ فیصلہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات برقرار رکھنے کے لیے تمام ممکنہ ذرائع استعمال کیے جانے کے بعد کیا گیا۔ تاہم الجزائر نے فوری طو (بقیہ 29 صفحہ 7پر)

ایل این جی خریداری کیلئے پاکستان کو کوئی بولی نہ مل سکی

12 سے 16 ستمبر کی ترسیل کیلئے ایک کارگو کی بولی طلب کی گئی تھی، مقررہ تاریخ تک کوئی عالمی کمپنی پیشکش نہ کر سکی

اس سے قبل 2 ٹینڈرز مہنگی بولیوں کے باعث منسوخ کیے جا چکے

کراچی (این این آئی) پاکستان رواں ماہ تیسری مرتبہ بھی ایل این جی کارگو خریدنے میں ناکام ہوگیا، تازہ ترین ٹینڈر میں کسی بھی عالمی کمپنی کی جانب سے بولی جمع نہ کرائے جانے کے باعث ایل این جی کی درآمد کا معاملہ ایک بار پھر تعطل کا شکار ہوگیا۔ پاکستان ایل این جی لمیٹڈ (پی ایل ایل) کے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم پی اے زرک خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

ملتان موسمیاتی خطرات سے کم محفوظ شہروں میں تیسرے نمبر پر

موسمیاتی تبدیلی کے باعث پانی کی قلت، زمین کی زرخیزی میں کمی اور صحرائی پھیلاؤ کے خطرات بڑھنے کا امکان

2100 تک زمین کا 40 فیصد سے زائد حصہ خشک علاقوں میں تبدیل ہونے کا خدشہ، آسٹریلیا، برازیل اور افریقہ کے بعض علاقوں میں نمایاں تبدیلیوں کی پیش گوئی

... ہیں۔ ماہرین نے جدید موسمیاتی ماڈلز اور اندازوں کی مدد سے دنیا کے خشک علاقوں کی موجودہ صورتحال اور مستقبل میں ان کے ممکنہ پھیلاؤ کا جائزہ لیا۔ تحقیق کے مطابق 1994 سے 2023 کے دوران دنیا کے زمینی رقبے کا تقریباً 38.58 فیصد حصہ خشک علاقوں پر مشتمل تھا، تاہم موجودہ موسمیاتی رجحانات برقرار رہے تو 2071 سے 2100 کے دوران یہ شرح بڑھ کر 39.31 سے ...

... مسائل میں اضافے کا خدشہ ہے۔ تحقیق میں ایک اہم پہلو یہ بھی سامنے آیا کہ فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی بڑھتی ہوئی مقدار بعض حالات میں خشک علاقوں کے پھیلاؤ کی رفتار کو کم کرسکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق کاربن ڈائی آکسائیڈ کی زیادہ مقدار میں بعض پودے پتوں سے پانی کے اخراج کو محدود کرتے ہیں، جس سے زمین کی خشکی کے اندازوں پر اثر پڑسکتا ہے۔ تاہم محققین نے واضح کیا ...

... علاقوں کے پھیلاؤ سے پانی کی قلت، زرعی پیداوار میں کمی اور قدرتی ماحولیاتی نظام کو لاحق خطرات مزید بڑھ سکتے ہیں۔ انہوں نے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے مطابقت پیدا کرنے، پانی کے وسائل کے بہتر انتظام اور پائیدار ترقی کے لیے بروقت اور مؤثر اقدامات پر زور دیا ہے۔ برطانوی سائنس دانوں کی ایک نئی تحقیق میں انکشاف ہوا ہے

حضرت مریم علیہ السلام کی ولادت باسعادت کے سلسلے میں 29 اگست سے جاری خصوصی مذہبی تقریبات

تقریب آرچ بشپ کراچی ہز گریس بشپ بینی میریو ٹراوس کی زیر قیادت منعقد ہوئی

حب۔ سردارزادہ محمد حسام عرفان بھوتانی کو کنڈ جھنگ میں صالح محمد چھٹہ کے فرزند عبدالرشید چھٹہ اور عبدالحکیم چھٹہ کی دعوت ولیمہ میں شرکت کے موقع پر روایتی اجرکیں پہنا کر ویلکم کیا جارہا ہے

سندھ اور ملائیشیا کے تجارتی روابط مزید مستحکم کرنے پر اتفاق

سندھ میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں، جبکہ صوبائی حکومت سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے

سندھ اور ملائیشیا کے معاشی وتجارتی روابط مزید مستحکم کرنے پر اتفاق، کراچی سے کوالالمپور براہ راست پروازیں شروع کرنے کا فیصلہ

... یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت کی جانب سے انہیں ہرممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ سید مراد علی شاہ نے ملائیشین سرمایہ کاروں کو سندھ کی تیزی سے ابھرتی ہوئی مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ سندھ میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں، جبکہ صوبائی حکومت سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سازگار ...

... یقین دہانی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے سندھ حکومت کی جانب سے سرمایہ کاری کے فروغ اور بالخصوص پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے اقدامات کو سراہا۔ ملاقات میں کراچی اور کوالالمپور کے درمیان براہِ راست فضائی رابطے کے حوالے سے بھی اہم پیش رفت سامنے آئی۔ ملائیشین قونصل جنرل نے بتایا کہ کراچی سے کوالالمپور کے لیے براہِ راست پروازوں کا آپریشن ...

... جانب کے اداروں اور کاروباری برادری کے درمیان روابط کو مزید فروغ دے کر معاشی، تجارتی، ثقافتی اور سیاحتی تعاون کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔ ملاقات میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ سندھ اور ملائیشیا کے درمیان موجود دوستانہ تعلقات کو معاشی شراکت داری میں تبدیل کرتے ہوئے تجارت اور سرمایہ کاری کے حجم میں مزید اضافہ کیا جائے گا۔

استا محمد نامعلوم مسلح ڈاکوں نے گن پوائنٹ پر موٹر کار چھین کر فرار

پولیس مقابلے کے بعد موٹر کار برامد ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) استا محمد نامعلوم مسلح ڈاکوں نے گن پوائنٹ پر موٹر کار چھین کر فرار پولیس مقابلے کے بعد موٹر کار برامد ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب پاکستان سنی تحریک کا سٹی پولیس تھانے کے سامنے واقعے کے خلاف احتجاج تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دن دہاڑے سٹی پولیس تھانہ کے حدود عزت فقیر ہوٹل کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر موٹر کار چھین کر فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس و قبائلی عمائدین ڈاکوں کی تعقب میں روانہ ہوگئے پولیس ذرائع کے مطابق ڈاکوں نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کردی فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے ڈاکوں نے موٹر کار چھوڑ کر فائرنگ کرتے ہوئے سندھ کے حدود میں فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تاہم واقعے کی خلاف پاکستان سنی تحریک کے مرکزی رہنما خان محمد جتک کی قیادت میں مظاہرین نے سٹی پولیس تھانہ کے سامنے احتجاجی دھرنا دے کر بیٹھ گئے

پرائمری اساتذہ کیلئے سروس اسٹرکچر بنایا جائے، میرپورخاص میں ورکرز کنونشن

میرپورخاص (این این آئی) پرائمری ٹیچر ایسوسی ایشن میرپورخاص کے زیر اہتمام مرکزی صدر شفیع محمد سیٹھو کی صدارت میں ورکرز کنونشن منعقد ہوا، جس میں بڑی تعداد میں اساتذہ نے شرکت کی۔ کنونشن میں سندھ کے پرائمری اسکول ٹیچرز کیلئے سروس اسٹرکچر تشکیل دینے اور اساتذہ کے مسائل فوری حل کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔

ٹنڈو غلام علی میں دل دہلا دینے والا دردناک واقعہ، گٹر سے نومولود بچے کی لاش برآمد،

اپنی غلطی یا مبینہ جرم کو چھپانے کے لیے نومولود بچے کو گٹر میں پھینک دینا انسانیت سوز عمل ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے

بدین (نامہ نگار) ضلع بدین کے شہر ٹنڈو غلام علی کے وارڈ نمبر 1 میں انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا، جہاں گٹر کے گندے نالے سے تازہ پیدا ہونے والے نومولود معصوم بچے کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ نومولود بچے کی لاش گٹر میں پڑی دیکھ کر علاقے میں غم و غصے اور تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ دل دہلا دینے والے منظر نے شہریوں کے دل چیر دیے جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ دردناک منظر نے انسانیت کے حوالے سے کئی سوالات کھڑے کر دیے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جس معصوم نے ابھی دنیا میں آنکھ بھی نہیں کھولی، آخر اس کا کیا قصور تھا اگر کسی فرد سے کوئی غلطی یا جرم سرزد ہوا تھا تو اس کی سزا ایک بے گناہ نومولود کو کیوں دی گئی ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق اپنی غلطی یا مبینہ جرم کو چھپانے کے لیے نومولود بچے کو گٹر میں پھینک دینا انسانیت سوز عمل ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ شہریوں نے حکومت سندھ، ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لے کر شفاف تحقیقات کی جائیں، نومولود بچے کو گٹر میں پھینکنے والے ذمہ داروں کا سراغ لگا کر انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ نومولود بچے کی اطلاع پر مقامی پولیس نے بچے کی لاش کو اپنی تحویل میں لے کر شہریوں کی مدد سے غسل دینے کے بعد معصوم بچے کی تدفین مقامی قبرستان میں کردی۔

سکھر پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، 5 ملزمان گرفتار

تھانہ ائیرپورٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے محمد حسن ڈھر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 1100 گرام چرس برآمد کرلی

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری QPM، PSP کی ہدایات پر سکھر پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر اور سماجی برائیوں میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ پولیس نے مختلف تھانوں کی حدود میں کارروائیاں کرتے ہوئے منشیات، گٹکا اور دیگر سنگین مقدمات میں مطلوب و روپوش سمیت 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ سی سیکشن پولیس نے دوران اسنیپ چیکنگ کارروائی کرتے ہوئے مبینہ منشیات فروش دلدار عرف لپوں میرانی کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 1160 گرام چرس برآمد کرلی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 314/2026، منشیات ایکٹ کی دفعہ 9(1)3C کے تحت درج کرلیا گیا اسی طرح تھانہ ائیرپورٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے محمد حسن ڈھر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 1100 گرام چرس برآمد کرلی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 129/2026، منشیات ایکٹ کی دفعہ 9(1)3C کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ تھانہ روہڑی پولیس نے دوران اسنیپ چیکنگ کارروائی کرتے ہوئے گٹکا سپلائی کرنے کے الزام میں وقار قریشی کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 2 پیکٹ، مجموعی طور پر 211 عدد Z-21 گٹکا و چھالیہ برآمد کرلی۔

لاہور میں نادرا کے نام سے مشابہ جعلی ویب سائٹ چلانے والے 2 ملزمان گرفتار

لاہور (اے ایف پی) نادرا کے نام سے مشابہ جعلی ویب سائٹ چلانے والے 2 ملزمان لاہور سے گرفتار کرلیے گئے۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق ملزمان محمد ارسلان اور علی رضا سے 3 ٹیرا بائٹ حساس ڈیٹا برآمد کیا گیا، ملزمان نے ایک کروڑ سے زائد شہریوں کا حساس اور ذاتی ڈیٹا حاصل کرکے فروخت کیا۔ ملزمان سے سم کارڈ ملکیت و رجسٹریشن، سم ڈیٹا بیس، سی ڈی آر اور شہریوں کی لوکیشن کا ڈیٹا بھی برآمد کیا گیا۔

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر ورینڈر لعل محکمہ صحت میں ایکسرے آپریٹر کی پوسٹ کیلئے آنیوالے امیدوار کا ٹیسٹ لے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

شیرازی ہاؤس مکلی پر ایم این اے سید ایاز علی شاہ شیرازی سے عوامی ملاقاتیں

سید ایاز علی شاہ شیرازی سے ٹھٹھہ اور سجاول کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) شیرازی ہاؤس مکلی پر ایم این اے سید ایاز علی شاہ شیرازی سے عوامی ملاقاتیں، مسائل حل کرنے کی یقین دہانی شیرازی ہاس مکلی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے ایم این اے سید ایاز علی شاہ شیرازی سے ٹھٹھہ اور سجاول کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہا۔ اس موقع پر سید شیر علی شاہ کاظمی، عبدالعزیز شیخ، ارشاد علی گندرو سمیت ٹھٹھہ اور سجاول کے مختلف افراد نے ایم این اے سید ایاز علی شاہ شیرازی سے ملاقات کی اور انہیں اپنے علاقائی و عوامی مسائل سے آگاہ کیا۔ ایم این اے سید ایاز علی شاہ شیرازی نے ملاقات کے لیے آنے والے افراد کے مسائل غور سے سنے اور ان کے حل کے لیے ہرممکن تعاون اور اپنا کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل کا حل ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ملاقات کے دوران ٹھٹھہ اور سجاول کے عوام نے ایم این اے سید ایاز علی شاہ شیرازی کی جانب سے مسائل کے حل کے لیے تعاون اور یقین دہانی کرانے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

سندھ کی وحدت کے خلاف سازش کسی صورت قبول نہیں

بدین میں وکلا کا ایڈووکیٹ احسان بھرگری کی قیادت میں احتجاج، سندھ کی وحدت وسلامتی کے حق میں نعرے۔

بدین (نامہ نگار) سندھ کی وحدت کے خلاف مبینہ سازشوں اور سندھ کے عوام کے حقوق پر حملوں کے خلاف بدین بار ایسوسی ایشن کے صدر ایڈووکیٹ احسان بھرگری کی قیادت میں وکلا برادری نے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاج کے دوران وکلا نے سندھ کی وحدت، سلامتی اور حقوق کے حق میں نعرے لگائے اور کسی بھی ایسی کوشش کی بھرپور مخالفت کرنے کے عزم کا اظہار کیا جس سے سندھ کی وحدت کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بدین بار ایسوسی ایشن کے صدر ایڈووکیٹ احسان بھرگری نے کہا کہ سندھ ایک تاریخی، ثقافتی اور جغرافیائی وحدت ہے، جس کی تقسیم یا وحدت کو نقصان پہنچانے کی کوئی بھی کوشش سندھ کے عوام کے لیے ناقابلِ قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکلا برادری آئین، قانون اور سندھ کے عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر آئینی وقانونی فورم پر اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ سندھ کے عوام اپنی دھرتی اور وحدت کے تحفظ کے لیے متحد ہیں اور کسی بھی ایسی کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

کراچی چیمبر، بزنس مین گروپ نے 30 رکنی پینل کا اعلان کردیا

کراچی (اے ایف پی) ایوان صنعت وتجارت کراچی کے بی ایم جی گروپ نے 26 ستمبر کو ہونے والے انتخابات کے لیے اپنے پینل کا اعلان کردیا، اس مرتبہ پینل میں پی آئی بی ایف کو بھی نمائندگی دی گئی ہے۔ پی ائی بی ایف کے نیشنل ڈائریکٹر لائون سید عمیرالدین کو ایسوسی ایٹ کیٹگری میں شامل کیا گیا ہے۔ پیر کی شام مقامی کلب میں بی ایم جی گروپ کے ورکرز کے اجلاس میں پینل کا اعلان کیا۔

رورل ہیلتھ سینٹر میں پیرامیڈیکل اسٹاف کی جانب سے او پی ڈی کا بائیکاٹ کیا گیا

پیرامیڈیکل اسٹاف نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث تمام کرداروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) گھارو: رورل ہیلتھ سینٹر میں پیرامیڈیکل اسٹاف کی جانب سے او پی ڈی کا بائیکاٹ کیا گیا۔ اسپتال کے عملے کو مبینہ طور پر یرغمال بنانے اور اسپتال کی سرکاری عمارت وسامان میں توڑ پھوڑ کے واقعے کے خلاف پیرامیڈیکل اسٹاف نے احتجاجا آج او پی ڈی کا بائیکاٹ کیا۔ پیرامیڈیکل اسٹاف نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث تمام کرداروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور رورل ہیلتھ سینٹر کے عملے کو سیکیورٹی فراہم کرکے تحفظ یقینی بنایا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر مطالبات فوری طور پر تسلیم نہ کیے گئے اور عملے کو تحفظ فراہم نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، جس کی ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

پیپلز پارٹی عوامی حقوق کی محافظ جماعت ہے، مشتاق گلاب

شہید رانی کے مشن کی تکمیل تک عملی جدوجہد کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے جیالے اپنے کردار کی بھرپور سعی کریں گے

بیلا (نمائندہ بولان) پیپلز پارٹی عوامی حقوق کی محافظ جماعت ہے محسن لسبیلہ مرکزی رہنما وڈیرہ حسن لاسی جاموٹ اور ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی قیادت وسربراہی پر لسبیلا کے نظریاتی جیالوں کو فخر ہے ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی سینئر نائب صدر مشتاق گلاب نے اپنے ایک جاری کردہ اخباری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ لسبیلا پیپلز پارٹی کے ثابت قدم نظریاتی جیالوں کا قلعہ ہے کارکنان محسن لسبیلا وڈیرہ حسن لاسی جاموٹ اور وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی قیادت میں پارٹی کو مزید فعال ومنظم بنانے کے لیے مزید محنت کریں گے انہوں نے کہا کہ شہید رانی کے مشن کی تکمیل تک عملی جدوجہد کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے جیالے اپنے کردار کی بھرپور سعی کریں گے اور پارٹی پرچم کو بلند رکھنے میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

تحریک ختم نبوت علماء کی جدوجہد کا نتیجہ ہے، کامیابی رحمت خداوندی سے حاصل ہوئی، مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ

کراچی (این این آئی) جامعہ محمودیہ میراں ناکہ میں 7 ستمبر 1974 کی یاد میں بعد نماز مغرب "تذکرہ تحریک ختم نبوت" کے عنوان سے پروگرام منعقد کیا گیا، جس کی صدارت شیخ الحدیث جامعہ محمودیہ اور امیر جمعیت علمائے اسلام ضلع جنوبی مولانا نورالحق نے کی۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی کے امیر مولانا مفتی محمد اعجاز مصطفیٰ نے کہا کہ علماء نے جس تحریک میں حصہ لیا، اس میں کامیابی اللہ تعالیٰ کی رحمت وفضل سے حاصل ہوئی

بجلی کی لوڈشیڈنگ میں کمی اور بجلی چوری کے خلاف کارروائی کے حوالے سے اجلاس

باقاعدگی سے بل ادا کرنے والے صارفین کو لوڈشیڈنگ یا کارروائی سے متاثر نہ کرنے پر اتفاق کیا گیا

بیلا (نمائندہ بولان) اسسٹنٹ کمشنر بیلا نصیب اللہ بڑیچ کی زیر صدارت بجلی کی لوڈشیڈنگ میں کمی اور بجلی چوری کے خلاف کارروائی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا میر مبشر عزیز کھوسہ، کے الیکٹرک کے مینیجر محسن علی ابڑو، ذیشان جلیل کھوسہ اور محکمہ PHE کے محمد حنیف، ایم ایس سول ہسپتال بیلا ڈاکٹر عبدالحکیم موندرہ نے شرکت کی اجلاس میں کنڈا کنکشن کے خلاف موثر کارروائی، نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کرنے اور باقاعدگی سے بل ادا کرنے والے صارفین کو لوڈشیڈنگ یا کارروائی سے متاثر نہ کرنے پر اتفاق کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر بیلہ نے کے الیکٹرک حکام کو ہدایت کی کہ اس حوالے سے باقاعدہ پلان ترتیب دے کر کارروائی عمل میں لائی جائیا جلاس میں پی ایچ اے سمیت تمام سرکاری اداروں کے ذمے واجب الادا بجلی کے بلز اور بقایاجات بھی جلد جمع کرانے کی ہدایت کی گئی، تاکہ سرکاری اداروں کی بجلی کی فراہمی متاثر نہ ہوسکے۔

بار ایسوسی ایشن کی اپیل پر وکلا سندھ دشمن منصوبوں کے خلاف احتجاج کررہے ہیں۔

حب، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی مختلف بنیادی مراکز صحت کا مانیٹرنگ دورہ کررہے ہیں

ٹنڈو باگو میں عوامی تحریک کی عوامی بیداری ریلی

نئے کینالوں، زمینوں پر قبضوں اور دیگر سندھ دشمن منصوبوں کے خلاف احتجاج۔

بدین (نامہ نگار) عوامی تحریک کی جانب سے اعلان کردہ عوامی بیداری مہم کے سلسلے میں عوامی تحریک ٹنڈو باگو کی جانب سے سی این جی پمپ سے عوامی بیداری ریلی نکالی گئی، جو شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب چوک پہنچی، جہاں کارکنوں نے احتجاجی دھرنا دیا۔ ریلی اور دھرنے میں عوامی تحریک ضلع بدین کے صدر مہران درس، سندھیانی تحریک کی مرکزی رہنما پرھ ہالیپوٹو، بیگم زور، ایڈووکیٹ محبت ہالیپوٹو، ایڈووکیٹ فاضل زور، مختیار بکھاری، جیون کمار، سچل ہالیپوٹو، پرشوتم کولھی، ستو کولھی، سریش بھیل اور دیگر کارکنوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکا نے سندھ کی تقسیم کی مبینہ سازش، دریائے سندھ کے پانی پر مبینہ ڈاکے، جلالپور کینال سمیت نئے کینالوں اور ڈیموں کی تعمیر اور سندھ کی زمینوں پر مبینہ قبضوں کے خلاف نعرے لگائے۔ عوامی تحریک کے کارکنوں نے شہر میں دکانداروں، ریڑھی بانوں اور ہوٹلوں پر موجود شہریوں میں عوامی بیداری مہم کے ہینڈ بل بھی تقسیم کیے۔ رہنماں نے شہریوں سے اپیل کی کہ عوامی بیداری کے اس پیغام کو اپنے گھروں اور دیہات تک پہنچایا جائے تاکہ سندھ کو درپیش ممکنہ مشکلات اور بحرانوں سے بچانے کے لیے عوام کو متحد اور باشعور کیا جاسکے۔

ایف بی آر کی ٹیکس وصولی مہم کراچی کے شہریوں، تاجروں اور ٹرانسپورٹرز پر نیا معاشی حملہ ہے، ایم پی پی

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کی کراچی آرگنائزنگ کمیٹی نے ایف بی آر کی جانب سے کراچی میں ڈیجیٹل انوائسنگ اور سامان بردار گاڑیوں کی چیکنگ کے ذریعے ٹیکس وصولی مہم پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے شہریوں، تاجروں، صنعتکاروں اور ٹرانسپورٹرز پر ایک اور معاشی بوجھ قرار دیا ہے۔ کراچی آرگنائزنگ کمیٹی کے رہنماؤں نے اپنے بیان میں کہا کہ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایف بی آر کی جانب سے شہر میں کارروائیوں کے دوران متعدد گاڑیوں کو روک کر سامان کی ترسیل سے متعلق دستاویزات کی جانچ پڑتال کی گئی،

ٹنڈو باگو میں عوامی تحریک کی عوامی بیداری ریلی اور دیگر سندھ دشمن منصوبوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا ۔

بی ایس نرسنگ کالج میں اضافی وصولیوں اور بنیادی سہولیات کی کمی کی شکایات نوٹس لینے کا مطالبہ

مختلف ادوار میں طلبہ سے اضافی رقوم وصول کئے جانے کی شکایات بھی سامنے آئی ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) مکلی سول اسپتال کے بی ایس نرسنگ کالج میں اضافی وصولیوں اور بنیادی سہولیات کی کمی کی شکایات نوٹس لینے کا مطالبہ . تفصیلات کے مطابق ٹھٹھ مکلی سول اسپتال میں جاری بی ایس نرسنگ پروگرام کی سال 2026 کی نئی بیچ کے طلبا وطالبات نے مختلف مسائل کے حوالے سے شکایات کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے طلبہ کا کہنا ہے کہ نئی بیچ کا ماہانہ وظیفہ تاحال شروع نہیں کیا گیا جبکہ دوسری جانب مختلف ادوار میں طلبہ سے اضافی رقوم وصول کئے جانے کی شکایات بھی سامنے آئی ہیں طلبہ کے مطابق اساتذہ کی تنخواہوں کے نام پر 300 روپے، کوئز ٹیسٹ کے لئے 200 روپے، ایگزیمینیشن کے نام پر 250 روپے، آئی ڈی کارڈ کے لئے 600 روپے جبکہ پی این ایم سی رجسٹریشن کی مد میں 8 ہزار روپے وصول کئے جارہے ہیں اس کے علاوہ پریکٹیکل کے لئے ضروری اسٹیشنری دستیاب نہ ہونے کے باعث اس کی خریداری کے لئے بھی طلبہ سے رقم جمع کرانے کو کہا جارہا ہے طلبہ نے مزید شکایت کی کہ نرسنگ کالج میں کلاس رومز کی صورتحال بھی تسلی بخش نہیں جبکہ صاف پینے کے پانی، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی سہولیات کی کمی کے باعث انہیں مشکلات کا سامنا ہے تقریبا 100 طلبا وطالبات کے لئے مناسب تعداد میں صاف اور فعال واش رومز کی سہولت بھی ضروری قرار دی گئی ہے طلبہ کا کہنا ہے کہ اگر مختلف ادوار میں فیس یا رقوم وصول کی جارہی ہیں تو اس حوالے سے باقاعدہ سرکاری نوٹیفکیشن، منظور شدہ فیس اسٹرکچر اور اخراجات کی تفصیلات طلبہ کے سامنے واضح کی جانی چاہئیں اسی طرح نرسنگ کالج کے لئے مختص سرکاری بجٹ اور اس کے استعمال کی تفصیلات بھی شفاف انداز میں سامنے لائی جائیں طلبہ نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر سرکاری بجٹ میں اساتذہ کی تنخواہوں پریکٹیکل سامان اور بنیادی سہولیات کے اخراجات شامل ہیں تو پھر انہی مدات کے نام پر طلبہ سے اضافی رقم وصول کرنے کی ضرورت کیوں پیش آرہی ہے خصوصا انگلش مضمون کے استاد کی تنخواہ کے نام پر وصول کئے جانے والے 300 روپے کے حوالے سے بھی طلبہ نے مطالبہ کیا ہے کہ واضح کیا جائے کہ یہ رقم کسی باقاعدہ سرکاری اجازت یا نوٹیفکیشن کے تحت وصول کی جارہی ہے یا نہیں طلبا وطالبات نے متعلقہ محکمہ صحت اور دیگر اعلی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شکایات کا غیرجانبدارانہ اور شفاف جائزہ لیا جائے طلبہ سے وصول کی گئی تمام رقوم سرکاری بجٹ اور اس کے اخراجات کا مکمل ریکارڈ سامنے لایا جائے اور نرسنگ کالج میں بنیادی سہولیات کی فوری فراہمی یقینی بنائی جائے طلبہ کا کہنا ہے کہ نرسنگ کی تعلیم حاصل کرنے والے نوجوان ملک کے مستقبل کے طبی شعبے کا اہم حصہ ہیں اس لئے انہیں بہتر تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات فراہم کرنا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔

پاکستان ہماری ریڈ لائن ہے، قومی وحدت، ملکی سلامتی اور آئینی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈاکٹر عشرت العباد

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ، نشانِ امتیاز اور میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کے روحِ رواں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ پاکستان ہماری ریڈ لائن ہے، قومی وحدت، ملکی سلامتی اور آئینی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، لسانی تعصب، قوم پرستی اور نفرت کی سیاست ملک کے مفاد میں نہیں، قومی معاملات میں عوامی رائے کو بنیادی اہمیت دی جانی چاہیے۔ وہ میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کی ایڈوائزری کونسل، مرکزی کمیٹی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔

کراچی میں کانسٹیبل کو شہید کرنے والا مبینہ ڈاکو پولیس مقابلے میں ہلاک

کراچی (این این آئی) کورنگی صنعتی ایریا میں ملیر ندی کے قریب پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا جبکہ اس کا ساتھی موٹر سائیکل پر فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ضلع کورنگی کی شاہین فورس نے تھانہ کورنگی صنعتی ایریا کی حدود میں کازوے روڈ، ملیر ندی کے قریب مشتبہ ملزمان کی موجودگی پر کارروائی کی۔

میونسپل کمیٹی بیلا احسن اقدام عوامی حلقوں کا اظہار مسرت

چیئرمین نے ارشد حسین زہری سے رابطہ کرکے پل کی خستہ حالی اور گڑھے سے پیدا ہونے والے خطرے سے آگاہ کیا،

بیلا (نمائندہ بولان) میونسپل کمیٹی بیلا احسن اقدام عوامی حلقوں کا اظہار مسرت تفصیل کے مطابق میونسپل کمیٹی بیلہ کی حدود میں بیلہ بازار تا کراچی روڈ پر واقع چھوٹے پل پر گڑھا پڑنے کے باعث کسی بھی ممکنہ حادثے کا خدشہ پیدا ہوگیا تھا۔ عوامی شکایت پر چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا میر مبشر عزیز اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ نے فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس (C&W) سے رابطہ کیا چیئرمین اور وائس چیئرمین نے ایکسین) روڈز (ارشد حسین زہری سے رابطہ کرکے پل کی خستہ حالی اور گڑھے سے پیدا ہونے والے خطرے سے آگاہ کیا، جس پر ایکسین) روڈز (ارشد حسین زہری نے فوری کارروائی کرتے ہوئے پل کی مرمت کا کام شروع کروا دیا۔ چیئرمین میر مبشر عزیز اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ نے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ میونسپل کمیٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

کراچی میں مختلف پولیس مقابلے، 2 ڈاکو ہلاک، 3 زخمی گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان ہونے والے مقابلوں میں 2 ملزمان ہلاک جبکہ 3 زخمی حالت میں گرفتار کرلیے گئے، جبکہ 2 ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق گرفتار اور ہلاک ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل سمیت دیگر سامان برآمد ہوا ہے۔

چچ می ٹرافی انڈر 15- انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ

زون چھ کی مسلسل دوسری جبکہ زون ایک بلوز اور زون سات بلوز کی بھی کامیابی

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے جاری آر سی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے چچ می ٹرافی انڈر 15- انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ میں گزشتہ روز مزید تین میچز کا فیصلہ ہوگیا۔ نیا ناظم آباد جیمخانہ گراؤنڈ پر کھیلے گئے پہلے میچ میں زون چھ وائٹس نے زون چار بلوز کو 240 رنز سے شکست دے کر مسلسل دوسری کامیابی حاصل کرلی۔ زون چھ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں کے نقصان پر 359 رنز بنائے۔ آلیش ملک اور فیصل قربان نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسری وکٹ کی شراکت میں 306 رنز کا اضافہ کیا۔ آلیش ملک نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 17 چوکوں 7 چھکوں کی مدد سے 170، فیصل قربان نے 15 چوکوں 4 چھکوں کی مدد سے 136 رنز بنائے۔ جواب میں زون چار بلوز 119 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ ابوبکر نے 34 اور عبداللہ خان نے 32 رنز بنائے۔ خزیمہ نے 33 رنز دیکر 3 جبکہ آلیش ملک نے 3 اور انس آفریدی نے 31 رنز دیکر 2-2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ ٹی ایم سی گراؤنڈ پر کھیلے گئے دوسرے میچ میں زون ایک بلوز نے زون چار گرین کو 3 وکٹوں سے ہرا دیا۔ زون چار گرین پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 75 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی

رکنی، اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی ویٹرنری ڈاکٹر سعید احمد کے ہمراہ گوشت مارکیٹ کا معائنہ کررہے ہیں

حب۔ جمعیت علماء اسلام حب سٹی کے مجلس عمومی کے اجلاس سے مرکزی نائب امیر سائیں غلام قادر قاسمی، مولانا شاہ محمد صدیقی، مفتی عبدالولی، مفتی شکیل نور محمد شہی، امیر محمد کاکڑ، سائیں عبدالکریم ترمزی زاکر مراد اور دیگر خطاب کررہے ہیں

بچوں کے تحفظ اور انسانی حقوق کے حوالے سے ڈی سی بدین یاسر بھٹی کی زیر صدارت اجلاس

اجلاس کے دوران بچوں پر تشدد، جبری مشقت، استحصال، تعلیم تک رسائی، صحت اور تحفظ سے متعلق موجودہ صورتحال پر غور کیا گیا،

بدین (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر بدین یاسر بھٹی کی زیر صدارت ڈی سی آفس کے کمیٹی روم میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی آف چائلڈ پروٹیکشن اور ڈسٹرکٹ ہیومن رائٹس کمیٹی کے الگ الگ اجلاس منعقد ہوئے، جن میں بچوں کے تحفظ، انسانی حقوق کی پاسداری، عوامی شکایات کے ازالے اور کمزور طبقات کے حقوق کے تحفظ سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی آف چائلڈ پروٹیکشن کے اجلاس کے دوران بچوں پر تشدد، جبری مشقت، استحصال، تعلیم تک رسائی، صحت اور تحفظ سے متعلق موجودہ صورتحال پر غور کیا گیا، جبکہ متعلقہ اداروں کی جانب سے بچوں کے تحفظ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں بریفنگ بھی دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر یاسر بھٹی نے کہا کہ بچے معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کے تحفظ، تعلیم اور صحت کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کیا جائے اور کسی بھی بچے کے ساتھ ناانصافی، تشدد یا استحصال کی صورت میں فوری قانونی وانتظامی کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی سطح پر چائلڈ پروٹیکشن نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مختلف محکموں کے درمیان رابطے اور تعاون کو مضبوط کیا جائے گا، جبکہ بچوں کے تحفظ کے حوالے سے عوام میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے بھی مؤثر مہم چلائی جائے گی۔ اجلاس میں بچوں کے تحفظ سے متعلق کیسز کی نگرانی، بروقت رپورٹنگ اور متاثرہ بچوں کو مطلوبہ سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اہم فیصلے بھی کیے گئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر چائلڈ پروٹیکشن دین محمد ڈیرو نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بچوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے صوبے میں چائلڈ پروٹیکشن اتھارٹی قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کم عمری کی شادی قانونی طور پر جرم ہے اور اس میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی، جبکہ بچوں کے ساتھ کسی بھی قسم کی جسمانی، ذہنی یا جنسی زیادتی بھی قانونی طور پر قابلِ سزا جرم ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ تعلیمی اداروں پر لازم ہے کہ بچوں کے لیے محفوظ ماحول فراہم کریں اور چائلڈ پروٹیکشن پالیسی پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ ہنگامی صورتحال یا شکایت کی صورت میں ہیلپ لائن 1121 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے دوسری جانب ڈسٹرکٹ ہیومن رائٹس کمیٹی کے اجلاس میں انسانی حقوق کے تحفظ، عوامی شکایات کے ازالے اور مختلف سرکاری اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔

سب رجسٹرار امجد بھٹو نے زمینوں کی رجسٹری اور رشوت سے متعلق الزامات کو بے بنیاد قرار دے دیا

دفتر میں آنے والے افراد کے کاغذات کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد قانون اور میرٹ کے مطابق جائز کام کیے جاتے ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) سب رجسٹرار امجد بھٹو نے زمینوں کی رجسٹری اور رشوت سے متعلق الزامات کو بے بنیاد قرار دے دیا سب رجسٹرار ٹھٹھہ امجد بھٹو نے زمینوں کے کھاتوں کی رجسٹری اور کھاتے منتقل کرنے کے معاملے میں رشوت اور جعلسازی کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ دفتر میں آنے والے افراد کے کاغذات کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد قانون اور میرٹ کے مطابق جائز کام کیے جاتے ہیں، جبکہ رشوت لے کر جعلسازی کرنے کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں۔ امجد بھٹو نے کہا کہ ان پر غلط اور بے بنیاد الزامات عائد کرنے والے بعض مفاد پرست عناصر دراصل اپنے ذاتی اور غیرقانونی کام کروانا چاہتے ہیں۔ ان کے مطالبات پورے نہ کرنے پر انہیں ہراساں کرنے اور ان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب ای رجسٹریشن کا جدید نظام شروع ہوچکا ہے، جس میں کسی بھی جعلی یا غلط دستاویز کے شامل ہونے کی صورت میں وہ خودکار طور پر مسترد ہوجاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بعض مفاد پرست افراد اپنے مقاصد حاصل کرنے کے لیے بلاجواز الزامات لگا رہے ہیں، جن میں کوئی صداقت نہیں سب رجسٹرار امجد بھٹو نے 100 ایکڑ زمین صرف 90 لاکھ روپے رشوت کے عوض دینے سے متعلق زیرِ گردش الزام کو بھی بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا

جاپانی کمپنی کا پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے امکانات کا جائزہ لینے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معدنی شعبے میں غیرملکی سرمایہ کاری کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جاپان کی معروف کمپنی سومیٹومو کارپوریشن نے پاکستان کے معدنی ذخائر اور نئے منصوبوں میں سرمایہ کاری کے امکانات کا جائزہ لینے پر آمادگی ظاہر کردی۔ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی مؤثر سہولت کاری کے نتیجے میں سامنے آنے والی اس پیش رفت کو پاکستان کے معدنی شعبے میں غیرملکی سرمایہ کاری کے فروغ کی جانب اہم قدم قرار دیا جارہا ہے۔

گورنمنٹ بوائز مڈل سکول چوکی جمالی جدید دور میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم

بچوں کے لیے مناسب واش رومز اور پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی سہولیات کی فراہمی انتہائی ضروری ہے

گنداخہ (نورحسن جمالی) گنداخہ کے علاقے میں قائم گورنمنٹ بوائز مڈل سکول چوکی جمالی جدید دور میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے، جس کے باعث زیرِ تعلیم طلبہ اور اساتذہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ 1969 میں پرائمری سکول کی حیثیت سے قائم ہونے والے اس تعلیمی ادارے کو 2013 میں مڈل سکول کا درجہ تو دے دیا گیا، تاہم مڈل کا درجہ ملنے کے باوجود آج تک سکول میں اضافی کلاس رومز، چار دیواری، واش رومز، پینے کے صاف پانی سمیت دیگر بنیادی سہولیات فراہم نہیں کی جاسکیں۔ گورنمنٹ بوائز مڈل سکول چوکی جمالی کے ہیڈ ماسٹر استاد طالب حسین جمالی اور اہل علاقہ نے گنداخہ پریس کلب سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ سکول میں اس وقت ایک سو سے زائد بچے زیرِ تعلیم ہیں، مگر ضروری سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث طلبہ کو تعلیم کے حصول میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ محدود عمارت اور صرف دو کمروں کے باعث تدریسی عمل بھی متاثر ہورہا ہے، جبکہ چار دیواری نہ ہونے کی وجہ سے اساتذہ اور طلبا کو شدید پریشانی کا سامنا ہے جبکہ موجودہ 2 کلاس روم کی عمارت بھی خستہ حال اور کمزور ہوچکی ہے کمروں کو جگہ جگہ دراڑیں بھی پڑ چکی ہیں

سرجانی ٹاؤن میں کمسن بچی کی لاش ملنے کا معمہ حل، چچا گرفتار

کراچی (این این آئی) سرجانی ٹاؤن سیکٹر 7 بی میں گھر کی پانی کی ٹنکی سے ڈھائی ماہ کی کمسن بچی کی لاش ملنے کے واقعے کا معمہ حل ہونے کا پولیس نے دعویٰ کرتے ہوئے بچی کے چچا کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق منگل کی صبح سرجانی ٹاؤن سیکٹر 7 بی میں ایک گھر کی پانی کی ٹنکی سے ڈھائی ماہ کی بچی نور فاطمہ کی لاش ملی تھی۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس نے بچی کے والدین سمیت دیگر افراد سے تفتیش شروع کی،

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
جمعہ 11 ستمبر 2026، بمطابق 28 ربیع الاول 1448ھ

فلسطین لبنان کے مسلمانوں کو مصیبت میں تنہا نہیں چھوڑیں گے، وزیراعظم

غزہ، فلسطین اور لبنان میں نہتے مسلمان بہن بھائیوں کیلئے جلد مزید 3 ہزار خیمے، 12 ہزار کمبل بھیجے جائیں گے، شہباز شریف

اسرائیل کا فلسطینیوں تک امداد میں رکاوٹ پیدا کرنا تشویشناک، قابل مذمت، عالمی قوتیں اسرائیل کو نہتے لوگوں کی نسل کشی سے فوراً روکیں، مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستانی عوام بالخصوص صاحب ثروت افراد سے صیہونی ظلم واستبداد کے شکار نہتے فلسطینیوں اور لبنانیوں کی مدد کیلئے قائم امدادی فنڈ میں بڑھ چڑھ کر عطیات جمع کرانے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان موسم سرما کیلئے غزہ، فلسطین اور لبنان میں نہتے مسلمان بہن بھائیوں کیلئے جلد مزید 3 ہزار خیمے اور 12 ہزار کمبل بھیجے گا جبکہ 8 اکتوبر 2023 سے اب تک امدادی اشیا کے 12 کارگوز فلسطین اور لبنان بھیجے جا چکے ہیں جن میں 3145 خیمے، 12625 کمبل سمیت اشیا خورونوش، خشک دودھ اور ادویات شامل ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت غزہ، فلسطین اور لبنان میں پاکستان کی جانب سے بھیجی جانے والی امداد کے حوالے سے جائزہ اجلاس جمعہ کو منعقد ہوا۔ اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزرا احسن اقبال، احد خان چیمہ، عطا اللہ تارڑ، مشیر وزیر اعظم رانا ثنا اللہ، معاون خصوصی طارق فاطمی، چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن، چیئرمین این ڈی ایم اے اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ فلسطین، غزہ اور لبنان کے مسلمانوں کو مصیبت میں اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔ وزیراعظم نے حکومتی اقدامات کے ساتھ ساتھ عوام سے بھی اپنے فلسطینی بہن بھائیوں کی مدد کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ صیہونی ظلم واستبداد کے شکار نہتے فلسطینیوں اور لبنانیوں کی مدد کیلئے حکومت پاکستان نے امدادی فنڈ قائم کر دیا ہے۔ وزیراعظم نے اپیل کی کہ پاکستانی عوام بالخصوص صاحب ثروت افراد بڑھ چڑھ کر اس فنڈ میں عطیات جمع کروائیں، پاکستان اور ملک سے باہر مقیم پاکستانی IBAN:PK11SBPD0000001111114292 Raast ID: 01111114292 میں عطیات جمع کروا کر اپنے فلسطینی اور لبنانی بہن بھائیوں کی مدد میں حکومت کا ساتھ دیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان موسم سرما کیلئے فلسطین، غزہ اور لبنان میں اسرائیلی ظلم و جارحیت کے شکار مسلمان بہن بھائیوں کیلئے مزید خیمے اور کمبل بھیجے گا، پاکستان فلسطین اور لبنان میں نہتے مسلمان بہن بھائیوں کیلئے جلد مزید 3 ہزار خیمے اور 12 ہزار کمبل بھیجے گا۔ وزیراعظم نے ہمسایہ ممالک میں پاکستان کے سفیروں کو خیموں اور کمبلوں کی درکار تعداد کے حوالے سے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اسرائیلی ظلم و جبر کے شکار مسلمان بہن بھائیوں کیلئے اشیا خورونوش اور ادویات بھی بھیج رہا ہے، اسرائیل کا فلسطینیوں تک امداد میں رکاوٹ پیدا کرنا تشویشناک اور قابل مذمت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ فلسطینیوں و لبنانیوں کی مدد کیلئے حکومتی کوششوں میں تعاون کرنے والی این جی اوز کا کردار بھی قابل ستائش ہے، فلسطین اور لبنان کے ہمسایہ ممالک بشمول مصر، عمان، شام میں پاکستانی سفرا پاکستان کی جانب سے بھیجی جانے والی اشیا کی ترسیل کو تیز اور یقینی بنانے میں اپنا موثر کردار ادا کریں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دن بدن بڑھتی ہوئی اسرائیلی جارحیت پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے رہی ہے، عالمی قوتیں اسرائیل کو نہتے لوگوں کی نسل کشی سے فورا روکیں، تاریخ گواہ ہے کہ بیسویں صدی میں عالمی جنگوں کی بڑی وجہ عالمی قوتوں کی جانب سے ایسے تنازعات پر خاموشی تھی۔

سندھ حکومت کا تمام سرکاری اداروں کی رہائشی کالونیوں میں بجلی کے میٹرز لگانے کا فیصلہ

فنانس کمیٹی اجلاس میں کے الیکٹرک کے واجبات دینے اور متعدد دیگر منصوبوں کی منظوری شامل

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر توانائی، ترقیات ومنصوبہ بندی سید ناصر حسین شاہ اور وزیر بلدیات سعید غنی کی زیرصدارت کیبنیٹ کی سب کمیٹی برائے فنانس کا اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں مختلف محکموں کے مالی معاملات سمیت کے الیکٹرک کے واجبات کے حوالے سے بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں دونوں صوبائی وزرا نے متفقہ طور پر اسٹیٹ لائف بلڈنگ میں واقع لیبر ڈیپارٹمنٹ دفتر کے پانی اور بجلی کے واجبات کی مد میں رقم کی منظوری دی

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

انسانی حقوق پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، سینیٹر ثمینہ ممتاز

پمز سانحہ کے ذمہ دار عناصر کا بلاامتیاز تعین کر کے ان کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام یقینی بنائی جا سکے

انسانی حقوق کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، کسی بھی ادارے میں غفلت، لاپرواہی یا اختیارات کے غلط استعمال کو برداشت نہیں کیا جائے گا

اسلام آباد: (بولان بیورو) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کے اجلاس میں پی ایمز سانحہ کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، چیئرپرسن کمیٹی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی ایمز رانا عمران سکندر کی کارکردگی پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے انسانی جانوں کے تحفظ میں غفلت اور کوتاہی پر سخت مؤقف اختیار کیا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے واضح کیا کہ انسانی جانوں اور بنیادی انسانی حقوق پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، سانحہ کے ذمہ دار عناصر کا بلاامتیاز تعین کر کے ان کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام یقینی بنائی جا سکے۔ چیئرپرسن انسانی حقوق کمیٹی نے معطل افسران کے خلاف مزید سخت اقدامات کی سفارش کرتے ہوئے ان کی جائیدادیں ضبط کرنے کے ساتھ ساتھ نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ای سی ایل) اور پاسپورٹ کنٹرول لسٹ (پی سی ایل) میں شامل کرنے کی بھی سفارش کی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ انسانی حقوق کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، کسی بھی ادارے میں غفلت، لاپرواہی یا اختیارات کے غلط استعمال کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کو انصاف کی فراہمی اور ذمہ داران کا احتساب یقینی بنانا ہوگا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ وہ ہر شہری کے بنیادی حقوق، انصاف اور قانون کی بالادستی کے لیے اپنی آواز بھرپور انداز میں بلند کرتی رہیں گی اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر کسی قسم کی مصلحت یا دباؤ قبول نہیں کیا جائے گا۔

پی ٹی آئی کا مقابلہ کرنا ہے تو سیاسی میدان میں آئیں، بیرسٹر سیف

آج عوام جعلی حکمرانوں کے ظلم وستم کے خلاف بھرپور احتجاج کر رہے ہیں، عمران خان اور تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی تک احتجاج کرتے رہیں گے

جمہوریت کی دعویدار پیپلز پارٹی ن لیگ کے ساتھ مل کر بھٹو کے نظریئے کے خلاف جا رہی ہے، ریاستی جبر کے بعد اب آئینی ترمیم سے پی ٹی آئی کو دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے

پشاور (اے ایف بی) مشیر اطلاعات خیبرپختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ آئینی ترمیم سے پی ٹی آئی کو دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اپنے بیان میں بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ آج عوام جعلی حکمرانوں کے ظلم وستم کے خلاف بھرپور احتجاج کر رہے ہیں، عمران خان اور تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی تک احتجاج کرتے رہیں گے، جمہوریت کی دعویدار پیپلز پارٹی ن لیگ کے ساتھ مل کر بھٹو کے نظریئے کے خلاف جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی جبر کے بعد اب آئینی ترمیم سے پی ٹی آئی کو دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے، بغض میں اندھے حکمران ملک کو ہر طرح کا نقصان پہنچا رہے ہیں، پاکستانی عوام اپنے قائد کی ناحق قید (نے کہا کہ وکاش یادیو کو احکامات بھارت کی قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوول نے دیے تھے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی اٹارنی ڈیمین ویلیمز نے کہا کہ امریکی شہری کو امریکی سرزمین پر قتل کرنے کی ناکام سازش پر پچھلے سال انڈین امریکن نکھل گپتا پر الزام عائد کیا گیا تھا مگر وہ تنہا نہیں تھا۔ امریکی اٹارنی کے مطابق بھارتی حکومت کے ملازم وکاش یادیو نے سازش کا منصوبہ بھارت میں بیٹھ کر بنایا تھا، اسی نے گپتا کو احکامات دیے تھے کہ پنوں کو قتل کرنے کے لیے اجرتی قاتل بھرتی کیا جائے۔ واضح رہے کہ چیک ریپبلک سے گرفتار نکھل گپتا پر پہلے ہی فرد جرم عائد کی جا چکی ہے۔

ٹرمپ کے مقابل اپنی اہلیہ کی شکست پر دو سال تک سو نہیں سکا، بل کلنٹن

کومی نے ہنری کلنٹن کی ذاتی ای میلوں کی تحقیقات کی تھیں جس کا انتخابات کے نتائج پر اثر پڑا، کتاب سے اقتباس

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے ایک سابق صدر بل کلنٹن نے انکشاف کیا ہے کہ 2016 کے صدارتی انتخابات میں ری پبلکن امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ کے مقابل اپنی اہلیہ ہیلری کلنٹن کی شکست کے بعد وہ دو سال تک سو نہیں سکے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رواں ماہ منظر عام پر آنے والی یادداشتوں میں انھوں نے یہ بھی اعتراف کیا کہ ان کا موڈ ہمیشہ خراب رہتا تھا۔ کلنٹن نے اپنی یادداشتوں پر مشتمل کتاب My Life After the White House میں لکھا ہے کہ میرے لیے یہ سب تحریر کرنا مشکل ہے، میں انتخابات کے بعد دو برس تک سو نہیں سکا۔ وہ یہ بھی لکھتے ہیں کہ میں انتہائی غصے میں تھا، میں ان تمام لوگوں سے معذرت چاہتا ہوں جنھوں نے میرے غصے کا سامنا کیا۔ یہ حالت کئی برس جاری رہی اور اس نے ان لوگوں کو پریشان کیا جو یہ سمجھتے تھے کہ ایسی چیزوں کو دوبارہ ترتیب دینا بے فائدہ ہے جن کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ بل کلنٹن نے اپنی کتاب میں 2016 کے صدارتی انتخابات کو ممکنہ طور پر امریکا کی تاریخ کے تاریک ترین انتخابات قرار دیا۔ کلنٹن ابھی تک روس کی جانب سے گمراہ کن معلومات اور اس وقت ایف بی آئی کے ڈائریکٹر جیمز کومی کی ملامت کرتے ہیں۔ کومی نے ہنری کلنٹن کی ذاتی ای میلوں کی تحقیقات کی تھیں جس کا انتخابات کے نتائج پر اثر پڑا۔

رکن قومی اسمبلی سہیل سلطان کیخلاف نااہلی کارروائی معطل، الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری

پشاور (انٹرنیوز) پشاور ہائیکورٹ نے ممبر قومی اسمبلی سہیل سلطان کیخلاف نااہلی کی کارروائی معطل کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کر دیا۔ پشاور ہائی کورٹ میں چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے این اے 4 سوات سے ممبر قومی اسمبلی سہیل سلطان کی نااہلی سے متعلق کارروائی کیخلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اپنایا کہ درخواست گزار ممبر قومی اسمبلی ہیں، الیکشن کمیشن نے ان کیخلاف نااہلی کی کارروائی شروع کر دی ہے، سپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے الیکشن کمیشن کو بھیجے گئے

مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس، پرائس کنٹرول کیلئے نیا ادارہ قائم

وزیراعلیٰ مریم نواز کا امپورٹڈ پام آئل پر انحصار کم کرنے کیلئے سن فلاور، سویابین اور کینولا کی کاشت بڑھانے کیلئے ضروری اقدامات کا حکم

مارکیٹ کے نرخ میں استحکام کیلئے فورکاسٹ بلیٹن جاری، ایس ایم یو کے تحت پرائس کنٹرول کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس استعمال کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے کے وعدے کی تکمیل کی طرف اہم پیشرفت کرتے ہوئے صوبے میں پرائس کنٹرول یقینی بنانے کے لئے نیا ادارہ قائم کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں پرائس کنٹرول یقینی بنانے کے میکنزم اور دیگر امور کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چھ ماہ میں سپیشل مانیٹرنگ یونٹ کو مکمل فعال کرنے کی ہدایت کی اور عالمی معیار کے مطابق نئے پرائس کنٹرول میکنزم کی منظوری دے دی۔ اجلاس میں گندم اور دیگر اجناس کی پیداوار، دستیابی اور دیگر امور کے تحت نرخ مقرر کرنے کی تجاویز پر غور کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس میں امپورٹڈ پام آئل پر انحصار کم کرنے کے لئے سن فلاور، سویابین اور کینولا کی کاشت بڑھانے کیلئے ضروری اقدامات کا حکم دیا اور ہر شہر میں ٹماٹر، پیاز اور دیگر ضروریات پوری کرنے کے لئے مقامی کاشت بڑھانے پر زور دیا گیا۔ مارکیٹ کے نرخ میں استحکام کے لئے فورکاسٹ بلیٹن جاری کرنے اور ایس ایم یو کے تحت پرائس کنٹرول کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس استعمال کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

جماعت اسلامی ملک کی واحد جمہوری جماعت، دیگر پارٹیاں خاندانی انٹرپرائز ہیں' امیر العظیم

عوام کی تائید سے اقتدار میں آ کر پورے ملک میں عدل وانصاف اور احتساب کا نظام قائم کریں گے' سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی امیر العظیم نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ملک کی واحد جمہوری جماعت ہے دیگر پارٹیاں خاندانی انٹرپرائز ہیں، جماعت اسلامی میں احتساب کا کڑا نظام رائج ہے، عوام کی تائید سے اقتدار میں آ کر پورے ملک میں عدل و انصاف اور احتساب کا نظام قائم کریں گے۔ جو شخص جماعت اسلامی کا ممبر بنتا ہے وہ کسی فرد کے ہاتھ پر بیعت نہیں کرتا بلکہ اللہ اور اس کے رسولؐ کے دیے گئے نظام کی تابعداری کا حلف اٹھاتا ہے اور اسے رائج کرنے کے لیے جدوجہد کرتا ہے۔ منصورہ میں نومنتخب امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی عوام کو حق دو تحریک جاری ہے، حکومت سے راولپنڈی معاہدے پر عمل درآمد کرائیں گے، ممبر شپ کمپین 31 اکتوبر تک جاری رہے گی۔ حکمران عوام کو سستی بجلی فراہم کریں،

سندھ میں ضمنی بلدیاتی انتخابات کے لیے امیدواروں کے کاغذات کی جانچ پڑتال مکمل

کراچی (این این آئی) سندھ کے 26 اضلاع میں 76 بلدیاتی نشستوں کے ضمنی انتخابات کے لیے امیدواروں کے کاغذات کی جانچ پڑتال کا مرحلہ مکمل ہوگیا، 440 نامزدگی فارم میں سے 388 درست قرار دیے گئے جبکہ 52 کو مسترد کر دیا گیا، 5 اضلاع کے 10 امیدوار بلامقابلہ کامیاب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق صوبہ سندھ کے 26 اضلاع میں بلدیاتی ضمنی انتخابات کے لیے ریٹرننگ افسران کے جاری کردہ فارم 7 کے مطابق مجموعی طور پر 440 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے

ہنرمند اور نیم ہنرمند افرادی قوت کو باہر بھجوانے کیلئے ترجیحی اقدامات کئے جا رہے ہیں، چوہدری سالک حسین

نرسوں کو باہر بھیجنے کیلئے دسمبر میں بین الاقوامی معیار کا امتحان ہو رہا ہے، وفاقی وزیر کا قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ ہنرمند اور نیم ہنرمند افرادی قوت کو باہر بھجوانے کیلئے ترجیحی اقدامات کئے جا رہے ہیں، نرسوں کو باہر بھیجنے کیلئے دسمبر میں ملک میں پہلی بار بین الاقوامی معیار کا امتحان ہو رہا ہے جس میں 100 نرسز شامل ہوں گی۔ جمعرات کو قومی اسمبلی میں سید مصطفیٰ کمال اور دیگر ارکان کے سوال پر وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز چوہدری سالک حسین نے بتایا کہ متعدد ممالک سے افرادی قوت کی طلب آئی ہے، نرسوں کے حوالہ سے پاکستان میں عالمی امتحان کا پہلی بار دسمبر میں انعقاد ہو رہا ہے جس میں 100 نرسز شرکت کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ ہنرمند یا نیم ہنرمند افرادی قوت کو پاکستان سے باہر بھیجا جائے۔ وزیراعظم نے سکل ڈویلپمنٹ کے حوالہ سے دو وزارتوں پر مشتمل کمیٹی بنائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر طلب غیر ہنرمند افرادی قوت کی آ رہی ہے اور ہم خود ممالک کو اب ہنرمند اور نیم ہنرمند افرادی قوت کی پیشکش کر رہے ہیں۔

ملک کا 5 فیصد امیر ترین طبقہ ٹیکس ادا نہیں کر رہا، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے کہا ہے کہ ملک کے 5 فیصد امیر ترین افراد بھی ٹیکس ادا نہیں کر رہے۔ ایف پی سی سی آئی سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے شرح سود میں مزید 150 سے 200 بیسس پوائنٹس کمی کی امید ہے

بی این پی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ موسیٰ بلوچ ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سپریم کورٹ کا ڈیم فنڈ کی رقم حکومتی اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کا فیصلہ

عدالت عظمیٰ کے فیصلے میں ڈیمز فنڈ کی منتقلی کے لیے حکومت کے پبلک اکاؤنٹ کا ذیلی اکاؤنٹ بھی کھولنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے عدالت عظمیٰ کے ڈیمز فنڈ اکاؤنٹ میں موجود رقم کو حکومتی پبلک اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ جمعرات کو سپریم کورٹ نے دیامیر بھاشا ڈیم فنڈ کیس کی 9 اکتوبر کی سماعت کا تحریری حکمنامہ جاری کر دیا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی جانب سے تحریر کردہ حکم نامے میں ڈیمز فنڈ میں موجود رقم حکومت کے پبلک اکاؤنٹ میں منتقلی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ عدالت عظمیٰ کی جانب سے تحریری فیصلے میں حکومت کو ایسے اقدامات کرنے کا حکم دیا گیا ہے جس سے نجی بینکوں سے ڈیمز فنڈ کی رقم پر مارک اپ حاصل کیا جا سکے۔ سپریم کورٹ نے ڈیمز فنڈ میں موجود رقم وفاقی حکومت کے پبلک اکاؤنٹ میں منتقل کرنے اور عدالت میں قائم اکاؤنٹ کو بند کرنے کا حکم جاری کیا ہے، عدالت عظمیٰ کے فیصلے میں ڈیمز فنڈ کی منتقلی کے لیے حکومت کے پبلک اکاؤنٹ کا ذیلی اکاؤنٹ بھی کھولنے کا حکم دیا گیا ہے۔ عدالت عظمیٰ کی جانب سے کہا گیا کہ ڈیمز کی تعمیر کے لیے جب بھی رقم درکار ہو تو متعلقہ اکاؤنٹ سے استعمال کی جا سکتی ہے، ڈیمز فنڈ کیس میں دائر تمام درخواستیں نمٹائی جاتی ہیں۔ حکم نامے میں کہا گیا کہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے سپریم کورٹ کے پاس ڈیم فنڈز کا پیسہ رکھنے کو غلط قرار دیا تھا اور عدالت میں جمع ڈیم فنڈز کا پیسہ حکومت کے اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کا کہا گیا تھا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ 9 جنوری 2019 کو 5 ججز پر مشتمل عملدرآمد بینچ بنایا گیا، عملدرآمد بینچ میں جسٹس عظمت سعید، جسٹس عمر عطا بندیال، جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس فیصل عرب شامل تھے۔ ریکارڈ کے مطابق عملدرآمد بینچ نے واپڈا کی کسی رپورٹ کی جانچ پڑتال نہیں کی اور نہ ہی کوئی کام کیا، ایک کے علاوہ عملدرآمد بینچ کے تمام ججز ریٹائر ہو چکے

نصیر آباد، کمشنر معین الرحمان خان کو انسداد پولیو مہم کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

ملک بھر میں سوشل میڈیا سروسز سست روی کا شکار

عام صارفین، آن لائن کاروبار، بیرون ممالک آئی ٹی کی سروسز دینے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا

اسلام آباد / لاہور / کراچی / پشاور (این این آئی) ملک بھر میں سوشل میڈیا سروسز ایک بار پھر سست روی کا شکار رہیں جس کے باعث صارفین کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا، آن لائن کاروبار، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور بیرون ممالک آئی ٹی کی سروسز دینے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں سوشل میڈیا پلیٹ فارمز بشمول واٹس ایپ، فیس بک، انسٹاگرام اور ٹک ٹاک کی سروسز معطل یا سست روی کا شکار رہیں جس کی وجہ سے صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ہفتہ کی رات سے ہی تمام سوشل میڈیا پلیٹ فارمز تعطل کا شکار ہیں جس سے پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ اور گوگل سروسز کو اپنے معمول کے آپریشنز انجام دینے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ صارفین کو صارفین کو تصاویر، وائس نوٹ اور ویڈیوز اپ لوڈنگ اور ڈاؤن لوڈنگ میں مشکلات کا سامنا رہا، صارفین وی پی اینز کے ذریعے سوشل میڈیا اپلی کیشنز استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ متعدد شہروں میں وی پی این کے ذریعے بھی صارفین کو سوشل میڈیا سروس تک رسائی مشکلات کا سامنا ہے۔ دوسری جانب آن لائن کاروبار کرنے والوں خصوصاً بیرون ممالک آئی ٹی کی سروسز دینے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

شام میں استحکام کے لیے ترکیہ، روس، ایران کی مشاورت

ایرانی وزیر خارجہ پیر کو ترکیہ کا دورہ کریں گے، ذرائع ترک وزارت خارجہ

ماسکو (این این آئی) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروو نے حلب، ادلب اور حما پر ھیئۃ تحریر الشام کے حملے کے بعد شام میں ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے اپنے ترک اور ایرانی ہم منصبوں کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لاوروو نے ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے شام کی صورتحال اور آستانہ امن عمل پر تبادلہ خیال کیا۔ روسی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ فریقین نے حلب اور ادلب صوبوں میں فوجی کشیدگی کے حوالے سے شام کی صورت حال کی خطرناک پیش رفت پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا۔ وزارت نے مزید کہا کہ دونوں وزرا نے شام میں استحکام برقرار رکھنے کے لیے مشترکہ کوششوں کو مربوط کرنے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے ہفتے کے روز اطلاع دی ہے

پارلیمانی سیکرٹریز میر محمد خان لہڑی اور میر عبدالصمد خان گورگیج ملاقات کر رہے ہیں

علما کرام کی آئینی اصلاحات اور نظام عدل میں تبدیلی کی تائید

مضبوط، خوش حال اور پرامن پاکستان کیلئے نظام عدل کا درست ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے، علامہ ابوبکر قاسمی

اسلام آباد (این این آئی) علما کرام نے آئینی اصلاحات اور نظام عدل میں تبدیلی کی تائید کر دی۔ سیکرٹری جنرل مجلس اتحاد المسلمین علامہ ابو بکر قاسمی نے آئینی اصلاحات اور نظام عدل میں تبدیلی کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مضبوط، خوشحال اور پرامن پاکستان کے لئے نظام عدل کا درست ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے، عوام کا اس عدالتی نظام سے ایمان اٹھ چکا ہے، نظام ٹھیک کرنے کیلئے ریفارمز لانا ضروری ہیں اور ہم اس عمل میں حکومت کے ساتھ ہیں۔

خیبرپختونخوا کے نام سے خیبر ہٹانا فاٹا کے عوام کی حق تلفی ہے، سینیٹر مرتضیٰ جاوید عباسی

صوبہ بنانا ممکن نہیں آئینی ترمیم میں ہزارہ صوبہ کو شامل کیا جائے، سینیٹر طلحہ محمود

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے نام سے خیبر ہٹانا فاٹا کے عوام کی حق تلفی ہے۔ چیئرمین ہزارہ تحریک سردار یوسف اور طلحہ محمود کے ہمراہ نیشنل پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سینیٹر مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے نام سے خیبر ہٹانا فاٹا کے عوام کی حق تلفی ہے، سب کو بٹھا کر نام تبدیل کرنا چاہئے تھا، ہم اس کی بھرپور مخالفت کرتے ہیں، یہ فیصلہ غلط کیا گیا اس حوالے سے ہم سے کسی نے بات نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ اس صوبے کے لئے بہت لوگ شہید ہوئے ہیں، 65 لوگ معذور ہوئے ہیں، یہ سب لوگ امن کے لئے قربانی دے رہے ہیں، صوبے کے قیام کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ بیٹھانا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایک سیاسی جماعت خیبر پختونخوا ماحول خراب کر رہی ہے۔

سکھ رہنما کے قتل کی سازش: امریکا میں بھارتی خفیہ ایجنسی ”را“ کے اہلکار پر فرد جرم عائد

بھارتی حکومت کے ملازم وکاش یادیو نے سازش کا منصوبہ بھارت میں بیٹھ کر بنایا تھا

اسی نے گپتا کو احکامات دیے تھے کہ پنوں کو قتل کرنے کے لیے اجرتی قاتل بھرتی کیا جائے، امریکی اٹارنی

نیویارک (اے ایف بی) امریکی محکمہ انصاف نے سکھ فار جسٹس کے رہنما گرپتونت سنگھ پنوں کو قتل کرنے کی ناکام سازش کے الزام میں بھارت کی خفیہ ایجنسی را کے اہلکار وکاش یادیو پر فرد جرم عائد کر دی۔ 39 سالہ وکاش یادیو منی لانڈرنگ میں بھی ملوث ہے، اس حوالے سے گرپتونت سنگھ پنوں نے کہا کہ وکاش یادیو کو احکامات بھارت کی قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوول نے دیے تھے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی اٹارنی ڈیمین ویلیمز نے کہا کہ امریکی شہری کو امریکی سرزمین پر قتل کرنے کی ناکام سازش پر پچھلے سال انڈین امریکن نکھل گپتا پر الزام عائد کیا گیا تھا مگر وہ تنہا نہیں تھا۔ امریکی اٹارنی کے مطابق بھارتی حکومت کے ملازم وکاش یادیو نے سازش کا منصوبہ بھارت میں بیٹھ کر بنایا تھا، اسی نے گپتا کو احکامات دیے تھے کہ پنوں کو قتل کرنے کے لیے اجرتی قاتل بھرتی کیا جائے۔ واضح رہے کہ چیک ریپبلک سے گرفتار نکھل گپتا پر پہلے ہی فرد جرم عائد کی جا چکی ہے۔

تکنیکی مسائل، 6 غیر ملکی پروازیں منسوخ، 15 تاخیر کا شکار، مسافروں کو مشکلات کا سامنا

راولپنڈی (انٹرنیوز) پی آئی اے کے تکنیکی مسائل کے باعث 6 ملکی و غیر ملکی پروازیں منسوخ جبکہ 15 تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ پی آئی اے کے آپریشنل مسائل حل نہ ہوسکنے کے باعث روزانہ کی بنیاد پر پروازیں منسوخ و تاخیر کا شکار ہونے لگیں جس سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ جمعرات کو بھی آپریشن وجوہات کے سبب 6 غیر ملکی پروازیں منسوخ جبکہ 15 تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کوالالمپور سے کراچی کی غیر ملکی ایئر لائن کی پروازیں او ڈی 135 اور 136، دبئی سے کراچی کی پی آئی اے کی پرواز پی کے 214، دبئی سے لاہور کیلئے نجی ایئر کی پرواز ای آر 724، بحرین سے پشاور کی غیر ملکی ایئر لائن کی پروازیں جی ایف 786 اور 787 منسوخ کر دی گئیں۔

امیر جے آئی پروفیسر ابراہیم سے افغان قونصل جنرل کی ملاقات

ملاقات میں پاک افغان تعلقات، مشرق وسطیٰ اور خطے کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

پشاور (این این آئی) جماعت اسلامی خیبر پختونخوا کے امیر پروفیسر محمد ابراہیم خان نے پشاور میں تعینات امارت اسلامی افغانستان کے قونصل جنرل حافظ محب اللہ شاکر سے افغان قونصلیٹ پشاور میں خیر سگالی ملاقات کی۔ ملاقات میں افغان قونصلیٹ کے عملے کے ارکان بھی موجود تھے۔ پروفیسر محمد ابراہیم خان اور حافظ محب اللہ شاکر کے پاک افغان تعلقات، مشرق وسطیٰ اور خطے کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ جماعت اسلامی کے صوبائی امیر پروفیسر محمد ابراہیم خان نے کہا کہ افغانستان ہمارا پڑوسی برادر اسلامی ملک ہے۔ ہم امریکہ و نیٹو سمیت ہر جارح کو شکست سے دوچار کرنے والی افغان قوم کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ پاکستان اور افغانستان کے درمیان بہتر اور مضبوط تعلقات دونوں ملکوں اور عوام کے مفاد میں ہیں۔ سرحدی گزرگاہوں کی بندش اور سخت ویزہ پالیسی کے تحت دونوں ممالک کے عوام شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ عوام کی سہولت کے لیے ویزہ پالیسی میں نرمی اور سرحدی گزرگاہوں کو آمد و رفت اور تجارت کے لیے کھولنے اور بارڈر ٹریڈ کو فروغ دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں امارت اسلامی کی حکومت کے قیام سے مثالی امن قائم ہوا ہے۔ اس وقت افغانستان کے حالات پاکستان سے بہت بہتر ہیں۔ پاکستان بالخصوص خیبر پختونخوا میں امن و امان کے لیے دونوں ممالک کو کردار ادا کرنا چاہیے۔ ہم حکومت پاکستان سے بھی اپیل کریں گے کہ افغانستان کے ساتھ تعلقات میں بہتری لائے اور موجودہ امارت اسلامی کی حکومت کو تسلیم کرنے کا فی الفور اعلان کرے۔

ملک میں مہنگائی کی سالانہ شرح 15.2 فیصد ہوگئی، ادارہ شماریات

مہنگائی کی شرح میں 0.28 فیصد اضافہ ریکارڈ، وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ جاری کر دی

دال مونگ کی قیمتوں میں 9.86 فیصد دال چنا کی قیمتوں میں 3.15 فیصد، آٹے کی قیمتوں میں 2.10 فیصد اضافہ ہوا

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں مہنگائی کی شرح میں ایک بار پھر اضافہ ہوگیا ہے جبکہ 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ مہنگائی کی ہفتہ وار شرح میں 0.28 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے جبکہ اسی ہفتے سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح بھی بڑھ کر 15.02 فیصد پر آگئی ہے اسی دوران روزمرہ استعمال کی 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کی گئی مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ میں بتایا گیا کہ رواں ہفتے 9 اشیائے ضروریہ کے نرخوں میں کمی ہوئی جبکہ 23 کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ ہفتے کے دوران ٹماٹر کی قیمتوں میں 26.24 فیصد، دال مونگ کی قیمتوں میں 9.86 فیصد دال چنا کی قیمتوں میں 3.15 فیصد، آٹے کی قیمتوں میں 2.10 فیصد، ڈیزل کی قیمتوں میں 2.01 فیصد، ایل پی جی کی قیمتوں میں 1.50 فیصد، سرسوں کے تیل کی قیمتوں میں 0.65 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اسی طرح آگ جلانے والی لکڑی کی قیمتوں میں 0.35 فیصد، لہسن کی قیمتوں میں 1.31 فیصد، چکن کی قیمتوں میں 0.96 فیصد اور انڈوں کی قیمتوں میں 0.68 فیصد اضافہ ہوا۔ اس کے برعکس آلو کی قیمتوں میں 1.15 فیصد، پیاز کی قیمتوں میں 7.02 فیصد، چینی کی قیمتوں میں 0.27 فیصد، کیلوں کی قیمتوں میں 2.83 فیصد، دال ماش کی قیمتوں میں 0.72 فیصد، باسمتی ٹوٹا چاول کی قیمتوں میں 0.09 فیصد اور گڑ کی قیمتوں میں 1.82 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ اعداد و شمار میں بتایا گیا کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی کی شرح 0.27 فیصد ہوگئی

پی ٹی آئی قیادت میدان سے بھاگی، غریب کارکن پکڑے گئے' فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ شرپسند جماعتوں پر ماضی میں بھی پابندی لگی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارلیمان سمجھتی ہے کہ پی ٹی آئی پر پابندی لگنی چاہیے تو پھر لگے گی۔

پاکستان نے پہلی بار چاول کی برآمدات کے ذریعے 4 بلین ڈالر آمدنی حاصل کر لی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے پہلی بار چاول کی برآمدات کے ذریعے 4 بلین ڈالر آمدنی حاصل کر لی۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان کی معیشت میں مثبت تبدیلیاں سامنے آئی ہیں،

وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ کے سندھ اسمبلی ممبران کو لکھے گئے خط پر مثبت پیش رفت

سکول ایڈاپشن پروگرام کے تحت پہلے مرحلے میں 94 اسکول کی نگرانی 37 ایم پی ایز کے حوالے کر دی گئی

کراچی (این این آئی) وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ کے اراکین سندھ اسمبلی کو اسکول ایڈاپشن کے حوالے سے لکھے گئے خط کے جواب میں مثبت پیش رفت، ایم پی ایز کی جانب سے آنے والی درخواستوں کے بعد پہلے مرحلے میں 94 اسکول کی نگرانی 37 ایم پی ایم کے حوالے کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے ارکان اسمبلی کے اسکول ایڈاپشن کی کوششوں کو سراہتے ہوئے اسے تعلیم کی جانب ایک سنجیدہ رویہ قرار دیا ہے۔

وفاقی وزیر نجکاری عبدالعلیم خان سے روسی ڈپٹی وزیر ٹرانسپورٹ کی اہم ملاقات

روس اور پاکستان کے درمیان مواصلات کے شعبے میں باہمی تعاون پر تبادلہ خیال، نئے منصوبوں پر غور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ، نجکاری اور مواصلات عبدالعلیم خان سے روس کے ڈپٹی وزیر ٹرانسپورٹ دمتری ژراف نے ملاقات کی جس دوران دونوں ممالک کے درمیان مواصلات کے شعبے میں باہمی تعاون کے فروغ اور نئے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس میں سائیڈ لائن پر ہونیوالی ملاقات میں وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ چین اور افغانستان کے ذریعے وسط ایشیائی ممالک تک روڈ نیٹ ورک اہمیت کا حامل ہوگا۔

چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ Daily BOLAN HUB Balochistan بولان حب بلوچستان
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

وفاقی نظام اور چھوٹے صوبوں کے مسائل

چھوٹے صوبوں سندھ کے پی اور بلوچستان کی سیاسی قیادت اور عوام کا یہ موقف ہے کہ چاروں صوبوں کو مساوی طور پر انتظامی معاشی اور سیاسی حقوق دیئے جائیں۔ اس سلسلے میں گزشتہ کالم میں چھوٹے صوبوں کی طرف سے پیش کی جانیوالی تجاویز کے مطابق چاروں صوبوں میں نیچے سے اوپر تک وفاقی انتظامی نظام قائم کرنے کیلئے فوری طور پر چاروں صوبوں کی اس وقت منتخب سیاسی قیادت کے نمائندوں پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی بنائی جائے۔ اس سلسلے میں آئین میں ترمیم کی جائے چھوٹے صوبوں کے ان حلقوں کے مطابق اب تک چھوٹے صوبوں کو انتظامی اور معاشی طور پر مرکز، بڑے صوبے کا دست نگر بنا دیا گیا ہے اس وقت سارے معاشی معاملات پر فیصلے مرکز کرتا ہے چھوٹے صوبے اس نظام کو مزید قبول کرنے کے لئے تیار نہیں صوبہ سندھ کو خاص طور پر شکایت ہے کہ ان کے یہاں مرکز اور کچھ مخصوص ادارے سندھ کی زمینیں نیلام کر رہے ہیں سندھ کو شدید اعتراض ہے کہ مرکز کو اور کسی بڑے ادارے کو کیا حق پہنچتا ہے کہ اس کی زمینیں اور جائیدادیں نیلام کرے اب تو مرکز ملک بھر کے اداروں کو نیلام کر رہا ہے کراچی میں قائم اسٹیل مل بڑے پیمانے پر لوہا تیار کرتی ہے جو ملک بھر میں مطلوب ہے ملک بھر کے کئی اہم اداروں کو یا نیلام کیا جا چکا ہے یا کیا جانے والا ہے ان اداروں کی فروخت کو پرائیویٹ یعنی نجی ملکیت میں دینے کا نام دیکر فروخت کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ اداروں سے اعداد و شمار آئے ہیں یا آرہے ہیں اس دوران ایک یہ انتہائی اہم اعلان آیا ہے کہ کراچی ایئر پورٹ کو لیز پر دیدیا گیا ہے بہرحال پرائیوٹائزیشن کے بارے میں وفاقی وزارت کی طرف سے آنے والی اطلاعات کے مطابق پی آئی اے کو پرائیوٹائز کرنے والے عمل کے تحت پری کوالیفائی کیا گیا ہے یہ اطلاع پرائیوٹائزیشن کمیشن کے بورڈ کے اجلاس کے بعد آئی جس کی صدارت پرائیوٹائزیشن انویسٹمنٹ اور کمیونی کیشن کمیشن کے وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کر رہے تھے۔ اسی دوران آنے والی اطلاعات کے مطابق جن اداروں کو پرائیوٹائز کیا جا رہا ہے ان کی لسٹ مندرجہ ذیل ہے۔ رئیل اسٹیٹ سروسز انٹرنیشنل ہوٹل لاہور جناح کنونشن سینٹر اسلام آباد پی آئی اے آئی ایل) روز ویلٹ ہوٹل نیو یارک (وہ املاک جو یا وفاقی حکومت کی ملکیت ہیں یا وفاقی حکومت کے کنٹرول میں ہیں ان کو بھی فروخت کیا جا رہا ہے جن کی تفصیل کچھ یوں ہے۔ ہوابازی کا شعبہ پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن کمپنی لمیٹڈ مالی شعبہ پاکستان ری انشورنس کمپنی اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن فرسٹ وومن بینک لمیٹڈ انڈسٹریل سیکٹر سندھ انجینئرنگ لمیٹڈ پاکستان انجینئرنگ کمپنی انرجی سیکٹر ایم ڈبلیو بلوکی پاور پلانٹ ایم ڈبلیو حویلی بہادر پاور پلانٹ گڈو پاور پلانٹ (747MW) سینٹرل پاور جنریشن کمپنی لمیٹڈ (GENCO-II) نندی پور پاور پلانٹ فیصل آباد الیکٹرک کمپنی اسلام آباد الیکٹرک کمپنی لاہور الیکٹرک کمپنی گوجرانوالہ الیکٹرک کمپنی ملتان الیکٹرک کمپنی حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی سکھر الیکٹرک کمپنی ٹرائبل الیکٹرک سپلائی کمپنی اگر یہ سب الیکٹرک کمپنیاں فروخت ہو رہی ہیں تو ملک کے پاس اپنی کون سی الیکٹرک کمپنی رہ جائے گی۔ مزید اطلاعات کے مطابق چند دیگر اداروں کو نجی شعبے کو دینے کی بات کی جا رہی ہے ان کے یہ نام سامنے آ رہے ہیں گینکو ون گینکو ٹو گینکو تھری گینکو فور۔ اللہ پاک کی طرف سے جو قدرتی وسائل چھوٹے صوبوں کو عنایت کئے گئے تھے ان کا کیا حشر ہوا، پاکستان میں گیس سب سے پہلے صوبہ بلوچستان سے نکلی جسے سوئی گیس کہا جاتا ہے یہ بھی ایک اہم سوال ہے کہ بلوچستان سے نکلی ہوئی یہ گیس بلوچستان میں زیادہ استعمال ہوتی تھی یا کسی اور صوبے یا صوبوں میں استعمال ہوتی تھی۔ وقت آ گیا ہے کہ موجودہ حکومت، جسے وفاقی حکومت کہا جاتا ہے جو حقیقت میں مرکزی حکومت کہلائی جا سکتی ہے، سے مطالبہ کیا جائے کہ کچھ ممتاز ماہرین پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی بنائی جائے جو اس بات کی تحقیقات کرے کہ جب سے گیس بلوچستان سے نکلی اس کو فقط بلوچستان استعمال کرتا تھا یا کچھ اور صوبے یا کوئی خاص صوبہ سوئی گیس زیادہ استعمال کرتا تھا۔ تحقیقات کرنی چاہئے کہ اگر دوسرے صوبے یا کوئی ایک صوبہ یہ گیس زیادہ استعمال کرتا تھا تو کیا وہ صوبہ یا وہ صوبے یا مرکزی حکومت اس گیس کا معاوضہ بلوچستان کو ادا کرتے تھے اسی طرح کی صورتحال سندھ میں تھی سندھ میں کافی مقدار میں گیس نکلتی تھی مگر سندھ یہ گیس استعمال کرتا تھا اور دوسرا صوبہ یا صوبے یہ گیس کتنی مقدار میں استعمال کرتے تھے یہاں سے بھی یہ سوال کیا جاتا ہے کہ کیا سندھ کو بھی دوسرا صوبہ دوسرے صوبے یا مرکزی حکومت کی طرف سے اس گیس کا معاوضہ بھی ملا؟ تحقیقاتی کمیٹی سندھ کے حوالے سے بھی اس ایشو کی تحقیقات کرے۔

سندھی زبان

سندھی زبان ایک انڈو آرین زبان ہے جو پاکستان کے عظیم صوبے سندھ کے 3 کروڑ باسیوں کی ماں بولی ہے۔ صوبہ سندھ میں اس زبان کو سرکاری زبان کی حیثیت حاصل ہے۔ صوبہ سندھ کے علاوہ یہ زبان بھارت میں ڈیڑھ کروڑ سے زائد افراد کی زبان ہے لیکن وہاں یہ ایک شیڈول زبان ہے۔ سندھی زبان پاکستان میں عربی و فارسی رسم الخط میں تحریر کی جاتی ہے جب کہ بھارت میں اسے زیادہ تر دیوناگری رسم الخط میں لکھا جاتا ہے۔ تاریخ میں اس زبان کا پہلا تذکرہ ناٹیا شاستر میں ملتا ہے جو 2 سو سال قبل مسیح سے 2 سو عیسوی کے درمیان ترتیب دیا گیا۔ سندھی زبان کا سب سے پرانا مکمل مخطوطہ قرآن پاک کا سندھی ترجمہ ہے، جو 883 عیسوی میں کیا گیا۔ سندھی زبان برصغیر کی وہ پہلی زبان ہے جس کا فارسی اور عربی زبان سے اس وقت رابطہ ہوا جب مغرب کی سمت سے فارس و عرب کے لوگ سندھ میں داخل ہوئے۔ اس بات کے بھی کافی ثبوت ملتے ہیں کہ سندھ کے لوگ اس وقت کی اسلامی حکومت کے دارالحکومت بغداد میں پہنچ کر خاص و عام کو سندھی صوفی اشعار سناتے تھے۔ سندھی زبان موہنجو داڑو زمانے سے ہی سیدھے ہاتھ سے الٹے ہاتھ کی طرف لکھی جاتی رہی ہے۔ زمانہ وسطی میں سندھی زبان نے خوب ترقی کی۔ اس دور میں شاہ عبداللطیف بھٹائی جیسے بڑے اور عظیم شاعر پیدا ہوئے۔ برطانوی دور میں اس زبان کی ترقی جاری رہی۔ 1947 میں آزادی کے بعد سندھی زبان خوب پھلی پھولی اور اس کے فروغ کے لیے کئی ادارے وجود میں آئے۔ اسمٰعیلی فرقے کے گیارھویں صدی عیسوی کے مذہبی لٹریچر کی زبان تقریباً سندھی ہی ہے۔ پیر نورالدین اسمٰعیلی نے اسی زبان میں لکھا۔ سندھی زبان کے معلوم ادب میں جن شعرائے کرام کا سب سے پہلے کام نمایاں ملتا ہے ان میں قاضی قدن 1493-155 (شاہ عنایت رضوی 1613-1701)، شاہ عبدالکریم (1538-1623) شامل ہیں۔ یہ سب صوفی شاعر تھے اور انھوں نے اپنے زمانے کے ادب پر گہرا اثر ڈالا۔ اس کے علاوہ کچھ قصے بھی بہت اہم رہے اور ان قصوں نے سندھی زبان و ادب کے فروغ میں بہت بڑا حصہ ڈالا جیسے سسی پنوں، سوہنی ماہینوال، نومل رانو، نوری جام طماچی اور لیلاں۔ 1843 میں برطانوی راج نے جب سندھ کو فتح کرلیا تو یہ علاقہ بمبئی پریزیڈنسی کا حصہ بنالیا گیا۔ اس کے تقریباً 5 سال بعد 1848 میں سندھ کے اس وقت گورنر جارج کلارک نے سندھی کو صوبے کی سرکاری زبان قرار دیا اس

تحریر: عبدالحمید

طرح صوبے سے فارسی کی تہذیبی اور ادبی برتری کا خاتمہ شروع ہوا۔ سر بارٹل فریئر نے جو سندھ کے کمشنر تھے 21 اگست 1857 کو ایک حکمنامے کے ذریعے سندھ میں تمام سرکاری اہلکاروں کو سندھی زبان میں پروفیشنسی ٹیسٹ پاس کرنے کی تلقین کی۔ اس نے سرکاری کاغذات سندھی میں تیار کرنے کو ترجیح دی 1868 میں بمبئی پریزیڈنسی نے نارائن جگن ناتھ کو مامور کیا کہ وہ سندھی ابجد کو خدا بادی رسم الخط سے بدل دے۔ اس کوشش سے سندھ کے مسلمانوں کی اکثریت کے اندر کافی ہیجان بپا ہوا جس کو دبانے کے لیے 12 مرتبہ مارشل لا لگانا پڑا لیکن آخر کار سندھی زبان کے رسم الخط میں ریفارمز لانے کی بنا پر معاملہ طے ہوا۔ یہیں سے ماڈرن سندھی زبان و ادب کا دور شروع ہوا 1867 میں محمدی پریس بمبئی نے سندھی زبان میں لکھی گئی مخطوطات کو پہلی دفعہ پریس میں چھاپا۔ ان شائع شدہ مخطوطات میں محمد ہاشم ٹھٹھوی کی تحریر کردہ اسلامی کہانیاں بھی شامل ہیں۔ فی الحال ماڈرن سندھی ادب کو کسی دوسرے کالم کے لیے اٹھا رکھتے ہیں۔ تقسیم برصغیر کے بعد سندھی ادب دو دھاروں میں بٹ گیا۔ پاکستان میں سندھی ادب اردو ادب سے تحریک لیتے ہوئے اور اردو ادب سندھی ادب سے مستعار لیتے ہوئے آگے بڑھنے لگا جب کہ بھارت میں بھی سندھی ادب کا فروغ جاری رہا لیکن اس پر ہندی ادب کی چھاپ گہری ہوتی رہی۔ پاکستان میں 2017 تک 30.26 ملین افراد جو پاکستان کی کل آبادی کا 14.6 فی صد ہیں، کی زبان سندھی ہے اور یہ ان کی فرسٹ لینگوئج ہے۔ اس میں سے 29.5 فی صد آبادی صوبہ سندھ میں اور 0.66 ملین بلوچستان کے کچھی، لسبیلہ، حب، صوحبت پور، جعفر آباد، جھل مگسی، استا محمد اور نصیر آباد میں رہتے ہیں۔ بھارت میں سندھی بولنے والے سب سے زیادہ گجرات اور مہاراشٹرا میں رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ راجستھان، مدھیا پردیش، چھتیس گڑھ، آندھرا پردیش حتیٰ کہ دہلی میں بھی کوئی تیس ہزار افراد کی زبان سندھی ہے۔ قیام پاکستان کے بعد سندھی زبان کو کافی فروغ حاصل ہوا۔ سندھ اسمبلی نے ایک قرارداد میں کہا کہ سندھ کے تمام سرکاری اور پرائیویٹ اسکولوں میں سندھی کو ایک لازمی سبجیکٹ کے طور پر پڑھایا جائے۔ اسی طرح وزیر تعلیم سندھ سید مراد علی شاہ نے اپنے دور وزارت میں یہ بھی حکم دیا کہ تمام اسکولوں میں سندھی پڑھانے والے اساتذہ بھرتی کیے جائیں۔ اس طرح ان تمام اسکولوں میں جہاں میٹرک کروایا جاتا ہے، سندھی زبان لازمی ہے لیکن کیمبرج اسکول آف سسٹم میں تعلیم دینے والے اسکولز اس سے مستثنیٰ ہیں۔ بھارت کے اسکولوں میں سندھی ایک شیڈول زبان کا درجہ رکھنے کی وجہ سے ایک آپشنل زبان کے طور پر لی جاسکتی ہے۔ سندھی معاشرے میں سیدوں اور پیروں کا بہت اثر و رسوخ رہا ہے۔ شاعری میں بھی یہی لوگ ممتاز رہے ہیں۔ پیر شمس سبزواری، پیر شہاب الدین اور پیر صدر الدین کو سندھی زبان کا اہم شاعر گردانا جاتا ہے۔ پیر صدرالدین اپنے وقت کے بڑے شاعر اور ولی تھے۔ انھوں نے گجراتی، پنجابی اور سرائیکی میں بھی لکھا۔ ان کے زیادہ تر اشعار لاری اور کچھی لہجے میں ہیں۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی بلاشبہ سندھی زبان کے سرخیل شاعر ہیں۔ آپ حالہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق ہرات سے سندھ آنے والے کاظمی سیدوں سے ہے۔ آپ کوٹری مغل میں پلے بڑھے۔ 20 سال کی عمر میں گھر کو چھوڑ کر سندھ کے طول و عرض میں صوفیوں اور جوگیوں سے ملنے نکل کھڑے ہوئے۔ تین سال کی سیاحت کے بعد لوٹے تو شادی ہوگئی لیکن آپ کی اہلیہ جلد ہی فوت ہوگئیں۔ شاہ صاحب نے پھر کبھی شادی نہیں کی۔ ان کے تقویٰ اور روحانیت کے سبب لوگ ان کی طرف کھنچے چلے آئے۔ ان کی نظموں اور اشعار کو ان کے عقیدت مندوں نے شاہ جو رسالو میں جمع کیا۔ شاہ صاحب کی شاعری زیادہ تر مذہبی اور صوفیانہ ہے۔ وہ مقامی فوک لور اور الٰہی محبت کو یکجا کرنے کے فن سے آشنا تھے۔

ان کی شاعری نغمگی سے بھرپور ہے اور گا کر پڑھنے کے لیے بہت موزوں ہے۔ شاہ صاحب کی شہرت پاکستان اور پاکستان سے باہر چار دانگ عالم پھیل چکی ہے۔ بھٹ شاہ میں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے، جہاں ہر رات آپ کی ابیات ذوق و شوق سے گائی جاتی ہیں۔ یوں تو شعر موزوں کرنا بہت بڑا فن ہے اور ہر شاعر ہی لائق تحسین ہے لیکن جناب سچل سرمست سندھی زبان کے ایک اور ممتاز شاعر ہیں وہ تالپور عہد کے بڑے شاعر ہیں، ان کو شاعر ہفت زبان بھی کہا جاتا ہے۔ سچل جو رسالو میں ان کا کلام جمع کیا گیا ہے۔

صلیب پر لٹکی انسانیت

جب میں یہ سطور لکھ رہی ہوں، اس وقت دنیا کے کسی کونے میں ایک بچہ ملبے کے نیچے کراہ رہا ہے، کہیں ایک ماں اپنے جگر کے ٹکڑے کی لاش کو سینے سے لگا کر بین کر رہی ہے اور کہیں کسی بوڑھے کی آنکھوں میں وہ سوال ہے جو صدیوں سے انسانیت سے پوچھا جا رہا ہے آخر ہمارا قصور کیا تھا؟ لیکن جواب دینے والے سب طاقتور، سب عالمگیر ضمیر کے ٹھیکے دار، سب ادارے خاموش ہیں۔ یہ خاموشی ہماری دنیا کا سب سے بڑا المیہ بن چکی ہے۔ اس وقت اگر ہم دنیا کے نقشے پر نظر ڈالیں تو ہر خطہ چیخ رہا ہے، ہر براعظم میں کوئی نہ کوئی آتش فشاں پھٹ رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں فلسطین کی سرزمین خون سے تر ہے۔ غزہ کی گلیوں میں وہ چیخیں گونجتی ہیں جنھیں سننے کے لیے اقوام متحدہ کے کان بہرے ہو چکے ہیں۔ بچوں کی لاشیں تباہ شدہ اسکول بمباری سے ملبہ ہوئے گھر اور پانی کے لیے ترستی بستیاں یہ سب آج کے مہذب دور میں ہو رہا ہے۔ امریکا جو کبھی دنیا میں جمہوریت اور انسانی حقوق کا علمبردار بننے کا دعویٰ کرتا تھا، وہ آج اسرائیل کو ہتھیار مہیا کر کے اس نسل کشی کا حصہ بن چکا ہے۔ کانگریس میں اگر کوئی سیز فائر کا لفظ بول دے تو وہ غدار قرار پاتا ہے۔ عالمی میڈیا جو کبھی سچ کی تلاش میں ہراول دستہ کا کام کیا کرتا تھا وہ اب طاقتوروں کی زبان بولتا ہے۔ بی بی سی اور سی این این کی اسکرینوں پر بمباری کے مناظر کو ایسے پیش کیا جاتا ہے جیسے یہ کوئی ویڈیو گیم ہو۔ گویا انسانی زندگی ایک تماشہ بن چکی ہے۔

یوکرین اور روس کی جنگ نے یورپ کو اقتصادی طور پر جھنجھوڑ دیا ہے لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ ان دونوں ممالک کی جنگ میں بھی سچ صرف طاقتور کے منہ سے نکلتا ہے۔ نیٹو کا کردار متنازع ہے اور روس کا رویہ جارحانہ۔ دونوں اطراف انسانی جانوں کی کوئی وقعت نہیں۔ ہزاروں نوجوان جو صرف اپنی سرزمین سے محبت کرتے تھے توپوں کی خوراک بن گئے، لیکن عالمی طاقتوں کا ضمیر سکون سے سو رہا ہے کیونکہ ان کی معیشتیں جنگوں سے ہی تو پروان چڑھتی ہیں۔

افریقہ کے کئی ممالک میں فوجی بغاوتوں کی نئی لہر آئی ہے۔ مالی نائجر اور چاڈ جیسے ممالک ایک بار پھر بندوقوں کے رحم و کرم پر آ گئے ہیں۔ جمہوریت کا خواب ایک بار پھر دور ہوتا جا رہا ہے۔ اقوام عالم کو ان مظلوم خطوں کے عوام کی کوئی پروا نہیں کیونکہ وہاں تیل یا گیس کے ذخائر نہیں نہ ہی وہ مارکیٹس ہیں جہاں بڑی طاقتیں اپنی مصنوعات بیچ سکیں۔ اس لیے ان کی اذیتیں کسی کو نظر نہیں آتیں نہ ہی کوئی ان پر رپورٹنگ کرتا ہے۔

چین اور امریکا کے درمیان معاشی سرد جنگ تیز ہو چکی ہے۔ ٹیکنالوجی کے میدان میں یہ دو طاقتیں ایک دوسرے کے سامنے آ چکی ہیں۔ تائیوان کو لے کر جو کشیدگی بڑھ رہی ہے، اس سے خطے میں جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں۔ لیکن اس تمام جھگڑے میں سب سے زیادہ متاثر وہ عام لوگ ہوں گے جن کا نہ تائیوان کے آئینی موقف سے کوئی لینا دینا ہے نہ ہی وہ ون چائنا پالیسی کے پیچیدہ مباحث سے واقف ہیں۔ وہ صرف یہ جانتے ہیں کہ جنگ کا مطلب موت ہے، بھوک ہے، بے گھر ہونا ہے۔

اسی دوران برطانیہ میں اسلاموفوبیا نے نئی شکل اختیار کی ہے۔ ایک ایسے سماج میں جہاں انسان کے بنیادی حقوق کو آئینی تحفظ حاصل ہے، آج مسلمانوں کو ان کے عقیدے کی بنیاد پر نفرت کا سامنا ہے۔ یورپ میں مہاجرین کے خلاف جذبات بھڑکائے جا رہے ہیں۔ سمندروں میں ڈوبتے ہوئے وہ لوگ جو صرف ایک محفوظ زندگی چاہتے ہیں، ان کے لیے دروازے بند کر دیے گئے ہیں۔ انسانی ہمدردی اب پاسپورٹ اور ویزے کی محتاج ہو چکی ہے۔

اور ہندوستان جسے کبھی جمہوریت کی سب سے بڑی تجربہ گاہ کہا جاتا تھا، وہاں آج مسلمانوں کے ساتھ سلوک کسی بھی مہذب سماج کے لیے شرم کا باعث ہونا چاہیے۔ ایک ملک جو گاندھی نہرو اور امبیڈکر کی تعلیمات پر فخر کرتا تھا، آج ہندوتوا کے پرچم تلے اقلیتوں کو دیوار سے لگا رہا ہے۔ عدالتیں خاموش، میڈیا، اندھا اور عوامی ضمیر بے حس ہو چکا ہے۔ کشمیری نوجوانوں کے لاپتا ہونے کی خبریں اب کسی اخبار کی شہ سرخی نہیں بنتیں۔ گویا ظلم معمول بن چکا ہے اور معمول ہی سب سے بڑا جرم ہوتا ہے۔ ایران اور افغانستان میں خواتین کی آواز کو دبانے کے نئے طریقے تلاش کیے جا رہے ہیں۔ افغانستان میں بچیاں اسکول نہیں جاسکتیں، ایران کی خواتین اگر اپنے حقوق کا مطالبہ کریں تو انھیں فساد فی الارض قرار دیا جاتا ہے۔ لیکن عالمی برادری کی زبانیں تب کھلتی ہیں جب ان ممالک کے حکمران مغرب کے مخالف ہوں، اگر وہ مغرب نواز ہوں تو انسانی حقوق کا ذکر بھی جرم بن جاتا ہے۔

یہ کیسی دنیا ہے جہاں جمہوریت صرف اس وقت اچھی لگتی ہے جب وہ ہماری ترجیحات کے مطابق ہو؟ انسانی حقوق صرف وہی ہوتے ہیں جن سے ہماری تجارت کو فائدہ ہو؟ کیا اقوام متحدہ واقعی اقوام کی نمائندہ ہے یا صرف طاقتوروں کا کلب بن چکی ہے؟ کیا عالمی عدالت انصاف واقعی انصاف کا ادارہ ہے یا صرف ان مقدمات کو سنتی ہے جو مغرب کی مرضی کے مطابق ہوں؟

ان تمام سوالوں کے درمیان اگر کوئی چیز باقی ہے تو وہ عام انسان کی ہمت اس کی مزاحمت اور اس کی امید ہے۔ فلسطین کی ماں جب ملبے میں دبے بچے کو اٹھاتی ہے اور کہتی ہے ہم ہارے نہیں تو وہ پوری انسانیت کی نمائندگی کرتی ہے۔ یوکرین کا وہ رضا کار جو زخموں سے چور ہو کر بھی اسپتال میں بچوں کو ہنسانے کی کوشش کرتا ہے وہ اس دنیا کی آخری کرن ہے۔ ایرانی لڑکیاں جو کتابوں کو سینے سے لگائے سڑکوں پر نکلتی ہیں وہ آنے والے وقت کی نوید ہیں۔

اس وقت ہمیں صرف مظلوم کے ساتھ کھڑا ہونا ہے، بغیر اس کے مذہب رنگ نسل قومیت یا ریاستی شناخت کو دیکھتے ہوئے۔ ہمیں اپنی ہمدردی کو عالمی بنانا ہوگا کیونکہ آج جو ظلم کسی اور کے دروازے پر ہو رہا ہے وہ کل ہمارے دروازے پر دستک دے سکتا ہے۔ ہمیں ان مظلوموں کی آواز بننا ہے جن کے پاس میڈیا نہیں جو سوشل میڈیا پر ٹرینڈ نہیں بن سکتے جو اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر نہیں آتے۔

ہمیں دنیا کو بدلنا ہے۔ یہ کوئی خواب نہیں بلکہ ایک ضرورت ہے ایک فرض ہے۔ ہمیں ظلم کے خلاف آواز بلند کرنی ہے چاہے وہ اسرائیل کرے یا حماس روس کرے یا نیٹو امریکا کرے یا چین ایران کرے یا بھارت۔ کیونکہ جب ہم ظلم کو نظر انداز کرتے ہیں تو ہم اس کے شریک ہو جاتے ہیں۔ یہ دنیا یہ زمین سب انسانوں کی مشترکہ وراثت ہے۔ اسے خون سے نہیں محبت سے سینچنے کی ضرورت ہے اور یہ کام صرف وہی لوگ کر سکتے ہیں جو لفظ سے محبت کرتے ہیں جو سچ کے لیے قیمت ادا کرنے کو تیار ہیں اور جو جانتے ہیں کہ خاموشی سب سے بڑا گناہ ہے۔ اس کالم میں، میں نے دنیا بھر میں جاری ظلم اور بے حسی کا ذکر کیا ہے۔ کوشش یہی ہے کہ ان زخموں پر صرف مرہم نہ رکھا جائے بلکہ ان کے پیچھے چھپے اسباب کو بے نقاب کیا جائے۔ آئندہ کالموں میں ایک ایک کر کے ان حالات ان سانحات اور ان چپ رہنے والوں پر تفصیل سے بات کرنے کا ارادہ ہے

چور صاحب عیش کرو

آج سے دو ماہ قبل تین مارچ کو ہمارے اسکول میں چوری ہوئی تھی میں نے 27 مارچ کے کالم فنگر پرنٹس کی کہانی میں پولیس اور دوسرے سرکاری اداروں کے درمیان رابطے کی کمی کا ایک پہلو بیان کیا تھا وہ حصہ نادرا کے ریکارڈ میں موجود فنگر پرنٹس ڈیٹا سے متعلق تھا پولیس اور نادرا کے بیچ سات سمندر حائل ہیں لوکل پولیس فنگر پرنٹس لیتی ہے اور یہ فائل بنا کر ڈی پی او آفس بھجوا دیتی ہے ڈی پی او اسے لاہور میں قائم فنگر پرنٹس بیورو بھجوا دیتا ہے بیورو میں 18 لاکھ مجرموں کا ڈیٹا موجود ہے۔ بیورو پہلے ان فنگر پرنٹس کو اپنے ریکارڈ سے میچ کرتا ہے اگر یہ میچ ہو جائیں تو مجرم کی کھوج شروع ہو جاتی ہے اور اگر یہ میچ نہ کریں تو پھر فنگر پرنٹس وزارت داخلہ بھجوا دیے جاتے ہیں وزارت داخلہ ان کے طویل جو ہری ٹیسٹوں کے بعد انھیں نادرا بھجوا دیتی ہے اور نادرا جائزے کے بعد انھیں وزارت داخلہ وزارت داخلہ آئی جی آفس اور آئی جی آفس ڈی پی او آفس بھجوا دیتا ہے یہ عمل اگر مسلسل چلتا رہے تو یہ دو سے تین مہینوں کی مسافت ہے اور اگر خدانخواستہ درمیان میں کوئی صاحب چھٹی پر چلا جائے یا اس کے پاس ڈاک کے معائنے کا وقت نہ ہو تو فنگر پرنٹس فائلوں میں فوت ہو جاتے ہیں اور مجرم کسی دوسرے صوبے میں نکل جاتا ہے یا بیرون ملک روانہ ہو جاتا ہے ہمارے چور کے فنگر پرنٹس پورا مہینہ سسٹم کے پائپ لائین میں پڑے رہے لہٰذا مجبوراً مجھے وزارت داخلہ رابطہ کرنا پڑا ان لوگوں کی مہربانی سے پرنٹس نادرا پہنچے۔ میں نے اس کے بعد چیئرمین نادرا کے دفتر سے رابطہ کیا اور ان کی مہربانی سے فنگر پرنٹس ہمسائے گاں کے ایک نوجوان سے میچ کر گئے ہم خوش ہو گئے مگر جب فنگر پرنٹس پندرہ دن کا سفر طے کر کے واپس لالہ موسیٰ پہنچے تو ملزم اس وقت مسجد میں اعتکاف بیٹھا تھا بہرحال پولیس نے اسے گرفتار کر لیا میں نے ایس ایچ او سے درخواست کی ملزم پر تشدد نہیں کرنا آپ پر اپر تفتیش کریں اور اس کے بعد قانونی کارروائی کریں ایس ایچ او کی مہربانی انھوں نے میری درخواست مان لی اور اس کے بعد نئی کہانی شروع ہو گئی پولیس کی تفتیش میں ملزم بے گناہ نکلا جس کے بعد صورت حال دل چسپ ہو گئی۔

واردات کے مقام کے ملزم کے فنگر پرنٹس ملے لیکن ملزم بے گناہ تھا اس کے بعد اب مزید دو تفتیشی ذرائع باقی تھے جیو فینسنگ اور پولی گرافک ٹیسٹ میں نے پولیس سے درخواست کی آپ یہ دونوں ٹولز استعمال کریں میری درخواست پر پولیس نے جیو فینسنگ کا پراسیس شروع کر دیا

تحریر: جاوید چوہدری

معلوم ہوا موبائل فون ڈیٹا صرف آئی بی اور آئی ایس آئی کے پاس ہوتا ہے پولیس اس کے لیے آئی بی کو خط لکھتی ہے یہ پراسیس بھی دلچسپ ہے ایس ایچ او متعلقہ ڈی پی او کو خط لکھتا ہے وہ اسے اوپر مزید اوپر اور مزید اوپر بھجواتا ہے اور مزید سے مزید اوپر والے آئی بی کو بھجوا دیتے ہیں اور یہ وہاں جا کر فائلوں میں دب جاتا ہے اس دوران اگر کوئی فائل کا پیچھا کرے تو پھر اوپر سے نیچے کا سفر شروع ہو جاتا ہے یہ عمل بھی دو تین ماہ طویل ہوتا ہے۔ میرے کیس میں فائل پورا مہینہ آئی بی میں پڑی رہی مجبوراً مجھے دوبارہ درمیان میں کودنا پڑا میرے ایک دوست نے ڈی جی آئی بی سے درخواست کی ان کی مہربانی سے ڈیٹا مل گیا لیکن یہ ادھورا بھی تھا اور اس کا سرکاری ذریعہ بھی ایک صاحب سے دوسرے صاحب اور ایک دفتر سے دوسرا تیسرا اور اٹھارہواں دفتر تھا ڈیٹا ادھورا تھا لہٰذا دوسری مرتبہ درخواست کی گئی اس کے بعد پتا چلا ڈیٹا صرف نیٹ ورک تک محدود ہوتا ہے ملزم اگر انٹرنیٹ استعمال کر رہا ہو تو پھر یہ بے کار ہے چناں چہ مہینہ بھر کی کوشش اور تگڑی سفارشوں کے بعد حاصل ہونے والا ڈیٹا فضول نکلا یہ بھی معلوم ہوا چھوٹے تھانوں میں ڈیٹا پڑھنے اور سمجھنے والے اہلکار بھی نہیں ہیں اس کے بعد پولی گرافک ٹیسٹ بچ گیا تھا۔ معلوم ہوا یہ سہولت صرف لاہور میں پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کے پاس دستیاب ہے اور یہ درخواست بھی ایس ایچ او سے ڈی پی او اور اس کے بعد ہائیر اتھارٹی سے ہو کر فرانزک ایجنسی تک پہنچتی ہے بہرحال جیسے تیسے ہماری درخواست پنجاب فرانزک ایجنسی تک پہنچ گئی لیکن ہمارے ملزم کے ٹیسٹ کے لیے ڈیڑھ مہینہ بعد کی تاریخ ملی مجھے ایک بار پھر درمیان میں کودنا پڑ گیا سفارش کرائی تو ڈیڑھ مہینہ گیارہ دنوں میں تبدیل ہو گیا جس کے بعد ٹیسٹ ہو گیا لیکن رپورٹ نہیں ملی پندرہ دن رپورٹ کا انتظار کیا یہ نہ آئی تو پھر سفارش رپورٹ پھر بھی نہ آئی مجبوراً ایک بار پھر سفارش کرانی پڑی مجھے بتایا گیا ہم نے رپورٹ ڈی پی او آفس بھجوا دی ہے اس خوش خبری کو بھی ایک ہفتہ گزر چکا ہے لیکن رپورٹ ابھی تک لالہ موسیٰ نہیں پہنچی۔ آپ ذرا سسٹم ملاحظہ کیجیے ایف آئی آر پولیس درج کرتی ہے تفتیش بھی پولیس کی ذمے داری ہے فنگر پرنٹس نادرا کے پاس ہیں اور نادرا کے ڈیٹا تک پولیس کی رسائی نہیں اور اس رسائی کے لیے ہزار صفحات سو پرنٹرز 20 افسر اور پورا محکمہ ڈاک چاہیے اور اس کے بعد بھی اگر مدعی کی اپروچ ہے تو نادرا سے جواب آ جائے گا ورنہ یہ خط پولیس کے کسی اعلیٰ افسر وزارت داخلہ کے سیکشن افسر یا پھر نادرا کی کسی توپ کے میز پر گل سڑ جائے گا موبائل فون ڈیٹا آئی بی کے پاس ہے اور اس کے حصول کے لیے بھی طویل اور تھکا دینے والا پراسیس ہے اور اسے مکمل کرنے کے لیے بھی مدعی کے پاس وقت اور ذرائع ہونے چاہییں فرانزک کے لیے 12 کروڑ لوگوں کے صوبے میں صرف ایک لیب ہے اور اس سے بھی ڈیڑھ دو مہینے کا وقت ملتا ہے اور اگر فرانزک ہو جائے تو رپورٹ کے لیے بھی مہینہ اور تگڑی سفارشیں چاہییں چناں چہ پھر تھرڈ ڈگری کے علاوہ پولیس کے پاس کیا آپشن بچتا ہے۔ دوسرا یہ پراسیس ثابت کرتا ہے ہمارا نظام مظلوم کے بجائے ملزم کو سپورٹ کرتا ہے اور تیسرا حکومت نے پولیسنگ کو ناممکن بنا دیا ہے اور اس وجہ سے ملک میں جرائم میں مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے مجرم بے دھڑک چوری سے لے کر قتل تک کر گزرتے ہیں کیوں؟ کیوں کہ یہ جانتے ہیں پولیس ہمیں پکڑ نہیں سکے گی یہ ملزم یا مجرم کی تلاش کا عمل ہے عدالتی عمل اس کے بعد شروع ہوتا ہے اور اس عمل میں اگر مجرم خوش حال ہے تو پھر آپ اسے کیفر کردار تک نہیں پہنچا سکتے آپ کو اگر یقین نہ آئے تو آپ 9 مئی کے کیسز کو دیکھ لیں ریاست کا دعویٰ ہے تاریخ میں آج تک عسکری عمارتوں اور فوجی نشانیوں پر حملہ نہیں ہوا کسی نے جی ایچ کیو اور کور کمانڈر ہاس پر حملے کی جرات نہیں کی چناں چہ ریاست نے 9 مئی 2023 کے بعد تاریخ کا خوفناک ترین کریک ڈاؤن کیا لیکن دو سال گزرنے کے باوجود 9 مئی کے ذمے داروں کو سزا تو دور یہ اب تک مقدمات بھی نہیں چلا سکی۔

تجارت خارجہ نے رواں مالی سال کے ضمن میں کیا کھویا کیا پایا

لیجیے! پاکستان کی تجارت خارجہ نے رواں مالی سال کے ضمن میں کیا کھویا کیا پایا؟ پی بی ایس کے تجارت خارجہ کی رپورٹ میں کچھ یوں سامنے آ گئے۔ ملاحظہ فرمائیں۔ بہت سے ماہرین کو امید تھی کہ رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں کل برآمدات کی مالیت 30 ارب ڈالر تک جا پہنچے گی لیکن رپورٹ کے مطابق موجودہ 10 ماہ میں کل برآمدات کی مالیت 26 ارب 86 کروڑ ڈالر رہی اور گزشتہ مالی سال کے اسی دورانیے میں تقریباً 25 ارب 28 کروڑ ڈالرز کے ساتھ 6.25 فی صد کا اضافہ دراصل ان کے مقابلے کا ایک چوتھائی ہے جن ملکوں نے اپنی برآمدات میں چوتھائی سے کم یا زیادہ کا اضافہ اس جنگی ماحول میں کیا، جب امریکا کے لیے چین کی برآمدات گھٹ گئیں، ایسے میں انھوں نے فوری مواقع نکال لیے۔ ایک ارب 58 کروڑ ڈالرز کا برآمدات کے میدان میں اضافہ بہت کم نظر آتا ہے، جب درآمدات کے اعداد و شمار کچھ یوں ہوں۔ یعنی جولائی تا اپریل کل درآمدی مالیت 48 ارب 21 کروڑ ڈالرز اس کے بالمقابل گزشتہ مالی سال کی درآمداتی مالیت یعنی جولائی 2023 تا اپریل 2024 کا حجم 44 ارب 90 کروڑ ڈالر کے ساتھ 7.37 فی صد اضافہ۔ یہ دراصل درآمدات میں مزید 3 ارب 31 کروڑ ڈالر کا اضافہ اس بات کا کھل کر اظہار ہے کہ معیشت پر دباؤ بڑھا ہے یعنی جہاں برآمدات میں معمولی اضافہ ہوا وہیں درآمدات کا فرق دگنا بڑھ گیا ہے۔ یہ اس حقیقت حال کو بیان کر رہا ہے کہ عالمی منڈی میں پاکستانی مصنوعات نے ابھی اپنی جگہ ایسی نہیں بنائی کہ کوئی ملک متبادل کے طور پر پاکستان کا انتخاب کرے یا پھر عالمی مارکیٹس میں مقابلہ بہت زیادہ بڑھ گیا ہے۔

درآمدات میں اضافے کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان غیر ملکی مصنوعات کا زیادہ استعمال کر رہا ہے، یہ سوچے بغیر کہ تجارتی خسارے میں اضافہ معیشت پر کتنے ہی مضر اثرات مرتب کر دے گا۔ اس کے ساتھ ہی توانائی بحران کا مسئلہ بھی سنگین ہوتا جا رہا ہے۔ خوراک کی پیداوار میں کمی کے ساتھ شدید بدانتظامی اور مس مینجمنٹ کے علاوہ زرعی منصوبہ بندی کو کسی قسم کی اہمیت نہیں دی جا رہی۔ آج میں نے یہ آواز سنی 100 روپے کے 4 کلو پیاز۔ اور کبھی یہ آواز بھی آتی رہی کہ ڈھائی سو روپے فی کلو پیاز۔ بہتر ہے زرعی منصوبہ بندی کریں کس موسم میں کب اور کہاں اور کتنی مقدار میں آلو، پیاز، ادرک، لہسن، دالیں وغیرہ وغیرہ غذائی پیداوار کی منصوبہ بندی کرنی ہے۔ اب بھلا بتائیے جس زمیندار کو پیاز 10 سے 15 روپے کلو منڈی میں لا کر فروخت کرنا پڑے گا وہ آئندہ برس کے لیے انتہائی قلیل پیاز کی پیداوار کی منصوبہ بندی خود بھی کر لے گا اور آئندہ برس پیاز کے دام آسمان کو چھونے لگیں گے۔ اگرچہ حکومت نے برآمدات بڑھانے کے کچھ اقدامات کیے ہیں لیکن ان کے اثرات کم نظر آ رہے ہیں۔ عالمی معیشت میں ایک قسم کا جنگی ماحول پیدا ہو چکا ہے۔

بہت سے ممالک جدید ٹیکنالوجی، سبسڈیز، تجارتی معاہدوں اور اعلیٰ معیاری اور تیز ترسیل کے ہتھیاروں سے لیس ہو کر یہ تجارتی جنگ جیت رہے ہیں۔ ایسے میں پاکستان نے محض اپنی برآمدات میں 6.25 فی صد کا اضافہ کر کے دراصل حقیقی اضافہ نہیں کیا۔ اگر افراط زر کو بھی شامل کرتے ہیں، وہ عالمی درآمدات جن کا برآمدات میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ان کے مہنگے ہونے کو بھی شامل کرتے ہیں، پھر بجلی مہنگی، واٹر ٹینکروں کا بڑھتا ہوا بل اور بہت کچھ شامل ہو جائے تو اس اضافے کے اثرات منفی محسوس ہوں گے۔ اس لیے وقت آ گیا ہے کہ پاکستان کی صنعت کو توانائی کے بحران سے نکالیں، ٹینکرز مافیاز سے آزاد کرائیں، گیس کی قلت سے نکالا جائے، زرعی اور صنعتی پالیسی کا نہ ہونا اور بہت سی باتوں کے باعث زرعی اور صنعتی پیداوار بھی کم ہو رہی ہے۔ کارخانے بند ہو رہے ہیں، دوسری طرف دنیا کے دیگر ممالک اس جنگ کے خدشات والے ماحول سے مستفید ہو رہے ہیں اور برآمدات میں خوب اضافہ کر رہے ہیں۔ ایسے میں پاکستان کا انتہائی قلیل اضافہ حقیقی معنوں میں اضافہ نظر نہیں آ رہا ہے۔

گزشتہ کئی برسوں سے ملک میں سیاسی عدم استحکام موجود ہے جس کے باعث ملک کاروباری مندی کا شکار چلا آ رہا ہے۔ مئی 2025 سے پاکستان کی صورت حال بدستور ایک پیچیدہ منظر نامہ پیش کر رہی ہے۔ ملک میں گہری سیاسی تقسیم پائی جا رہی تھی، لیکن ہندوستان نے جیسے ہی سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کا اعلان کیا، ہر سیاسی جماعت حکمرانوں کی ہاں میں ہاں ملانے لگی۔ اگرچہ ملک کے معاشی حالات بدستور خراب چلے آ رہے ہیں، لیکن سیاسی جماعتوں کے ہندوستان کے خلاف ایک پیج پر ہونے اور دیگر باتوں کے باعث ملک میں سیاسی استحکام کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔ اگرچہ پاکستان کو بہت سے معاشی چیلنجز کا سامنا ہے، بلند افراط زر موجود ہے، قرضوں کا بوجھ بڑھتا چلا جا رہا ہے لیکن سیاسی استحکام ان مسائل میں کچھ کمی لا سکتا ہے۔ پاکستان بین الاقوامی حمایت کے حصول کے لیے کوشاں ہے۔ ایسے میں مودی کی حکمت عملی اس کی توقع کے برعکس ثابت ہو چکی ہے۔ عالمی سطح پر اس کا جھوٹ پکڑا جا چکا ہے، کشمیریوں کے ساتھ اب ہندوستان کے مسلمانوں کے ساتھ بھی ظلم ڈھایا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ غزہ کے مسلمانوں کے ساتھ ظلم وستم کی انتہا ہو چکی ہے۔ پاکستان ہر فورم میں ان سب کی مذمت کر رہا ہے لیکن عالم اسلام کا اتحاد اور عملی اقدامات ہی صورت حال میں تبدیلی پیدا کر سکتی ہے۔ اگرچہ بھارتی آبی دہشت گردی کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ضروری ہے کہ پاکستان آبی منصوبہ بندی، آبی توانائی کے حصول، آبپاشی کے لیے کم پانی کے استعمال اور دیگر متعلقہ اقدامات کے لیے صورتحال کو مد نظر رکھ کر فوری عملی منصوبہ بندی کا آغاز کرے

کراچی اور بیڈ گورننس

کراچی دنیا کے ان چند بڑے شہروں میں شامل ہے جو بیڈ گورننس کا شکار ہیں۔ سندھ گورنمنٹ نے کراچی بلڈنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ریگولیشنز 2002 میں ترمیم کر کے ریزیڈنس ایریاز میں کمرشل عمارتوں کی تعمیر کی اجازت دیدی ہے۔ اب رہائشی علاقوں میں اسکولز، کالجز، ریسٹورنٹس اور دفاتر وغیرہ قانونی طور پر تعمیر کیے جا سکتے ہیں۔ اس ترمیم کے تحت رہائشی علاقوں میں بلند و بالا عمارتیں تعمیر ہو سکتی ہیں جب کہ گھریلو صنعت کی تعریف میں آنے والے کارخانے بھی لگ سکتے ہیں۔ شہری امور کے ایک ماہر کا کہنا ہے کہ حالیہ دنوں میں کراچی کا درجہ حرارت 2.5c تک پہنچ گیا ہے جب کہ کراچی پانچ اسکوائر میٹر Per Capital Floor Area سے کم ہے جب کہ اقوام متحدہ کے ادارہ یونیسکو کا معیار 20 کے قریب ہے۔ علاقوں میں بے ہنگم کمرشلائزیشن کے بے پناہ نقصانات ہیں۔ اربن پلانرز اور شہری امور کے ماہرین آرکیٹیکٹ اور سول سوسائٹی کے ارکان کو کراچی بلڈنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ریگولیشنز مجریہ 2002 میں اس یکطرفہ ترمیم پر سخت اعتراضات ہیں۔ کراچی میں غیر قانونی تعمیر ہونے والی عمارتوں کے خلاف طویل عرصہ سے جدوجہد کرنے والی غیر سرکاری تنظیم شہری کے ماہرین نے غیر سرکاری ماہرین اور سول سوسائٹی کے اراکین کو گزشتہ ہفتے کراچی پریس کلب میں مدعو کیا۔ ان ماہرین کے جن میں معروف آرکیٹیکٹ عارف حسن، ڈاکٹر نعمان احمد، قانونی ماہرین امبر علی بھائی اور ڈاکٹر اریبہ اشفاق وغیرہ شامل تھے نے مشترکہ طور پر ان قوانین کو کراچی کے لیے خطرناک قرار دیا۔ اس ملک کے شہر ٹاؤن پلانرز اور مظلوموں کے دکھوں کو محسوس کرنے والے آرکیٹیکٹ عارف حسن نے اس ترمیمی قانون کے نقصانات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کئی ممالک میں یہ قانون موجود ہے کہ ایک خاندان صرف ایک پلاٹ کا حقدار ہوگا۔ ایسا قانون اس ملک میں بننا ضروری ہے، اس مقصد کے لیے ملک بھر میں لینڈ ریفارمز وقت کی ضرورت ہے۔

عارف حسن کا بیانیہ ہے کہ اگر شہری علاقوں میں کمرشل اداروں کا قیام ضروری ہو تو پھر ایک منظم انداز میں کمرشل اداروں کے قیام کی اجازت ہونی چاہیے۔ وہ کہتے ہیں کہ شہری علاقوں میں منصوبہ بندی کے کمرشل اداروں کی

تحریر: خزیمہ انصاری

سرگرمیاں صرف شہری مسائل کو ہی نہیں بڑھاتیں بلکہ اب تو ماحولیات کی تباہی کا بھی باعث بن رہی ہیں۔ انھوں نے اپنے تجربات کی بنا پر کہا کہ شہریوں کو سہولت فراہم کرنے والے سرکاری اداروں کا سارا زور عوام سے رقم ہتھیانے پر رہ گیا ہے۔ شہری علاقوں میں غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام کے لیے کراچی کے مستقبل کے بارے میں فکر مند شہریوں نے ایک غیر سرکاری تنظیم جو شہری کے نام سے قائم کی ہے کی قیادت ایک معروف وکیل امبر علی بھائی کر رہی ہے۔ امبر علی بھائی شہر میں نافذ ہونے والے قوانین کا بغور جائزہ لینے کے ماہر سمجھے جاتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اس شہر کی بدقسمتی یہ ہے کہ سندھ پلاننگ کنٹرول آرڈیننس 1979 اور اس کے ملحقہ قوانین کی تیاری میں عوام کی رائے نہیں لی گئی۔ کراچی میں تعمیرات کو کنٹرول کرنے والے ادارے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (S.B.C.A) کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے امبر نے بتایا کہ یہ ادارہ اگرچہ ٹاؤن پلاننگ کا ذمے دار ہے مگر ایس بی سی اے سینٹرلائزڈ کنٹرول Centralized Control میں ہے اور اس ادارے کی سرگرمیوں میں شفافیت کا فقدان ہے۔ این ای ڈی یونیورسٹی کے قائم مقام وائس چانسلر اور عوامی آرکیٹیکٹ ڈاکٹر نعمان احمد نے اس ترمیم قانون کو شہر کے لیے نقصان دہ قرار دیا اور کہا کہ شہری علاقوں میں کمرشل استعمال کے لیے عمارتوں میں جو تبدیلیاں کی جاتی ہیں۔ اس سے پانی، بجلی اور سیوریج کی نکاسی کے علاوہ ماحولیات میں بھی مسائل پیدا ہوتے ہیں، کمرشل سرگرمیوں کی وجہ سے گاڑیوں کی آمد و رفت بڑھ جائے گی، یوں پیٹرول اور ڈیزل سے فضا میں خطرناک اجزا شامل ہو جاتے ہیں، لوڈ شیڈنگ کے دوران ہیوی جنریٹر چلنے سے آواز اور دھوئیں کی آلودگی پیدا ہوگی۔

کراچی میں گزشتہ سال بلند عمارتوں میں آتش زدگی کے خاصے حادثات ہوئے۔ بیشتر عمارتوں میں تو آگ بجھانے کے آلات اور ہنگامی صورتحال میں عمارتوں سے باہر نکلنے کے راستے ہی موجود نہیں تھے۔ دوسری طرف بلدیہ کراچی کے فائر بریگیڈ جدید گاڑیوں اور آگ بجھانے والے جدید آلات سے محروم ہیں۔ کراچی میں فٹ پاتھ ناپید ہو چکے ہیں، اگر صرف پوش علاقوں کا جائزہ لیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ فٹ پاتھ پر چائے کے ہوٹل قائم ہیں۔ ان ہوٹلوں نے فٹ پاتھ کی تمام جگہوں پر قبضہ رکھا ہے۔

پھر ہوٹل والے چولہے جو سلینڈر سے توانائی حاصل کرتے ہیں وہ بھی فٹ پاتھ پر ہی رکھتے ہیں جس کے نتیجے میں ایک طرف لوگ فٹ پاتھ پر چلنے کی جگہ نہیں پہنچتی تو دوسری طرف خطرناک حادثہ انتظار کر رہا ہوتا ہے مگر معاملہ صرف چائے کے ہوٹلوں تک محدود نہیں بلکہ شہر کے بہت سے علاقوں میں جن میں پرانا شہر بھی شامل ہے، فٹ پاتھ پر ایرانی پیٹرول اور ڈیزل بھی دستیاب ہوتا ہے۔ اب تو کئی علاقوں میں سلینڈر کی دکانیں بھی فٹ پاتھ پر بن گئی ہیں۔ ایک وقت تھا کہ بہادر آباد، طارق روڈ، خالد بن ولید روڈ، یونیورسٹی روڈ اور نیپا سے ملیر کینٹ جانے والی شاہراہ کا شمار کھلے اور صاف ستھرے ماحول والی سڑکوں میں ہوتا تھا مگر اب ان علاقوں میں کمرشل سرگرمیوں کی بنا پر یہ سڑکیں انتہائی گنجان سڑکوں میں تبدیل ہو گئی ہیں۔

زلزلہ کے بارے میں تحقیق کرنے والے ماہر ڈاکٹر پروفیسر عارف زبیر کا کہنا ہے کہ یہ علاقے زلزلہ کی فالٹ لائن پر ہیں، اگر کبھی ترکی جیسا زلزلہ آیا تو تباہی کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ سول انجینئر اور ابلاغ عامہ کے محقق ڈاکٹر سعید عثمانی اس قانون کے نقصانات بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ٹاؤن پلاننگ کے جدید اصولوں کے تحت شہری علاقوں میں مذہبی عبادت گاہوں، دکانوں، پارکوں اور ہوٹلوں کے لیے علیحدہ سے قطعہ اراضی مختص کیا جاتا ہے مگر سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی میں چیک کی بالادستی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ شاپنگ ایریاز میں تو پارکنگ کا مسئلہ پہلے سے موجود ہے

تحریک انصاف کا بائیکاٹ

پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدگی اور سرحدوں کی صورتحال پر حکومت اور فوج کی جانب سے ایک مشترکہ سیکیورٹی بریفنگ کا انتظام کیا گیا۔ اس بریفنگ کا مقصد سیاسی جماعتوں اور سیاسی رہنماؤں کو موجودہ صورتحال کے حوالے سے مکمل بیک گراؤنڈ بریفنگ دینا تھا تاکہ انھیں صورتحال کا مکمل اندازہ ہو سکے۔ انھیں بھارت کی جارحیت، جنگ کے خطرات اور دیگر سیکیورٹی کے معاملات کے بارے میں بتایا جا سکے۔ جواب میں پاکستان کے اقدامات کے بارے میں بھی بتایا جا سکے۔ حسب معمول اور توقع کے عین مطابق تحریک انصاف نے اس اہم بریفنگ کا بھی بائیکاٹ کر دیا اور کہا کہ جب تک ان کے بانی کو جیل سے نہیں نکالا جاتا تب تک وہ بریفنگ میں شرکت نہیں کریں گے۔ اس سے پہلے بھی وہ اہم بریفنگ کا بائیکاٹ کر چکے ہیں۔ اس سے پہلے جب دہشت گردی پر قومی اسمبلی کی قومی سلامتی کمیٹی کو بریفنگ دی گئی تو تب بھی تحریک انصاف نے پہلے شرکت کے لیے ارکان کی لسٹ اسپیکر کو بھجوائی لیکن بعد میں جب سوشل میڈیا کا پریشر آیا تو بائیکاٹ کر دیا۔ اس کے بعد یہ بائیکاٹ مسلسل ہو گیا ہے۔ اس لیے اب جب حکومت کو کہا جاتا ہے کہ کسی اہم مسئلہ پر اے پی سی بلائی جائے تو اسی لیے نہیں بلائی جاتی کہ تحریک

تحریر: کامران پنواڑی

انصاف نے تو بائیکاٹ ہی کرنا ہے۔ اس لیے اسے پی سی کا کیا فائدہ۔ تحریک انصاف کی سیاست کی بھی سمجھ نہیں آتی۔ ان کے ارکان پارلیمان کے ممبر ہیں۔ بطور ممبر وہ سب مراعات لے رہے ہیں پارلیمان میں کمیٹیوں کی سربراہی بھی ان کے پاس ہے، ان کے پاس سرکاری گاڑیاں بھی ہیں، سرکاری گھر بھی ہیں، تنخواہیں، پٹرول اور مراعات سب لے رہے ہیں۔ کے پی میں حکومت ہے وہاں بھی سب مراعات لی جا رہی ہیں۔ حکومت کی موج مستیاں جاری ہیں، بجٹ لے رہے ہیں، ٹرانسفر پوسٹنگ کروائی جا رہی ہے۔ غرض کہ ایک نظام حکومت میں جو بھی مراعات لی جا سکتی ہیں وہ تحریک انصاف کے ارکان لے رہے ہیں، فل انجوائے کر رہے ہیں، بطور ارکان پارلیمان جو فری ٹکٹیں ملتی ہیں وہ بھی لے رہے ہیں۔ لیکن جب اسی پارلیمان میں جہاں سے مراعات لی جا رہی ہیں، وہاں قومی سلامتی کا کردار ادا کرنے کی باری آتی ہے تو بائیکاٹ کر دیتے ہیں۔ یہ کیا سیاست ہے۔ اگر بانی تحریک انصاف کی رہائی تک اہم ملکی سلامتی کے معاملات میں تعاون نہیں ہو سکتا، اہم قومی سلامتی کے معاملات کے حال اجلاسوں میں شرکت نہیں ہو سکتی تو پھر مراعات کیوں لی جا سکتی ہیں، تنخواہیں کیوں لی جا رہی ہیں۔ وہ بھی لینا بند کر دیں تب تک جب تک ان کا بانی رہا نہیں ہوتا۔ ایک اور بات کہ اگر آج بانی تحریک انصاف جیل سے باہر ہوتے تو کیا پاک بھارت کشیدگی پر ہونے والے کسی بھی اجلاس میں شرکت کرتے۔ بالکل نہیں۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ جب بانی تحریک انصاف وزیر اعظم تھے، ملک میں ان کا اقتدار تھا۔ تب جب بھارت کے ساتھ کشیدگی ہوئی تھی

وزیر اعظم کی سفارتکاری

پاکستان کی درخواست پر اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کا دوسرا اجلاس ہوا ہے۔ اجلاس میں پاکستان نے حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے حوالے سے اقوام متحدہ کے سیکیورٹی کونسل کے ارکان کو بریفنگ دی۔ اس موقع پر کشمیر کے مسئلہ اور پہلگام حملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ انکوائری کی پاکستانی پیشکش کا بھی اعادہ کیا گیا۔ پاکستان کی درخواست پر بلائے گئے، اس خصوصی اجلاس سے بھارت کو بہت پریشانی تھی۔ بھارت نے اس اجلاس کو رکوانے کی بھی کوشش کی۔ لیکن کسی بھی مستقل رکن نے اس اجلاس کو روکنے کی بھارت کی درخواست کو قبول نہیں کیا۔ یہ اجلاس بھی پاکستان کی سفارتکاری کامیابیوں میں سے ایک ہے۔

وزیر اعظم پاکستان مسلسل اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل سے بھی بات کر رہے ہیں۔ ان سے رابطے میں ہیں۔ اسی لیے ہمیں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کی گفتگو بھی پاکستانی موقف کے قریب نظر آتی ہے۔ اقوام متحدہ کا پلیٹ فارم پاکستان کی کامیاب سفارکاری کی وجہ سے پاکستان کے حق میں نظر آ رہا ہے۔ جب سے پہلگام ہوا ہے، پاکستان نے بہت جارحانہ سفارتکاری کی ہے۔ وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور ان کی ٹیم نے براہ راست اور بالواسطہ پوری دنیا سے بات کی ہے۔ پاکستان کا موقف دنیا کے ہر کن تک پہنچایا ہے۔ اور آج اس کے نتائج بھی ہمارے سامنے ہیں، بھارت کو عالمی دنیا سے پہلگام سے وہ حمایت نہیں ملی ہے، جیسی اس کو پہلے مل جاتی تھی۔ دنیا آج پہلگام کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کے پاکستانی موقف کے ساتھ کھڑی نظر آ رہی ہے۔ جو بہر حال پاکستان کی سفارتی سطح پر ایک بڑی کامیابی ہے۔ جس کی وجہ سے آج بھارت سفارتی محاذ پر دفاعی پوزیشن میں نظر آ رہا ہے۔ حالیہ پاک بھارت کشیدگی اور پہلگام کے واقعہ کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف کے ڈپلومیٹک ماسٹر اسٹروک شفاف اور غیر جانبدرانہ تحقیقات کا مطالبہ ہی تھا۔ پاکستان کے اس موقف کو عالمی سطح پر بہت پذیرائی ملی ہے۔

ابتدائی طور پر کچھ دوستوں کی رائے تھی کہ پاکستان کیوں غیر جانبدارانہ شفاف تحقیقات کا مطالبہ کر رہا ہے۔ یہ بھارت کا فرض ہے۔ لیکن اس ایک مطالبہ نے بھارت کے سارے بیانیہ کو زمین بوس کر دیا ہے۔ اور بھارت نے جس ملک سے بھی بات کی اس نے پاکستان کے اس

تحریر: سعید مغل

موقف کو دھرایا۔ اور بھارت کو کہا کہ وہ پہلے غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کروائے۔ پھر آگے بات ہوگی۔ آپ دیکھیں جب وزیر اعظم شہباز شریف نے برطانیہ سے بات کی تو انھوں نے برطانیہ کو تحقیقات میں شامل ہونے کی پیشکش کر دی۔ یہی بات انھوں نے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ سے ملاقات میں بھی کی۔ اسی وجہ سے ہمیں برطانیہ کے موقف میں بھارت کی وہ حمایت نظر نہیں آئی جو ماضی میں آتی رہی ہے۔ حکومت پاکستان نے پہلے دن سے پہلگام حملے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا تھا۔ اس کو سب نے سراہا ہے۔ یہ اقدام بھارت کی الزام تراشیوں اور یکطرفہ بیانیے کے خلاف ایک مضبوط سفارتی حکمت عملی ہے۔ شہباز شریف کی فل اسپیڈ ڈپلومیسی بھارت کے جھوٹے بیانیے کو عالمی سطح پر بے نقاب کر رہی ہے۔ اسی طرح بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدہ کی معطلی کے بعد بھی پاکستان کی سفارتکاری کافی اہم رہی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی پر شدید ردعمل دیتے ہوئے عالمی رہنماؤں سے رابطے کیے۔ انھیں پاکستان کے موقف سے آگاہ کیا۔ سندھ طاس کے قانونی نکات اور اس کی اہمیت سے عوامی رہنماؤں کو آگاہ کیا گیا۔ یوں بھارت کو سندھ طاس معاہدہ کی معطلی پر کوئی عالمی حمائت نہیں ملی ہے۔ دنیا پاکستان کے ساتھ کھڑی نظر آئی ہے۔ یہ بھی پاکستان کی اہم سفارتی کامیابی ہے۔ وزیر اعظم پاکستان کی امریکی سیکریٹری آف اسٹیٹ مارک روبیو سے بات چیت بھی بہت اہم رہی۔ وزیر اعظم سے گفتگو کے بعد ہمیں امریکی موقف میں کافی تبدیلی نظر آئی۔ امریکا نے بھارت کے جارحانہ عزائم کی حمایت نہیں کی۔ جس سے بھارت کو بڑا جھٹکا لگا۔ ورنہ اس سے پہلے ماضی میں ہم نے امریکا کا جھکا بھارت کی طرف دیکھا ہے۔ بالخصوص امریکی نائب صدر کے دورہ پر پہلگام کا فالس فلیگ آپریشن دراصل امریکا کی حمائت کے لیے ہی تھا۔ بھارت چاہتا تھا کہ امریکا کی اسے حمایت حاصل ہو جائے۔ لیکن ایسا نہیں ہو سکا ہے۔ یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ امریکا میں مقیم تحریک انصاف کے حامیوں نے اس موقع پر بھارت کی مدد کی۔ انھوں نے پاکستان اور بالخصوص آرمی چیف کے خلاف پراپیگنڈا کیا۔ لیکن پھر بھی امریکا کے ساتھ پاکستان کی سفارتکاری کامیاب رہی ہے۔ وزیر اعظم نے پاکستان میں تعینات غیر ملکی سفیروں سے ملاقاتیں کیں، جن میں ترکی، سعودی عرب، برطانیہ، یو اے ای، کویت اور چین شامل ہیں۔ یہ ملاقاتیں بھی بہت اہم رہی ہیں۔ ان ممالک کے سفیروں کو بروقت پاکستان کے موقف سے آگاہ کیا گیا۔ جس کی وجہ سے ان ممالک نے جب ردعمل دیا تو اس میں پاکستانی موقف کی تائید شامل تھی۔ ترکی نے بھی پاکستان کی حمایت کی ہے۔ بھارت کو ترکی کی پاکستان کی حمایت کی بہت تکلیف نظر آئی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ کا دورہ پاکستان بھی بہت اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ ایران خطہ کا اہم ملک ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ کی بھی وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی ہے۔ اس میں بھی پاکستانی موقف سے انھیں آگاہ کیا گیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے بھارت بھی جانا ہے۔ لیکن بھارت جانے سے پہلے ان کا دورہ پاکستان کافی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ درست ہے کہ جنگ تو جنگی محاذ پر ہی لڑی جانی ہے۔ جس کے لیے ہماری افواج تیار ہیں۔ پاکستان کی بری، بحری اور فضائی افواج نے اپنی جنگی تیاریوں سے دنیا کو واضح پیغام دیا ہے کہ ہم جنگ کے لیے تیار ہیں۔ بھارت کے فضائی حملوں کو ناکام بھی بنایا گیا ہے۔ لیکن پھر بھی سفارتی محاذ کی کامیابیوں نے ہماری افواج کا حوصلہ بھی بڑھایا ہے۔ سفارتی محاذ پر پاکستان نے بھارت کو ایک دفاعی پوزیشن میں لاکر کھڑا کر دیا ہے۔

بلوچستان میں دہشت گردی

بلوچستان میں ضلع لورالائی تحصیل میختر میں ڈاکی سر کے قریب معصوم اور بے گناہ پنجاب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو اتار کر شہید کر دیا گیا۔ یہ معصوم نہتے لوگ تھے جو تاریک راہوں میں شہید کر دیئے گئے۔ نام نہاد آزادی پسند گروپس جو دراصل بھارتی فنڈڈ دہشت گرد پراکسیز ہیں انہوں نے یہ ذمہ داری قبول کی اور اس پوری دہشت گردی کی فل فلیج میڈیا کوریج انڈین گودی میڈیا کرتا رہا۔ انڈین میڈیا بلوچستان کو مقبوضہ بلوچستان کے نام سے تشہیر کرتا رہا۔ کونسی ایسی آزادی کی تحریکیں ہیں جن میں معصوم اور بے گناہ لوگوں کو شہید کیا جائے اور اسے تحریک کا نام دیا جائے۔ نہتے لوگوں پہ حملہ اخلاقیات اور انسانیت کے خلاف ایک حیوانیت اور درندگی کا عمل ہے۔ بھارت ان حملوں میں اپنی معاونت اور فنڈ ڈ سے چلنے والی دہشت گرد تنظیموں اور پراکسیز کے ذریعے براہ راست ملوث ہے۔ اور یہ بھارت کی ریاستی دہشت گردی ہے جسے معاف قطعاً نہیں کیا جا سکتا۔ بھارت کی یہ حرکتیں اور معصوم پاکستانیوں کو شہید کرنا اب ملک و قوم کے لیئے

تحریر: الحاج فاروق بن العیش

ناقابل برداشت عمل ہے۔ جس کی حساسیت کو پاکستان کے محافظ ادارے بخوبی سمجھتے ہیں۔ پاکستانی عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت کیا جائے گا اور شیطانی دہشت گرد قوتوں کو ان حملوں کی بھاری قیمت چکانی پڑے گی۔ عالمی برادری بھارتی ریاستی دہشت گردی کا نوٹس لے۔ اجیت دوول ڈاکٹرائن کو لگام ڈالنی ہوگی اگر یہ سلسلہ نہ رکا اور بھارتی فنڈڈ تنظیموں نے دہشت گردی جاری رکھی تو اس کے انتہائی خطرناک نتائج برآمد ہونگے۔ بلوچستان اور کے پی کے میں دہشت گرد تنظیموں نے ریاست کی عملداری کو چیلنج کرنے کی کوشش کی ہے اور ریاست ہر صورت اپنی عملداری کو چیلنج کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹے گی۔ بلوچستان پہ بھارتی میڈیا کی گودی میڈیا رپورٹنگ دراصل بھارتی انٹیلیجنس ایجنسی را کی ترجمانی ہے۔ خطے کا امن و امان شدید خطرے میں ہے۔ بھارت اور اسرائیل جو کہ عسکری دفاعی پارٹنر ہیں دونوں نے دنیا کے امن کے لیئے خطرات پیدا کر دیئے ہیں۔ مشرق وسطیٰ اور سینٹرل ایشیا میں امن و امان کی صورتحال کو چیلنجنگ بنانے والے اس کی بھاری قیمت چکائیں گے۔ عوام اپنے مقتنہ اداروں سے مکمل تعاون کر کے دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنائیں۔ فتنۃ الخوارج ہندوستان کو جڑ سے اکھاڑنے میں قوم اپنی افواج کے ساتھ مکمل تعاون کرے۔ قومی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے فروغ میں پوری قوم اپنا کردار ادا کرے۔ بھارت 10 مئی کے پاکستان کے بھرپور جوابی حملے کے بعد اپنی شکست پہ بوکھلایا ہوا ہے اور معصوم لوگوں پہ اپنی پراکسیز کے ذریعے حملے کروا رہا ہے۔ معصوم اور بے گناہ پاکستانیوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ ان کی قربانیاں اور شہادتیں ایک نئی تاریخ رقم کریں گی جس کا سامنا بھارت یا اس کی دہشت گرد تنظیمیں اور پراکسیز نہیں کر سکیں گی۔ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور پاکستان کی مسلح افواج و سیکورٹی ادارے دشمن کی ہر سازش اور مکروہ عزائم کو ناکام بنائیں گے

دہشت گرد بھارت

کوئی بھی قوم صرف نعرے لگا کر ترقی نہیں کر سکتی۔ اس کے لیے قربانیاں دینی پڑتی ہیں، محنت کرنی پڑتی ہے اور ملک کے مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دینی پڑتی ہے۔ آج ہمیں بھارت کی طرف سے شدید خطرات کا سامنا ہے۔ اگر ہم عقل کے اندھے نہیں تو ہمیں اس سازش کا مکمل احساس ہونا چاہیے کہ مغربی ممالک بھارت کو آلہ کار بنا کر پاکستان کو ختم کرنا چاہتے ہیں کہ یہ ملک اور قوم ان کے لیے ہمیشہ مسئلہ بنی رہی ہے۔ کبھی کسی جہاد میں سرگرم ہو جاتی ہے اور کبھی ایٹم بم تک بنا لیتی ہے۔ یہ تمام حرکتیں مغرب کی غالب دنیا کے لیے پریشان کن ہیں۔ ہم نے ماضی میں جب سوویت یونین کا خاتمہ کیا تو اس کا خطرہ سب سے زیادہ مغربی ممالک نے محسوس کیا جو روس کے خلاف جنگ میں ہمارے اتحادی تھے اور دیکھ رہے تھے کہ یہ قوم کس قدر ایمانی طاقت رکھتی ہے اور کیا کچھ کر سکتی ہے۔ بس اس کو صرف ایک مخلص قیادت کی ضرورت ہے۔ زیادہ مدت نہیں گزری لیکن چونکہ ہماری یاداشت خاصی کمزور ہے، ہندوستان میں کاروبار اور تجارت تو پاکستان بننے سے پہلے بھی چل رہی تھی لیکن ہم نے دو قومی نظریے کی بنیاد پر یہ نیا ملک بنایا تھا۔ قیام پاکستان کی تحریک اور جدوجہد میں کون سی قربانی تھی جو پیش نہیں کی گئی۔ لے کر رہیں گے پاکستان کے نعرے پر ہم نے اپنا بہت کچھ

تحریر: ہمدان عبداللہ

قربان کر دیا اور کرتے چلے جا رہے ہیں۔ بھارت سے جنگیں کیوں کی گئیں اور ہم اپنے تحفظ کے لیے اس قدر بے چین کیوں رہتے ہیں، اس لیے کہ ہمیں خوب معلوم ہے کہ ہمارا پڑوسی ہمیں ختم کر کے اپنے میں ضم کر لینا چاہتا ہے یعنی وہی صورتحال بنانا چاہتا ہے جو قیام پاکستان سے پہلے کی تھی۔۔ تازہ ترین مثال جعفر ایکسپریس ٹرین کے واقعہ کی ہے لیکن ہم میں شائد اتنی جرات نہیں تھی کہ اس کا ذمے دار بھارت کو ٹھہرا دیتے یا شائد ہمارے حکمران بھارت کے بارے میں کسی خوش فہمی کا شکار ہیں یا خوفزدہ کہ اسے مورد الزام نہیں ٹھہراتے۔ بھارت تو اپنے ارادوں پر کوئی پردہ نہیں ڈالتا کیونکہ وہ ہماری کمزوری کی وجہ سے شیر بنا ہوا ہے اور اسے جیسے ہی موقع ملا ہے اس نے ایک خطرناک منصوبہ کے تحت خود ہی حملہ کرا کے دنیا بھر میں پاکستان کو دہشت گرد ثابت کرنے کی مذموم کوشش کی ہے۔ اندرا گاندھی نے سقوط ڈھاکہ پر کہا تھا کہ میں نے مسلمانوں سے ایک ہزار برس کی غلامی کا بدلہ لیا ہے۔ مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ اب ایک بار پھر تحریک پاکستان جنم لے رہی ہے اور تحریک کا یہ دور ویسے ہی حالات کا تقاضا ہے جو قیام پاکستان سے پہلے موجود تھے اور جس کی شدت نے ایک تحریک پیدا کی تھی جو کامیابی سے ہمکنار ہوئی لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہمارے پاس آج اس پائے کے لیڈر موجود ہیں، مجھے تو اپنی دنیا بدلی ہوئی دکھائی دے رہی ہے کیونکہ ہم کسی آزمائش کی صورت میں روایتی جنگ تو شائد برداشت نہ کر سکیں لیکن غیر روایتی جنگ میں بھارت ہمارا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ قوم کو یہ یاد دہانی کراتے رہنا چاہیے کہ ایک ڈاکٹر قدیر خان بھی تھا جس کی مہربانی سے آج ایک عام پاکستانی بے فکر ہو چین کی نیند سوتا ہے اور وہ جب بھارتی جارحیت کی بات سنتا ہے تو بر ملا کہتا ہے کہ ہمارے پاس ایٹم بم بھی موجود ہے جو میرے حفاظت کے لیے کافی ہے۔ بھارت نے گو کہ اسلحے کے انبار لگا رکھے ہیں لیکن بھارت کو یہ خوب علم ہے کہ ہمارے پاس کیا ہے اور ہم کیا کر سکتے ہیں۔ ہم نے بھارت سے کوئی جنگ نہیں ہاری۔ سقوط ڈھاکہ بھی ہماری غداری کا نتیجہ تھا۔ آج ہم جس دوراہے پر کھڑے ہیں اس میں ہمیں ایک نیا عزم اور نئی حکمت عملی اپنانا ہوگی تاکہ ہم دشمن کے عزائم کو ناکام بنا سکیں۔ ہمیں اپنی معیشت کو مستحکم کرنا ہوگا اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہوگا۔ اگر ہم نے یہ سب کچھ نہ کیا تو ہماری خود مختاری خطرے میں پڑ سکتی ہے۔

لاہور، صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق ستھرا پنجاب سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سمندری پانی کو میٹھا بنانے کا منصوبہ عالمی اداروں کے تعاون سے مکمل کرینگے، شرجیل میمن

سندھ کا ترقیاتی بجٹ صرف رقم کی تقسیم نہیں بلکہ عوامی زندگی کو بہتر بنانے کا ویژن ہے، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) سینئر وزیرِ سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سمندری پانی کو میٹھا بنانے سمیت دیگر منصوبے عالمی اداروں کے تعاون سے مکمل کریں گے۔ صوبائی بجٹ کے حوالے سے اپنے بیان میں سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کا ترقیاتی بجٹ صرف رقم کی تقسیم نہیں بلکہ عوامی زندگی کو بہتر بنانے کا ویژن ہے۔ 2025-26 کا ترقیاتی بجٹ پیپلز پارٹی کی عوام دوست پالیسیوں، چیئرمین بلاول بھٹو اور صدر آصف علی زرداری کے ویژن کا تسلسل ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ 1.018 ٹریلین روپے کا تاریخ ساز ترقیاتی بجٹ پیش کر کے ثابت کردیا کہ ہم صرف وعدے نہیں کرتے، عملی کام پر یقین رکھتے ہیں۔ حکومت سندھ نے مالی سال 2025-26 کے لیے عوامی ضروریات اور دیرینہ مسائل کو مدِنظر رکھتے ہوئے اہم ترقیاتی منصوبوں کو بجٹ کا حصہ بنایا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ ڈویژنل ہیڈکوارٹرز حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، میرپورخاص اور شہید بینظیرآباد کے لیے 7،7 ارب روپے کا ترقیاتی پیکیج فراہم کیا ہے۔ اسی طرح ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں سڑکوں کی بہتری، واٹر سپلائی، ڈرینیج، تعلیم، صحت اور دیگر شہری سہولیات کے منصوبے مکمل کیے جائیں گے۔

زیارت، صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ اپنے حلقے میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

جہلم، کشمیری پناہ گزینوں کیلئے مختص پلاٹوں کی الاٹمنٹ میں کرپشن، تین افسران گرفتار

محکمہ مال پنجاب کے ملوث افسران کی گرفتاریوں کیلئے چھاپے جاری، پناہ گزینوں کے پلاٹ دیگر لوگوں کو دیے گئے، حکام

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد نے جہلم میں کشمیری پناہ گزینوں کے لیے مختص پلاٹوں کی غیر قانونی الاٹمنٹ، ریکارڈ میں مبینہ ردوبدل و رجسٹریوں میں ملوث وزارت کشمیر و گلگت بلتستان کے 3 افسران کو گرفتار کرلیا جبکہ محکمہ مال پنجاب کے ملوث افسران کی گرفتاریوں کیلئے چھاپے جاری ہیں۔ حکام کے مطابق ایف آئی اے اینٹی کرپشن کی انکوائری نمبر 111/23 کے نتیجے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ کشمیری پناہ گزینوں کو راٹھیاں کالونی، جہلم میں وزارت برائے کشمیر و گلگت بلتستان امور کی طرف سے الاٹمنٹ کی گئی تھی۔ مذکورہ الاٹمنٹ ابتدائی الاٹمنٹ ڈیڈ کے مطابق صرف کشمیری مہاجرین کیلئے تھیں۔ انکوائری کے دوران انکشاف ہوا کہ ابتدائی الاٹمنٹ ڈیڈ کی شقوں کے برعکس، پنجاب ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے عملے کی مبینہ ملی بھگت سے ردوبدل کر کے راٹھیاں کالونی میں غیر مجاز افراد کو پلاٹوں سے متعلق رجسٹریاں / ٹرانسفر ڈیڈز غیر قانونی طور پر کی گئیں۔ وزارت امور کشمیر و گلگت بلتستان کی تصدیق کے مطابق یہ بھی سامنے آیا ہے کہ مذکورہ پلاٹوں کی منتقلی/رجسٹریشن کیلئے مجاز فورم وفاقی حکومت سے منظوری نہیں لی گئی تھی

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کا جنرل بس اسٹینڈ کا دورہ، سٹینڈوں پر لگے کرایہ ناموں کو چیک کیا

سیالکوٹ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے جنرل بس اسٹینڈ کا دورہ کیا اور مختلف ویگن و بس اسٹینڈوں پر لگائے گئے کرایہ ناموں کو چیک کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مسافروں سے کرایوں کی بابت دریافت کیا۔ انہوں نے کہا کہ عید کے موقع پر مسافروں کو پبلک ٹرانسپورٹ کی اوور چارجنگ، اوورلوڈنگ سے بچانے کیلئے اسپیشل چیکنگ سکواڈ متحرک کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، سسٹنٹ کمشنرز کی زیر نگرانی سیالکوٹ کی چاروں تحصیلوں میں انٹر ڈسٹرکٹ کرایوں کو چیک کیا جا رہا ہے۔

ہونڈا اٹلس پاکستان کا مکمل تیار شدہ گاڑیوں کی برآمدات کا آغاز

اسلام آباد (یو این اے) ہونڈا اٹلس پاکستان نے مکمل تیار شدہ گاڑیوں کی برآمدات کا آغاز کر دیا ہے، پاکستان سے مکمل تیار شدہ یونٹس کی پہلی برآمدی کھیپ ایک تاریخی سنگ میل ہے، پاکستان سے پہلی بار 40 ہونڈا سٹی گاڑیاں جاپان کو برآمد کی جا رہی ہیں۔ وزارت صنعت و پیداوار کی جانب سے ہفتہ کو یہاں جاری اعلامیہ کے مطابق ہونڈا اٹلس کی لاہور میں منعقدہ برآمدی تقریب میں وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان مہمان خصوصی کے طور پر شریک ہوئے۔

ٹرمپ کا کینیڈا کے وزیر اعظم کے سخت بیان کے بعد رابطہ، فون کال موثر قرار

وزیراعظم نے امریکی صدر کو آگاہ کیا کہ ان کی حکومت امریکا کے اعلان کے بعد جوابی ٹیرف عائد کرے گی، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کینیڈا کے وزیراعظم مارک کارنی کو ٹیرف کے حوالے سخت بیان کے بعد رابطہ کیا اور اس رابطے کو دونوں رہنماں نے مؤثر قرار دے دیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق کینیڈا کے وزیراعظم مارک کارنی نے امریکا کو دھمکی دی تھی کہ اگلے ہفتے ردعمل کے طور پر ٹیرف عائد کیا جائے گا، جس کے بعد ڈونلڈ ٹرمپ نے ان سے رابطہ کیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں کہا کہ یہ ایک انتہائی مفید کال تھی، ہم نے کئی باتوں پر اتفاق کیا اور کینیڈ کے آنے والے انتخابات کے بعد سیاست، کاروبار اور دیگر امور پر کام کرنے کے لیے فوری طور پر ملاقات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کام امریکا اور کینیڈا دونوں کے لیے کارآمد ہوگا۔ ادھر کینیڈا کے وزیراعظم مارک کارنی کے دفتر سے جاری بیان میں کہا گیا کہ وزیراعظم نے امریکی صدر کو آگاہ کیا کہ ان کی حکومت کینیڈا کے مزدوروں اور معیشت کو تحفظ دینے کے لیے امریکا کے اعلان کے بعد جوابی طور پر ٹیرف عائد کرے گی

پاکستان کے جوہری پروگرام کیلئے ٹیکنالوجی سمگل کرنے کے الزام میں کینیڈین شہری گرفتار

ملزم نے پاکستان کے عسکری پروگرام سے منسلک کمپنیوں کیلئے ایا حساس اور ممنوعہ سامان حاصل کیا

واشنگٹن (جی این ایم) پاکستان کے جوہری پروگرام کے لیے ٹیکنالوجی سمگل کرنے کے الزام میں کینیڈین شہری کو امریکہ میں گرفتار کرلیا گیا۔ اس حوالے سے امریکی محکمہ انصاف سے جاری پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ پاکستانی نژاد کینیڈین شہری محمد جاوید عزیز عرف جے صدیقی کو امریکی ایکسپورٹ کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لاکھوں ڈالر مالیت کی امریکی ٹیکنالوجی سے متعلقہ مصنوعات مبینہ طور پر پاکستان کی فوج کے عسکری پروگرام سے منسلک کمپنیوں کو سمگل کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے، 67 سالہ دوہری شہریت کے حامل پاکستانی نژاد کینیڈین شہری کو 21 مارچ کو واشنگٹن کے مغربی ڈسٹرکٹ سے اس وقت گرفتار کیا گیا جب وہ کینیڈا سے امریکہ داخل ہونے کی کوشش کر رہا تھا، ملزم کو امریکی حکام کی جانب سے منیسوٹا منتقل کرنے سے قبل زیرِحراست رکھا گیا۔ امریکی محکمہ انصاف کا اعلامیے میں کہنا ہے کہ ملزم پر الزام ہے کہ اس نے 2003 سے مارچ 2019 کے دوران کینیڈا میں قائم ایک ڈائیورسیفائڈ ٹیکنالوجی سروسز نامی کمپنی کے ذریعے غیر قانونی خرید وفروخت کا نیٹ ورک قائم کیا،

لگتا ہے علی امین گنڈاپور کے گرد گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے، شیر افضل مروت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ لگتا ہے علی امین گنڈاپور کے گرد گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔ ایک انٹرویو میں شیر افضل مروت نے کہا کہ تحریک انصاف اور جے یو آئی میں خلیج علی امین گنڈاپور کی پیدا کردہ نہیں، بانی پی ٹی آئی اور مولانا فضل الرحمان کے بیانات سے خلیج پیدا ہوئی۔

لاہور، اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بھچر و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کیا موٹرز کی قیمتوں میں 7 لاکھ روپے تک اضافہ کر دیا گیا

وفاقی حکومت کی جانب سے عائد کی گئی نئی انرجی وہیکل لیوی کی وجہ سے قیمتوں میں اضافہ کیا گیا

لاہور (این این آئی) لکی موٹر کارپوریشن نے وفاقی بجٹ میں متعارف کروائے گئے نئے ٹیکسز کے بعد اپنی کیا برانڈ کی گاڑیوں کی قیمتوں میں 7 لاکھ روپے تک اضافہ کرنے کر دیا جس کا اطلاق بھی کر دیا گیا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے عائد کی گئی نئی انرجی وہیکل لیوی یکم جولائی 2025 سے نافذ العمل ہوگئی ہے۔ این ای وی لیوی کا اطلاق تمام اقسام کی گاڑیوں پر ہوتا ہے جن میں موٹر سائیکل سے لے کر بڑی گاڑیاں بھی شامل ہیں۔ کیا موٹرز پاکستان کی جانب سے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر تازہ ترین فہرست اپ لوڈ کی گئی ہے جس میں گاڑیوں کی قیمتوں میں اضافے کے بعد نئی قیمت درج ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پکانٹو اے ٹی کی قیمت میں ایک لاکھ 50 ہزار روپے کا اضافہ کیا گیا جس کے بعد اس کی قیمت 39 لاکھ 40 ہزار سے بڑھ کر 40 لاکھ 90 ہزار روپے ہوگئی ہے۔ کیا اسٹونک ای ایکس پلس کی قیمت کی قیمت میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے جو 4 لاکھ 99 ہزار روپے کے اضافے کے بعد 55 لاکھ سے بڑھ کر 59 لاکھ 99 ہزار ہوگئی ہے۔ اسی طرح، اسٹونک ایکس کی قیمت میں 95 ہزار روپے کا اضافہ ہوا جو 47 لاکھ 67 ہزار سے بڑھ کر 48 لاکھ 62 ہزار روپے ہوگئی ہے۔ اسپورٹیج ایل الفا 4 لاکھ روپے کے اضافے کے بعد 84 لاکھ 99 ہزار سے 88 لاکھ 99 ہزار روپے ہوگئی ہے۔ اسپورٹیج ایل ایف ڈبلیوڈی کی قیمت میں 5 لاکھ کا اضافہ ہوا

اقوام متحدہ کے ادارہ برائے ڈرگز اینڈ کرائم کے اعلی سطحی وفد کی سنٹرل پولیس آفس آمد

سینئر نیشنل کنسلٹنٹ سابق آئی جی طارق کھوسہ کی قیادت میں اعلی سطحی کے وفد کی آئی جی ڈاکٹر عثمان انور سے ملاقات

لاہور (این این آئی) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے ڈرگز اینڈ کرائم کے اعلی سطحی وفد نے سنٹرل پولیس آفس کا دورہ کیا۔ سینئر نیشنل کنسلٹنٹ سابق آئی جی طارق کھوسہ کی قیادت میں اعلی سطحی وفد نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے ملاقات کی۔ وفد میں یو این او ڈی سی کے نیشنل کنسلٹنٹ ایڈیشنل آئی جی (ر) سرمد سعید، نیشنل پروگرام مینیجر بیت اللہ خان، علی امتنان و دیگر شامل تھے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے وفد کو آرگنائزڈ کرائم کے خاتمے کے لئے پنجاب پولیس کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت قائم کردہ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے۔ یو این او ڈی سی اور پنجاب پولیس کے درمیان مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق رائے اور آرگنائزڈ کرائم کے تدارک کیلئے بین الصوبائی کوارڈینیشن سے پاکستان بھر کے لئے یکساں سٹریٹیجی تشکیل دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

اوستا محمد میں ہندو مسلم بھائی بھائی گروپ کے زیراہتمام میڈیکل ریلیف کیمپ کا انعقاد

اوستا محمد (یو این اے) ہندو مسلم بھائی بھائی گروپ کی جانب سے میڈیکل ریلیف کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس کا افتتاح صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈی ایچ او ڈاکٹر امیر علی جمالی، ڈاکٹر اشوک کمار، ڈاکٹر سری چند، ڈاکٹر ہریش کمار، اعجاز احمد ہجوانی، مظفر علی میمن، وجے کمار اور محمد بچل سومرو بھی شریک تھے۔

جیکب آباد، امیر جماعت اسلامی سندھ کاشف سعید شیخ و دیگر استقبالیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب الرحمان بنگلزئی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چمن کے دورے کے موقع پر عملے کی حاضریاں چیک کر رہے ہیں

سائبر فراڈ کا شکار بنے بزرگ جوڑے نے زندگی بھر کی جمع پونجی گنوانے پر خودکشی کرلی

جوڑے نے خودکشی سے قبل ایک نوٹ چھوڑا جس میں انہوں نے اہم انکشاف کیا

کرناٹک (یو این اے) بھارتی ریاست کرناٹک کے بیلگاوی ضلع سے تعلق رکھنے والے اور سائبر فراڈ کا شکار بنے بزرگ جوڑے نے زندگی بھر کی جمع پونجی گنوانے پر خودکشی کرلی۔ بزرگ جوڑے نے سائبر کرائم کے اہلکار ہونے کا جھوٹا دعوی کرنے والوں کے ہاتھوں 50 لاکھ روپے کے فراڈ کے بعد اپنی جان لے لی۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق فراڈ کا شکار ہونے کے بعد 83 سالہ شوہر نے اپنا گلا کاٹ لیا، جبکہ 79 سالہ خاتون نے زہر کھا کر خودکشی کرلی۔ رپورٹ کے مطابق جوڑے نے خودکشی سے قبل ایک نوٹ چھوڑا جس میں کہا گیا کہ وہ دہلی کرائم برانچ سے ہونے کا دعوی کرنے والے دھوکہ بازوں کی جانب سے دھمکیاں ملنے سے خوفزدہ تھے۔ فراڈ کرنے والوں نے دھوکے بازی کیلئے آن لائن ویڈیو کال کا طریقہ اختیار کیا۔ انہوں نے ویڈیو کال کے ذریعے بزرگ جوڑے سے رابطہ کیا، اور ان پر جرم میں ملوث ہونے کا جھوٹا الزام لگایا۔ انہوں نے دعوی کیا کہ جوڑے کے فون اور آئی ڈی سے سمجھوتہ کیا گیا تھا اور اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے 5 لاکھ روپے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ ریٹائرڈ جوڑا جو مہاراشٹر سیکریٹیٹ میں ملازمت کرتا تھا، انہوں نے دھوکہ بازوں کی طرف سے مانگے گئے

پشتون افغان ملت کی مزید بربادی وتباہی کے ذمہ دار قومی قیادت ہوگی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

پشتونخوا وطن کے سیاسی جمہوری قوتوں کے وسیع متحدہ محاذ کی تشکیل کو اولین ضرورت سمجھتی ہے

پشین (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشتون افغان ملت کو درپیش اذیت ناک اور سنگین صورتحال سے نجات پشتونخوا وطن کے سیاسی جمہوری قوتوں کے وسیع متحدہ محاذ کی تشکیل اور ان کے پلیٹ فارم سے متحدہ جدوجہد میں ہے پشتونخوا وطن کے سیاسی جمہوری قوتوں کی قیادت کو اس اذیت ناک صورتحال کا پوری طرح ادراک ہے اور اس برسرزمین حقائق کو تسلیم نہیں کیا گیا تو پشتون افغان ملت کی مزید بربادی وتباہی کے ذمہ دار قومی قیادت ہوگی اور مدعی سے گلہ کرنا صرف بزدلی میں شمار ہوتی ہے، پشتونخوانیپ پشتونخوا وطن کے سیاسی جمہوری قوتوں کے وسیع متحدہ محاذ کی تشکیل کو اولین ضرورت سمجھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات محمد عیسی روشان، مرکزی کمیٹی کے رکن واسع افغان، صوبائی کمیٹی کے اراکین سردار فیصل خان ترین، عبدالستار ارمان اور علاقائی سینئر معاون سیکریٹری سمیع اللہ سلیمانخیل نے علاقائی یونٹ اجرم کے زیراہتمام کلی سلیمانخیل میں کارکنوں کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر علاقائی سینئر معاون سیکریٹری سمیع اللہ سلیمانخیل کی جانب سے پارٹی رہنماں اور کارکنوں کے اعزاز میں پرتکلف افطار پارٹی دی گئی

امریکا، کینیڈین شہری پاکستان کے جوہری پروگرام کیلئے ٹیکنالوجی اسمگل کرنے کے الزام میں گرفتار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستانی نژاد کینیڈین شہری کو مبینہ طور پر امریکی ایکسپورٹ کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پاکستان کے فوجی اور اسلحہ کے پروگراموں سے وابستہ اداروں کو حساس امریکی سامان اور ٹیکنالوجی اسمگل کرنے کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 21 مارچ کو عائد کی گئی فرد جرم کے مطابق محمد جاوید عزیز (جاوید عزیز صدیقی) عرف جے صدیقی کو کینیڈا سے امریکا میں داخل ہوتے ہوئے حراست میں لیا گیا

شہادت فاروقؓ و حسینؓ نے باطل قوتوں کی سرکوبی کر کے حق پرستی کے علم کو بلند کیا، مولانا حافظ عبدالرحمٰن سلفی

ہم اسوہ سیدنا عمر فاروقؓ اور سیدنا امام حسینؓ کی دینی خدمات اور ان کے کارناموں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ علمائے اہل حدیث

کراچی (این این آئی) حق و صداقت اور دین اسلام کے علم کو بلند کر کے شہادت سیدنا عمر فاروقؓ اور سیدنا امام حسین کی قربانیاں ہمیں راہ حق کی نشاندہی کرتی ہیں اور ہمیں بتاتی ہیں کہ دین کی سرفرازی اور اس کی حقانیت کو ہمیشہ بلند رکھنے کے لئے رب کی بارگاہ میں ان گنت قربانیاں دینی پڑتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار مولانا حافظ عبدالرحمن سلفی مرکزی امیر جماعت غرباء اہلحدیث پاکستان نے عشرہ فاروق و حسین کے طالب علموں اور خواتین و حضرات کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہم نے کائنات کے گوشے گوشے میں دنیا کی طاغوتی طاقتوں کی سرکوبی کر کے حق و صداقت اور دین محمدی کا پرچار کیا ہے۔

موٹرسائیکل سوار محنت کش شہری دوہرے ظلم کا شکار ہیں، راؤ عبدالرحمٰن

حکومتِ سندھ، محکمہ ٹرانسپورٹ اور اعلیٰ عدلیہ پبلک ٹرانسپورٹ کی فوری بحالی کا مؤثر پلان دیں،

کراچی (این این آئی) جمعیت علمائے پاکستان یوتھ ونگ کراچی کے صدر راؤ عبدالرحمن نے کہا ہے کہ کراچی کے لاکھوں موٹر سائیکل سوار محنت کش شہری اس وقت دوہرے ظلم کا شکار ہیں۔ ایک جانب شہر میں بغیر کسی مؤثر اور قابلِ عمل متبادل کے چھوٹی پبلک ٹرانسپورٹ بند کر دی گئی ہے، دوسری طرف یہی شہری ٹریفک پولیس کی بدسلوکی، رشوت خوری اور دھونس کا روزانہ نشانہ بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اور نیم سرکاری پبلک ... کراچی میں محنت کش شہریوں کا "جرم" صرف یہ ہے کہ وہ بائیک چلاتے ہیں، ہیلمٹ یا کاغذات کا بہانہ بنا کر روزانہ ان سے چالان اور رشوت لی جاتی ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی کئی ویڈیوز میں ٹریفک اہلکاروں کا غیر انسانی اور بدتمیز رویہ کھل کر سامنے آ چکا ہے، مگر انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب تک عوام کے لیے سستی، باعزت اور قابلِ اعتماد پبلک ٹرانسپورٹ مہیا نہیں کی جاتی

بلوچستان کو جان بوجھ کر بدامنی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، حافظ حسین احمد شرودی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی اور دیگر رہنماں نے اپنے مشترکہ بیان میں بلوچستان حکومت سے ماہ رنگ بلوچ، سمی دین بلوچ اور دیگر بلوچ اسیران کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ جے یو آئی کے رہنماں نے کہا کہ پارٹی اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان نے ہمیشہ جبری گمشدگیوں اور ماورائے عدالت ہلاکتوں کے خلاف آواز بلند کی ہے۔ انہوں نے سردار اختر مینگل کے دھرنے کے قریب ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا

صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میانمار میں شدید زلزلے سے ہلاکتوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کرگئی

امدادی کاروائیوں کا سلسلہ دوسرے دن بھی جاری ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے، فوجی حکام

میانمار (جی این ایم) میانمار میں شدید زلزلے کے بعد امدادی کاروائیوں کا سلسلہ دوسرے دن بھی جاری ہے اور تباہی کا شکار ہونے والی والی عمارتوں میں پھنسے لوگوں کو بچانے کے لیے کاروائیاں کی جارہی ہیں 7.7 شدت کے زلزلے سے مرنے والوں کی تعداد 1 ہزار 50 تک پہنچ گئی ہے جبکہ 3 ہزار کے قریب زخمی اور 30 سے زیادہ لاپتہ ہیں امریکی نشریاتی نے یہ اعداد وشمار میانمار کی فوجی حکومت کے حوالے سے بتائے ہیں عالمی ذرائع ابلاغ کا کہنا ہے کہ یہ تعداد زیادہ ہوسکتی ہے کیونکہ بہت سارے علاقے میڈیا کی رسائی سے باہر ہیں اور معلوم نہیں کہ ان علاقوں میں کتنا نقصان ہوا ہے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ملک کے دو بڑے اور گنجان آباد شہروں میں ہر طرف مکمل طور پر یا آدھی گری عمارتیں نظر آرہی ہیں اور ریسکیو آپریشن شروع ہوئے ابھی تک 24 گھنٹے بھی مکمل نہیں ہوئے ایسی صورتحال میں درست اعداد وشمار کا اندازہ لگانا ممکن نہیں زلزلے سے ملک کے دوسرے بڑے شہر منڈالے کے سابق شاہی محل اور متعدد عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے اگرچہ یہ علاقہ زلزلوں کی زد میں رہتا ہے لیکن یہاں آبادی کم ہے اور زیادہ تر مکانات ایک یا دو منزلہ ہوتے ہیں منڈالے کے جنوب مغرب میں واقع سگانگ کے علاقے میں ایک 90 سال پرانا پل گر گیا منڈالے کو میانمار کے سب سے بڑے شہر ینگون (رنگون) سے جوڑنے والی شاہراہ کے کچھ حصے بھی متاثر ہوئے

علی امین نے آبادی کیلئے این ایف سی ایوارڈ میں حصہ نہ ملنے پر صدر مملکت کو خط لکھ دیا

پشاور (این این آئی) وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے آبادی کیلئے ملنے والا این ایف سی ایوارڈ میں حصہ نہ ملنے پر صدر پاکستان آصف زرداری کو خط دیا۔ علی امین گنڈاپور نے خط میں لکھا کہ 2018 میں سابقہ قبائلی اضلاع کو خیبر پختونخوا میں ضم کیا گیا، ضم اضلاع کے انضمام سے صوبے کی آبادی میں 57 لاکھ افراد کا اضافہ ہوا

کراچی کی عدالت نے ٹرمپ کیخلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست پر فیصلہ سنادیا

سرکاری وکیل کی جانب سے درخواست کی مخالفت پر درخواست گزار کے وکیل الجھ پڑے، عدالت نے درخواست مسترد کردی

کراچی (این این آئی) کراچی کی مقامی عدالت نے امریکی صدر ٹرمپ کیخلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست مسترد کردی۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج غربی امیر الدین رانا نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کیخلاف مقدمہ کے اندراج کی درخواست مسترد کردی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج غربی امیر الدین رانا کی عدالت کے روبرو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کیخلاف مقدمہ کے اندراج کی درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے درخواست گزار جمشید علی خواجہ کے وکیل بیرسٹر جعفر عباس جعفری سے استفسار کیا کہ پہلے ویانا کنونشن کے بارے میں بتائیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے دلائل میں کہا کہ امریکہ انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس کا ممبر نہیں ہے، اسی لیے اس عدالت کے پاس آئے ہیں۔ لاکھوں پاکستانی ٹرمپ کے اقدام سے متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہیڈ آف دی اسٹیٹ کیخلاف مقدمہ ہوسکتا ہے البتہ اسے گرفتار نہیں کیا جاسکتا ہے۔ استثنی کی وجہ سے ہیڈ آف دی اسٹیٹ کو گرفتار نہیں کیا جاسکتا ہے۔ نامزد ملزم کو گرفتار کیا جائے ہم یہ نہیں مانگ رہے ہیں صرف مقدمہ درج کیا جائے۔ درخواست گزار کے وکیل نے سرکاری وکیل کے دلائل دینے پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ جب تک نوٹس جاری نہیں ہوتے سرکاری وکیل دلائل نہیں دے سکتے ہیں۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ سرکاری وکیل کو عدالت کی معاونت کے لیے طلب کیا گیا ہے۔ عدالت نے درخواست گزار کے وکیل کا اعتراض مسترد کردیا۔ عدالت نے سرکاری وکیل کو دلائل دینے کی ہدایت کردی جس پر انہوں نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ امریکی صدر کیخلاف جو مقدمہ درج کرنے کی درخواست دائر کی گئی ہے قابل سماعت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویانا کنونشن کے تحت صدر امریکی صدر کو استثنی حاصل ہے۔ پاکستان کا قانون بھی ہیڈ آف دی اسٹیٹ کو استثنی دیتا ہے۔ ڈاکس تھانے سمیت ضلع غربی سمیت پاکستان میں کوئی جرم نہیں ہوا ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی صدر نے ایران میں جو کیا اس کی اجازت کوئی قانون نہیں دیتا ہے۔ مودی نے پاکستان میں حملہ کیا، مسجدوں پر حملہ کیا درخواست گزار نے کوئی درخواست دائر نہیں کی،

6 نئے کینال نکالنے کے فیصلے کے خلاف جے یو آئی کا بڑا اعلان

6 اپریل کو سندھ بھر میں 7 اہم مقامات پر الگ الگ زبردست احتجاج اور دھرنے دیئے جائینگے

سکھر (نمائندہ بولان) دریائے سندھ سے 6 نئے کینال نکالنے کے فیصلے کے خلاف جے یو آئی کا بڑا اعلان کردیا 6 اپریل کو سندھ بھر میں 7 اہم مقامات پر الگ الگ زبردست احتجاج اور دھرنوں کا اعلان دریائے سندھ سے 6 نئے کینال نکالنے کے وفاقی فیصلے کے خلاف جمعیت علمائے اسلام نے سخت ردعمل دیتے ہوئے احتجاجی تحریک کا اعلان کردیا ہے جے یو آئی نے حکومت کو واضح اور دوٹوک پیغام دے دیا کہ اگر یہ منصوبہ واپس نہ لیا گیا تو سندھ میں ایسی عوامی مزاحمت کھڑی ہوگی جو حکمرانوں کے ایوانوں تک لرزہ طاری کردے گی عید الفطر کے بعد حکومت مخالف زبردست احتجاج کا آغاز کیا جائے گا 6 اپریل کو سندھ کے مختلف مقامات پر دھرنے دیے جائیں گے جن میں گڈو بیراج، سکھر بیراج، لاڑکانہ خیرپور پل، دادو مورو پل، قاضی احمد آمری پل، کوٹڑی بیراج اور ٹھٹہ سجاول پل شامل ہیں ان دھرنوں کے نتیجے میں سندھ، پنجاب اور بلوچستان کے درمیان چلنے والی ٹریفک کو مکمل طور پر بند کردیا جائے گا تاہم ان دھرنوں کا مقصد عوام کو تکلیف دینا نہیں بلکہ انہیں ایک دیرپا بحران سے نکالنے کے لیے حکومت کو متنبہ کرنا ہے کہ ہم اس فیصلے کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے اس سلسلے میں جمعیت علمائے اسلام ضلع سکھر کے امیر مولانا محمد صالح انڈھڑ اور جنرل سیکریٹری حافظ عبدالحمید مہرنے روہڑی پریس کلب میں دھواں دار پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ جے یو آئی کسی بھی صورت سندھ دشمن منصوبوں کو کسی صورت قبول نہیں کرے گی انہوں نے حکمرانوں کو کھلے الفاظ میں للکارتے ہوئے کہا کہ اگر دریائے سندھ کے پانی پر ڈاکہ ڈالنے کی سازش بند نہ کی گئی تو عوامی طوفان حکومتی تخت کو بہالے جائے گا ہم کسی قیمت پر اپنے صوبے کی زمین کو بنجر کرنے اور پانی پر قبضے کی اجازت نہیں دیں گیمولانا محمد صالح انڈھڑ نے خبردار کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی عوام ظلم کے خلاف بیدار ہوچکی ہیاب یہ ناانصافی نہیں چلے گی 6 اپریل کو سندھ کے کونے کونے سے غیرت مند عوام سڑکوں پر نکلیں گے اور یہ احتجاج سندھ پر حکمرانی کے خواب دیکھنے والوں کے لیے عبرت کا نشان بن جائے گا حکمرانوں کو سمجھ لینا چاہیے کہ سندھ میں بسنے والے لوگ باضمیر اور بہادر ہیں

کولمبیا یونیورسٹی کی عبوری صدر نے متنازعہ اقدامات پر ردعمل پر استعفی دے دیا

ٹرمپ انتظامیہ کے ساتھ بہت تیزی سے منسلک ہونے کے الزامات کے بعد استعفی دے رہی ہیں، کترینہ آرمسٹرانگ

واشنگٹن (جی این ایم) کولمبیا یونیورسٹی کی عبوری صدر کترینہ آرمسٹرانگ نے ٹرمپ انتظامیہ کی حمایت کے الزامات اور متنازعہ اقدامات پر ردعمل کے بعد استعفی دے دیا ہے قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق کولمبیا یونیورسٹی کی صدر کترینہ آرمسٹرانگ نے اگست 2024 میں یہ عہدہ سنبھالا تھا انہوں نے کہا کہ وہ ٹرمپ انتظامیہ کے ساتھ بہت تیزی سے منسلک ہونے کے الزامات کے بعد استعفی دے رہی ہیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ ہفتے کولمبیا یونیورسٹی نے اعلان کیا تھا کہ وہ وفاقی حکومت کی جانب سے طلب کردہ اصلاحات کی ایک فہرست تیار کرے گی جس میں کیمپس پولیس کو گرفتاری کے اختیارات دینا اور مڈل ایسٹ اسٹڈیز ڈیپارٹمنٹ کے لیے نئی نگرانی شامل ہے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ اقدام ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے کولمبیا کے لیے منسوخ کی جانے والی 40 کروڑ ڈالر کی سالانہ وفاقی گرانٹ کی بحالی کا عمل شروع کرنے کے لیے کیا گیا تھا یہ اس کے آپریٹنگ بجٹ کا پانچواں حصہ ہے ان کا کہنا تھا کہ یہ سزا مبینہ طور پر یہود دشمنی اور غزہ پر اسرائیل کی جنگ کے خلاف مظاہرہ کرنے والے مظاہرین کے خلاف یونیورسٹی کے ردعمل کے لیے دی گئی تھی کولمبیا یونیورسٹی کے بہت سے اساتذہ اس بات سے خوش نہیں تھے کہ انہوں نے صدر کی رضامندی کو قانونی جنگ کے بغیر قبول کرلیا اس بات پر بھی تشویش پائی جاتی ہے کہ اس عمل سے ٹرمپ انتظامیہ کے دیگر یونیورسٹیوں کے پیچھے پڑ جانے کے حوصلے کو تقویت ملے گی جو اس کے پاس پہلے سے موجود ہے

موسم گرم ہوتے ہی آبی ذخائر کی صورت حال بہتر ہونے لگی

ایک ہفتے بعد تربیلا ڈیم اور چشمہ بیراج میں پانی کی سطح ڈیڈ لیول سے 2، 2 فٹ اوپر

اسلام آباد (یو این اے) موسم گرم ہوتے ہی آبی ذخائر کی صورت حال بہتر ہونے لگی اور ایک ہفتے بعد تربیلا ڈیم اور چشمہ بیراج میں پانی کی سطح ڈیڈ لیول سے دو دو فٹ اوپر آ گئی۔ تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح اب 1404 فٹ، چشمہ بیراج میں بھی پانی کی سطح 640 فٹ ہوگئی ہے اور منگلا ڈیم میں بھی پانی کی سطح 4 فٹ بلند، 1074 فٹ تک پہنچ گئی۔ ڈیمز میں قابل استعمال پانی کے ذخیرے میں 75 ہزار ایکٹر فٹ کا اضافہ ہوا اور ایک لاکھ 83 ایکٹر فٹ ہوگیا ہے۔ ترجمان واپڈا کے مطابق تربیلا میں پانی کی آمد 22 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 15 ہزار کیوسک ہے۔ منگلا ڈیم میں پانی کی آمد 27 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 15 ہزار کیوسک ہے

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب آفس آمد

قانونی وعدالتی امور کی انجام دہی کے حوالے سے ورکنگ ریلیشن شپ کو مزید فروغ پر اتفاق

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈی آئی جی سی ٹی ڈی وقاص الحسن کے ہمراہ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب آفس کا دورہ کیا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب آفس پہنچنے پر ڈائریکٹر ایڈمن و ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل محمد ارشد علی فاروقی نے آئی جی پنجاب کا استقبال کیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب فرہاد علی شاہ سے ملاقات کی۔ پنجاب پولیس اور پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کے مابین قانونی وعدالتی امور کی انجام دہی کے حوالے سے ورکنگ ریلیشن شپ کو مزید فروغ پر اتفاق رائے کیا گیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے تناظر میں درپیش چیلنجز پر دونوں محکموں کا کیسز کے فالو اپ پر خصوصی فوکس ہے۔ سنٹرل پولیس آفس اور پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے درمیان براہ راست اور موثر کوارڈینیشن موجود ہے۔

روہڑی شہر کو رنگ برنگی روشنیوں سے سجا دیا گیا

پورے شہر میں سجاوٹ کا کام مکمل ہو چکا ہے اور یہ سلسلہ عید کے تیسرے آخری روز تک جاری رہے گا

سکھر (نمائندہ بولان) عیدالفطر کی خوشیوں کو دوبالا کرنے کے لیے روہڑی شہر کو رنگ برنگی روشنیوں سے سجا دیا گیا ہیچیرمین ضلع کونسل سکھر سید کمیل حیدر شاہ کی خصوصی ہدایت پر روہڑی کو عیدالفطر کی خوشیوں میں اضافے کے لیے شاندار روشنیوں اور دلکش سجاوٹ سے آراستہ کیا گیا ہے اس تاریخی اقدام کے تحت لینس ڈاؤن پل، نیوی پارک شاہراہ، روہڑی پریس کلب کی عمارت، بیڑی چوک سے میمن محلّہ پل، فائر بریگیڈ آفس، مختیارکار و اسسٹنٹ کمشنر آفس روہڑی، کشتی پارک، جی ٹی روڈ، باب کربلا، میونسپل کمیٹی روہڑی آفس سمیت درجنوں سرکاری و تاریخی عمارتوں کو انتہائی خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا ہیاس کے علاوہ باب بیدل بیکس، لائبریریاں، کربلا میدان، گانگوٹی گرانڈ، قصر ناصر ہاس روڈ اور دیگر اہم مقامات کو بھی نہایت خوبصورتی سے سجایا گیا ہے ان مقامات پر روشنیوں اور آرائشی قمقموں کی تنصیب سے روہڑی ایک خوابناک جگمگاتی منظر پیش کر رہا ہے شہریوں کی بڑی تعداد رات کے وقت ان مقامات کا رخ کر رہی ہے اور عید کے تہوار کے موقع پر اس تاریخی اقدام کو یادگار بنا رہی ہے اس سلسلے میں پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق فوکل پرسن برائے منسٹر لوکل گورنمنٹ سندھ عرفان علی داد پوٹو اور چیئرمین میونسپل کمیٹی روہڑی میر سید یعقوب علی شاہ اور سید عمران شاہ نے مشترکہ بیان میں کہا کہ روہڑی شہر کو دلہن کی طرح سجانے کا مقصد شہریوں کو عیدالفطر کے موقع پر ایک خوشگوار اور دلکش ماحول فراہم کرنا ہے ان کے مطابق یہ پہلا موقع ہے کہ روہڑی کو عیدالفطر کی آمد سے کئی روز قبل ہی اس قدر وسیع پیمانے پر عید کی مناسبت سے سجایا گیا ہے جو سید کمیل حیدر شاہ کی خصوصی دلچسپی اور ہدایت کا نتیجہ ہے انہوں نے مزید کہا کہ پورے شہر میں سجاوٹ کا کام مکمل ہو چکا ہے اور یہ سلسلہ عید کے تیسرے آخری روز تک جاری رہے گا دوسری جانب شہریوں نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ رنگ برنگی روشنیوں اور سجاوٹ نے عید کی خوشیوں کو مزید بڑھا دیا ہے اور یہ ایک خوش آئند عمل ہے روہڑی کی اہم شاہراہوں اور سرکاری عمارتوں پر نصب رنگ برنگی روشنیاں ایک دلفریب منظر پیش کر رہی ہیں جس سے شہر کے حسن میں مزید اضافہ ہوگیا ہے عوامی حلقوں نے حکومت سندھ اور متعلقہ حکام کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ایسے اقدامات آئندہ بھی جاری رہیں گے تاکہ عوام کو خوشگوار اور پرمسرت مواقع فراہم کیے جاسکیں یہ منفرد اقدام عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر روہڑی کے عوام کے لیے ایک تحفہ ثابت ہو رہا ہے جسے ہر شہری نہایت خوشی اور جوش و خروش سے سراہ رہا ہے

لبنان اور اسرائیل کے درمیان نئے سرے سے تنازعات سے گریز کیا جانا چاہیے، اقوام متحدہ

لبنان میں وسیع تر جنگ کی واپسی سرحد کے دونوں طرف کے شہریوں کے لیے تباہ کن ہوگی، جینین ہینس پلاسچارٹ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے لبنان کے دارالحکومت بیروت پر اسرائیلی بمباری کے بعد لبنان اور اسرائیل کے درمیان تنازعات سے بچنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اسرائیل اور لبنان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ تشویشناک ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لبنان کے لیے اقوام متحدہ کے خصوصی نمائندے جینین ہینس پلاسچارٹ نے ایک بیان میں کہا کہ لبنان میں وسیع تر جنگ کی واپسی سرحد کے دونوں طرف کے شہریوں کے لیے تباہ کن ہوگی۔ اس سے ہر قیمت پر گریز کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ ضروری ہے کہ تمام فریق تحمل کا مظاہرہ کریں۔ دوسری طرف حزب اللہ نے اسرائیل پر راکٹ فائر کرنے کی ذمہ داری قبول کرنے سے انکار کیا ہے۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان اویچائی ادرعی نے بیروت کے جنوبی علاقے الضاحیہ میں ایک محلے کے رہائشیوں کو انخلا کے لیے کہا تھا۔ چار ماہ قبل جنگ بندی شروع ہونے کے بعد سے اپنی نوعیت کی پہلی وارننگ قرار دی جاتی ہے

ٹرمپ کے خط میں دھمکی تھی اور ہم نے اپنا جواب جمع کرا دیا، ایرانی وزیر خارجہ

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے پیغام کے کچھ حصوں میں دھمکیاں تھیں، تقریب سے خطاب

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران سلطنت عمان کے ذریعے امریکہ کے ساتھ بالواسطہ بات چیت کے لیے تیار ہے۔ ایران دھمکی یا ڈرانے دھمکانے کی وجہ سے مذاکرات نہیں کرے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے یوم القدس کی تقریبات کے موقع پر صحافیوں کو بیانات کے دوران انکشاف کیا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے پیغام کے کچھ حصوں میں دھمکیاں تھیں۔ تاہم انہوں نے زور دے کر کہا کہ ایرانی عوام سے دھمکیوں کی زبان میں بات کرنا بے سود ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس پیغام کا بغور مطالعہ کیا۔ اس کی مختلف جہتوں پر تبادلہ خیال کیا، اور اس کا مناسب جواب امریکی فریق تک پہنچایا۔ عباس عراقچی نے کہا کہ امریکہ کے ساتھ سفارت کاری کے لیے ایک کھڑکی کھولنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ ٹرمپ کے پیغام کے بارے میں افشا ہونے والی رپورٹس کے بارے میں عراقچی نے ان کی صداقت کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ گردش کرنے والی ہر چیز مفروضوں اور قیاس آرائیوں پر مبنی ہے۔ کچھ رپورٹس میں بتایا گیا کہ امریکی صدر نے فروری کے آخر میں ایرانی سپریم لیڈر کو بھیجے گئے خط کا جواب دینے کے لیے تہران کو دو ماہ کا وقت دیا تھا۔ جبکہ ایرانی حکام بارہا کہہ چکے ہیں کہ وہ دھمکی کے تحت مذاکرات نہیں کریں گے۔ تاہم انہوں نے بالواسطہ مذاکرات کے امکان کا اشارہ دیا۔ یہ بات قابل غور ہے کہ امریکی صدر نے اپنی پہلی مدت کے دوران 2018 میں جوہری معاہدے سے علیحدگی اختیار کرلی تھی اور تہران پر سخت پابندیاں عائد کردی تھیں۔

بھارت، امیت شاہ کے خلاف تحریک استحقاق کی تجویز مسترد، کانگریس کا احتجاج

بھنڈرانوالہ کی شہادت کی توثیق اور سکھ کمیونٹی کے حقوق کے لیے انصاف کا مطالبہ

نئی دہلی (این این آئی) ایس جی پی سی نے امیت شاہ کے بیانات کی سخت مذمت کی، بھنڈرانوالہ کی شہادت کی توثیق اور سکھ کمیونٹی کے حقوق کے لیے انصاف کا مطالبہ کردیا، شیرومانی گردوارہ پربندھک کمیٹی (ایس جی پی سی) نے یونین ہوم منسٹر امیت شاہ کے پارلیمنٹ میں جارنائل سنگھ بھنڈرانوالہ کے حوالے سے دیئے گئے حالیہ بیانات کی سخت مذمت کی ہے۔ ایس جی پی سی نے ایک قرارداد منظور کی جس میں شاہ کے بیان کو اینٹی سکھ اور بھارت کی متنوع ورثے کی توہین قرار دیا گیا۔ یہ قرارداد ایس جی پی سی کے بجٹ اجلاس میں امرتسر میں منظور کی گئی، جس میں بھنڈرانوالہ کو ایک قومی شہید کے طور پر تسلیم کیا گیا جو سکھ مذہب کی عزت اور شناخت کے لیے اپنی جان قربان کر چکے ہیں۔ یہ تنازعہ اس وقت شروع ہوا جب شاہ نے پارلیمنٹ میں کہا

بی این پی کے لانگ مارچ و دھرنے کے قریب خودکش دھماکہ افسوسناک ہے، میر رحمت صالح بلوچ

الیکشن میں دھاندلی کی وجہ سے نوجوانوں کا پارلیمانی سیاست پر اعتماد کمزور ہو چکا ہے، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے لک پاس میں بی این پی کے لانگ مارچ و دھرنے کے قریب خودکش دھماکہ کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی قیادت اور تمام جماعتوں کی نمائندگی اس لانگ مارچ و دھرنے میں موجود ہے، حکومت کو چاہیے کہ وہ احتجاجی مظاہرین کو سیکورٹی فراہم کرے یہ ان کی بنیادی ذمہ داری ہے انہوں نے خودکش دھماکہ میں سیاسی قائدین اور کارکنوں کے محفوظ رہنے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اس خودکش دھماکہ کی اعلی سطح پر تحقیقات کر کے حقائق سامنے لائے جائیں انہوں نے لانگ مارچ کے قائدین اور شرکا کیلیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے

جے کے ایل ایف کے شہدا کی برسی، یومِ کردار منایا گیا

درگاہ حضرت بل کے شہدا کو خراج عقیدت پیش

سرینگر (یو این اے) بانی کمانڈر انچیف جے کے ایل ایف شہید وطن اشفاق مجید وانی صدر جموں کشمیر لبریشن فرنٹ شہید صداقت شبیر صدیقی کمانڈر انچیف جے کے ایل ایف جنرل بشارت رضا شہید حکمت ڈاکٹر عبدالاحد گورو شہید انصاف جلیل اندرابی ایڈووکیٹ اور شہدائے حضرت بل کا یوم شہادت آج 30 مارچ کو یوم کردار کی صورت میں منایا گیا آزادی پسندوں نے مزار شہدا جا کر ان عظیم محسنوں کی قبروں پر حاضری دے کر ان کی قربانیوں کی قبولیت اور جنت نشینی کی دعا کی اشفاق مجید وانی موجودہ مسلح تحریک آزادی کشمیر کے صف اول کے رہنما اور بانی کمانڈر انچیف جے کے ایل تھے جو تین رمضان المبارک 30 مارچ 1990 کو سری نگر میں پہلی فدائی کاروائی میں شہید ہوئے ان کے جسد خاکی کو اٹھانے جب لوگ آگے بڑھے تو بھارتی فوج کی فائرنگ سے جنازہ اٹھاتے کہیں لوگ شہید ہوئے کشمیر کی تحریک میں ان کا نماز جنازہ کسی بھی حریت پسند کا سب سے بڑا اجتماع قرار دیا گیا شبیر صدیقی یاسین ملک کی جگہ جے کے ایل ایف چیئرمین امان اللہ خان نے بھارتی مقبوضہ کشمیر میں تنظیم کے زونل صدر مقرر کیے جو درگاہ حضرت بل سری نگر میں جے کے ایل ایف کی ساری لیڈر شپ کے ساتھ ایک ہفتہ محصور رکھے جانے کے بعد اشفاق مجید وانی کے چھٹے یوم شہادت پر 30 مارچ 1996 کو 26 سینئر لیڈروں اور زمہ داران سمیت شہید کر دیے گئے بانی تحریک عبدالحمید شیخ کے بعد سری نگر کے جڑے ضلع بڈگام کے سوئیہ بگ گاں سے تعلق رکھنے والے دینی اسکالر شبیر صدیقی مقبوضہ کشمیر میں جے کے ایل ایف کے دوسرے صدر تھے جو براہ راست تصادم میں بھارتی فورسز کے ساتھ شہید ہوئے

میں فل حال حزب اللہ پر پابندیوں کے بارے میں بات کرنا چاہتی ہوں، ٹیمی بروس

ترجمان امریکی محکمہ خارجہ کا افغان دہشت گرد نیٹ ورک کے حوالے سے جواب دینے سے گریز

واشنگٹن (این این آئی) ترجمان امریکی محکمہ خارجہ کا ہفتہ وار پریس بریفنگ میں افغان دہشت گرد نیٹ ورک کے حوالے سے جواب دینے سے گریز۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس نے ہفتہ وار پریس افغانستان سے سرگرم دہشت گرد نیٹ ورک کے حوالے سے پاکستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کی کارروائیوں پر براہ راست جواب دینے سے گریز کیا۔ ایک پریس بریفنگ کے دوران سوال کیا گیا کہ پاکستان میں دہشت گردی کی سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں اور گروہ جیسے ٹی ٹی پی، القاعدہ، اور داعش طالبان کے زیرِ انتظام افغانستان سے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی ذکر کیا کہ پاکستان، جو ایک شراکت دار ملک ہے، نے حالیہ مہینوں میں سیکڑوں شہریوں اور سیکورٹی اہلکاروں کی جانیں گنوائیں اور ایک انتہائی مطلوب دہشت گرد کو امریکی حکام کے حوالے کیا۔

غیر معیاری بیج اور کھاد کی وجہ سے پیاز کی پیداوار میں کمی ہورہی ہے، ویلتھ پاک

سرکاری محکمے منڈی میں جعلی بیجوں اور کھادوں کے پھیلاؤ کو روکنے میں ناکام ہیں، کاشتکاروں کی گفتگو

فیصل آباد (جی این ایم) فیصل آباد میں غیر معیاری بیج اور کھاد کی فراہمی کے باعث پیاز کی پیداوار میں کمی آئی ہے ویلتھ پاک سے بات کرتے ہوئے کاشتکار بلال احمد نے کہا کہ معیاری بیج سے لے کر کھاد تک ہر چیز مہنگی ہے، پیداوار میں کمی کا ایک اور مسئلہ خراب معیار کے بیج اور کھادوں کی بلاتعطل فراہمی ہے انہوں نے کہا کہ یہ سرکاری محکموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ منڈی میں جعلی بیجوں اور کھادوں کے پھیلاؤ کو روکیں تاہم آج تک کسان اعلی معیار کے بیج اور کھاد کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں معیاری بیج اور خالص کھاد کے بغیر ہم مطلوبہ پیداوار حاصل نہیں کر سکتے ان پٹ کی بڑھتی ہوئی لاگت چھوٹے کاشتکاروں کے لیے ایک کانٹا ہے جو جدید تکنیک اپنانا چاہتے ہیں ہم جانتے ہیں کہ مطلوبہ نتائج اور منافع کے حصول کے لیے جدید طریقہ کار ناگزیر ہے لیکن ہمارے پاس آلات کی زیادہ قیمت اور علم کی کمی کی وجہ سے اب بھی ایسی سہولیات کا فقدان ہے ذخیرہ کرنے کی سہولیات پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسان اب بھی ذخیرہ کرنے کے روایتی طریقوں پر انحصار کر رہے ہیں جو ابھرتی ہوئی ضروریات کو پورا نہیں کر رہے انہوں نے کہا کہ ذخیرہ کرنے کی مناسب سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے ان کی پیداوار کا ایک بڑا حصہ ضائع ہو جاتا ہے . انہوں نے تجویز پیش کی کہ حکومت چھوٹے درجے کے کسانوں کو فنی تربیت اور مالی مدد فراہم کر کے ان کی مدد کرے

پاکستان و ایران نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ دشمن کو دھول چٹا سکتے ہیں، پاسبان

کشمیر اور فلسطین کی آزادی کیلئے مسلم امہ کا اتحاد ضروری ہو چکا ہے

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے ڈائریکٹر پبلک ایشوز کمیٹی ابوبکر عثمان نے کہا ہے کہ مسلم امہ اختلافات بھلا کر مل جل کر آگے بڑھے۔ قرآن و سنت کی روشنی میں اخوت، برداشت اور بھائی چارے کو فروغ دیں۔ پاکستان و ایران نے ثابت کر دیا ہے کہ جدید وار میں دشمن کو دھول چٹا سکتے ہیں۔ دونوں ممالک نے اپنے قومی سلامتی کے معاملات میں غیر معمولی جرأت و تدبر کا مظاہرہ کیا ہے۔ کشمیر اور فلسطین کی آزادی کیلئے مسلم امہ کا اتحاد ضروری ہو چکا ہے۔ پاکستان اور ایران کی فتح سے دیگر اسلامی ممالک بھی اپنے دفاع کے لیے مغرب پر انحصار ختم کرنے پر توجہ دیں۔ مسلم ممالک کی دفاع پر خود انحصاری ہی غزہ جیسے قتل عام کو روک سکنے اور لبنان، عراق، افغانستان، لیبیا اور شام جیسی خونریزی کو روک سکتی ہے۔ دشمن کو یہ جان لینا چاہیے کہ اب مسلم ممالک کمزور نہیں، بلکہ ہوشیار، باصلاحیت اور بھرپور دفاعی تیاریوں کے ساتھ ہر سازش کا منہ توڑ جواب دے سکتے ہیں۔ وقت آ چکا ہے کہ پوری مسلم دنیا پاکستان و ایران کے جذبے سے سبق لے اور اپنے دفاع کو مزید مستحکم بنائے تاکہ کسی بھی جارحیت کا متحد ہو کر مقابلہ کیا جا سکے۔

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
Mobile: 0336-6113[illegible]

SPORTS سپورٹس

ایجبسٹن گراونڈ پر پاکستان کبھی ٹیسٹ نہیں جیتا، موجودہ ٹیم کا کوئی کھلاڑی میدان پر ٹیسٹ میچ نہیں کھیلا

لندن (این این آئی) انگلینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان وارو کشائر کاؤنٹی کا ہوم گراونڈ ایجبسٹن آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کے تیسرے اور آخری ٹیسٹ کا میزبان ہوگا۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ پاکستان کی موجودہ ٹیم میں شامل کوئی بھی کھلاڑی اس میدان پر انگلینڈ کے مقابلے پر ٹیسٹ میچ نہیں کھیلا ہے۔ کپتان بابر اعظم 65، شان مسعود 49 اور فاسٹ بولر محمد عباس پاکستان کے لئے 32 ٹیسٹ کھیلنے کا تجربہ رکھتے ہیں، اور انگلینڈ کا ایک سے زیادہ مرتبہ دورہ کر چکے ہیں، البتہ ان تمام کھلاڑیوں کا ایجبسٹن کرکٹ گراونڈ پر یہ پہلا ٹیسٹ میچ ہوگا۔ گراونڈ پر پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان اب تک 8 ٹیسٹ کھیلے جا چکے ہیں، جہاں مکمل طور پر انگلش ٹیم کو پاکستان کے خلاف برتری حاصل ہے۔

پاکستان کے خلاف ایجبسٹن ٹیسٹ کا مقابلہ آسان نہیں ہوگا، جو روٹ

نیا میدان نئی گیند اور نیا میچ ہوگا، تمام توجہ کا محور اگلے پانچ دن ہونگے، انگلش کپتان

برمنگھم (سپورٹس ڈیسک) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے کپتان جو روٹ نے کہا ہے کہ پاکستان کے خلاف ایجبسٹن ٹیسٹ کا مقابلہ آسان نہیں ہوگا۔ برمنگھم کے ایجبسٹن کرکٹ گراونڈ پر پاکستان کے خلاف تیسرے ٹیسٹ سے ٹھیک ایک دن پہلے پریس کانفرنس کرتے ہوئے انگلینڈ کے کپتان جو روٹ نے کہا کہ تمام توجہ کا محور اگلے پانچ دن ہونگے، جہاں ہم بڑا اسکور بنا کر اچھی کرکٹ کھیلنے کی خواہش کے ساتھ میدان میں اترنا چاہیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایجبسٹن میں نیا میدان نئی گیند اور نیا میچ ہوگا۔ 35 سالہ جو روٹ، جنہوں نے 168 ٹیسٹ میچوں میں 03.50 کی اوسط سے 14 ہزار 208 رنز 41 سنچریوں کی مدد سے بنا رکھے ہیں، نے اس تاثر کو غلط قرار دیا کہ پاکستان ایک کمزور اور آسان ٹیم ہے۔ دائیں ہاتھ کے بیٹر کہتے ہیں کہ بہت آسان ہے کہ آپ کسی کو بہت خراب اور کسی کو بہت اچھا کہہ دو۔ جو روٹ کہتے ہیں کہ کھیل میں اتار چڑھاؤ آتا رہتا ہے، پاکستان ٹیم کے خلاف برتری حاصل ہے، لیکن ان کے پاس مقابلے کے لیے اچھی ٹیم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ محمد عباس نے لارڈز پر 5 آؤٹ کیے۔ سعود شکیل نے 97 رنز بنائے۔ ان کے اسکواڈ میں چند تبدیلیاں ہوئی ہیں، لیکن ایسا کہنا کہ ایجبسٹن میں انگلینڈ کو ایک آسان مقابلہ ملے گا۔ ایسا ہرگز نہیں ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان کے خلاف تین میچز پر مشتمل سیریز میں انگلینڈ ٹیم کو پہلے ہی 0-2 کی ناقابل شکست برتری حاصل ہے، سیریز کا آخری میچ کل سے ایجبسٹن میں شروع ہوگا۔

انگلینڈ کے کیوئسٹ اولیور لائنز انگلش اوپن سنوکر ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ میں فاتحانہ آغاز

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے کیوئسٹ اولیور لائنز انگلش اوپن سنوکر ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ میں فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انگلینڈ کے 31 سالہ کیوئسٹ اولیور لائنز نے عالمی نمبر ون اور 2025 کے عالمی چیمپئن چین کے ژاؤ شنٹونگ کو 2-4 کے فریم سے شکست دے کر بڑا اپ سیٹ کر دیا۔ چین کے کیوئسٹ ژاؤ شنٹونگ نے مقابلے کے ابتدائی 4 فریمز میں 2 سنچری بریکس کی مدد سے سکور 2-2 سے برابر کر دیا تھا، تاہم اولیور لائنز نے شاندار واپسی کرتے ہوئے اگلے 2 فریمز میں 77 اور 84 کے بریکس بنا کر کامیابی حاصل کر لی۔ اس فتح کے بعد اولیور لائنز کا اگلا مقابلہ آخری 32 کے مرحلے میں چین کے ہی یوان سی جون سے ہوگا۔

وکٹ کیپر بیٹر محمد حارث نے کیریبین پریمیئر لیگ کی سرفہرست ٹیم گیانا ایمیزون واریئرز میں شامل

کراچی (این این آئی) پاکستان کے وکٹ کیپر بیٹر محمد حارث نے کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل) 2026 کی سرفہرست ٹیم گیانا ایمیزون واریئرز میں شمولیت اختیار کر لی ہے۔ محمد حارث اس سے قبل گلوبل سپر لیگ میں فرنچائز کی نمائندگی کر چکے ہیں اب وہ سی پی ایل کے بقیہ میچوں کے لیے گیانا ایمیزون سے کھیلیں گے، انہیں افغانستان کے رحمان اللہ گرباز کی جگہ شامل کیا گیا ہے۔ رحمان اللہ گرباز بھارت کے خلاف 13 ستمبر سے شروع ہونے والی تین میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے افغان قومی ٹیم کو جوائن کرنے کی غرض سے ٹورنامنٹ چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ گیانا ایمیزون نے محمد نبی کے متبادل کے طور پر بنگلا دیشی آل راؤنڈر مہدی حسن مراد کو بھی سائن کر لیا ہے۔

لارڈز ٹیسٹ کے بعد ٹیم میں تبدیلیاں ایک نئی خبر تھی، بابر اعظم

یہ تبدیلیاں ان کی معلومات، مشاورت یا منظوری کے بغیر عمل میں لائی گئیں، کپتان کا اعتراف

برمنگھم (سپورٹس ڈیسک) بابر اعظم نے کہا ہے کہ لارڈز ٹیسٹ کے بعد ٹیم میں تبدیلیاں ان کے لیے بھی ایک نئی خبر تھی۔ پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان کے مطابق یہ تبدیلیاں ان کی معلومات، مشاورت یا منظوری کے بغیر عمل میں لائی گئیں۔ بابر نے اعتراف کیا کہ انہیں تبدیلیوں کا علم بورڈ کے باضابطہ بیان سے ہوا، موجودہ سلیکشن کے ڈھانچے کے تحت، بطور کپتان آگاہ ہونا چاہیے تھا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا کہنا تھا کہ لارڈز ٹیسٹ کے اختتام پر 7 کھلاڑیوں کو ٹیم سے ڈراپ کرنے سے متعلق پی سی بی نے جو فیصلہ کیا ہے کچھ سوچ کر ہی کیا ہوگا۔ انگلینڈ کے خلاف لندن کے لارڈز کرکٹ گراونڈ پر ایجبسٹن ٹیسٹ سے ٹھیک ایک دن پہلے قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم پہلی بار میڈیا کے سامنے آئے۔ لارڈز ٹیسٹ میں 194 رنز سے شکست پر بات کرتے ہوئے بابر اعظم بولے ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ٹیم نے کسی شعبے میں متاثر کن کھیل پیش نہیں کیا۔

ڈیوس کپ ٹائی، پی ایس بی نے این او سی جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) سپورٹس بورڈ نے ڈیوس کپ ٹائی میں شرکت کیلئے پاکستان ٹینس فیڈریشن کو این او سی جاری کر دیا۔ پاکستان کا میزبان تیونس سے مقابلہ اٹھارہ ستمبر سے ہوگا، پاکستان کی نمائندگی عقیل خان، مزمل مرتضیٰ، محمد شعیب خان، محمد عابد علی اکبر اور برکت اللہ کرینگے۔

نیوزی لینڈ کے جارح مزاج بیٹر مارک چیپمین نے بگ بیش لیگ کا فل ٹائم سینٹرل کنٹریکٹ ٹھکرا دیا

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ کے جارح مزاج بیٹر مارک چیپمین نے آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ کے لیے فل ٹائم سینٹرل کنٹریکٹ ٹھکرا دیا ہے۔ نیوزی لینڈ کے بلے باز مارک چیپمین نے آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ میں دسمبر میں کھیلنے کا معاہدہ طے پانے کے بعد نیوزی لینڈ کرکٹ بورڈ کے ساتھ عارضی سینٹرل کنٹریکٹ پر منتقل ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ چیپمین نے فل ٹائم کنٹریکٹ سے دستبردار ہو کر فن ایلن، لوکی فرگوسن، ایڈم ملنے اور ٹم سیفرٹ کے ساتھ عارضی معاہدہ اختیار کر لیا ہے، چیپمین نومبر میں بھارت کے خلاف نیوزی لینڈ کی وائٹ بال سیریز میں حصہ لیں گے اور اس کے بعد بی بی ایل کے لیے آسٹریلیا روانہ ہوں گے۔

پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم ملائیشیا کو ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچ گئی

پاکستان نے تیسرے کوارٹر میں صرف چند منٹوں میں چار گول داغ دیے

بیجنگ (سپورٹس ڈیسک) چین میں جاری مینز جونیئر ہاکی ایشیا کپ میں پاکستان نے شاندار کم بیک کرتے ہوئے ملائیشیا کو 2 کے مقابلے میں 5 گول سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ ملائیشیا نے 9 ویں منٹ میں محمد صالحی کے گول کی بدولت برتری حاصل کی، جو پہلے ہاف کے اختتام تک برقرار رہی۔ پاکستان نے تیسرے کوارٹر میں صرف چند منٹوں میں چار گول داغ دیے۔ 32 ویں منٹ میں ندیم خان نے گول کر کے مقابلہ 1-1 سے برابر کیا، جبکہ 36 ویں منٹ میں عبداللہ سمیع رانا نے گول کر کے پاکستان کو 1-2 کی برتری دلائی۔ رانا ولید نے 39 ویں اور 40 ویں منٹ میں مسلسل دو گول کر کے گرفت مضبوط کر دی۔ 41 ویں منٹ میں علی حمزہ نے پانچواں گول کر کے اسکور 1-5 کر دیا۔ ملائیشیا کی جانب سے گناسیلن دھیرش نے 54 ویں منٹ میں دوسرا گول کیا، تاہم پاکستان نے میچ کے اختتام تک برتری برقرار رکھتے ہوئے 2-5 سے کامیابی حاصل کی۔

انگلینڈ اور پاکستان کے درمیان آخری میچ آج شروع ہوگا

انگلینڈ کو تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے، رپورٹ

لندن (این این آئی) انگلینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ آج 9 سے 13 ستمبر تک ایجبسٹن، برمنگھم میں کھیلا جائے گا۔ انگلینڈ کو پاکستان کے خلاف تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ انگلینڈ نے لیڈز میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میچ میں گرین شرٹس کو ایک اننگز اور 103 رنز سے شکست دی تھی جبکہ لارڈز میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میچ میں 194 رنز سے ہرایا تھا۔ اس سے قبل پروفیشنل کاؤنٹی کلب سلیکٹ الیون اور پاکستان کی ٹیموں کے درمیان اس سے قبل تین روزہ وارم اپ میچ پاکستان کی ٹیم نے 7 وکٹوں سے جیت لیا تھا۔ انگلینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 9 سے 13 اگست تک ایجبسٹن، برمنگھم میں کھیلا جائے گا۔ انگلینڈ کی ٹیم کی قیادت جو روٹ کریں گے جبکہ پاکستان کی ٹیم مایہ ناز بلے باز بابر اعظم کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔

تیسرا ٹیسٹ، پاکستان ٹیم پہلی اننگز میں 133 رنز بنا کر آؤٹ

تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں انگلینڈ کو مہمان ٹیم پر دو صفر کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے

برمنگھم (سپورٹس ڈیسک) تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے آخری ٹیسٹ میں پاکستان انگلینڈ کیخلاف 133 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ انگلینڈ کے کپتان نے ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کا فیصلہ کیا، پاکستان کی جانب سے اننگز کا آغاز صائم ایوب اور اذان اویس نے کیا لیکن صائم ایوب بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہو گئے جبکہ اذان اویس صرف 9 رنز کے مہمان ثابت ہوئے۔ عبداللہ شفیق بھی 3 رنز بنا کر رابنسن کا شکار ہو گئے جبکہ شان مسعود کو آرچر نے آؤٹ کیا، کپتان بابر اعظم 7 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، سعود شکیل 43 رنز بنا کر پویلین لوٹے۔ پہلا ٹیسٹ کھیلنے والے غازی غوری 4 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ محمد عباس نے 21 رنز بنائے۔ انگلینڈ کے جوش ٹنگ نے 4 جبکہ اولی رونسن اور جوفرا آرچر نے 3،3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ پاکستان کے 3 کھلاڑیوں نے ڈیبیو کیا، غازی غوری کو سعود شکیل جبکہ محمد عباس نے رضا اللہ اور عمران رندھاوا کو بابر اعظم نے ٹیسٹ کیپ دی۔ انگلینڈ کو دو صفر کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔

سابق کپتان وسیم اکرم کا بھی عمران خان کی صحت پر تشویش کا اظہار

سیاسی معاملات اپنی جگہ، عمران خان کی صحت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے، گفتگو

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم نے سابق وزیر اعظم عمران خان کی صحت کے حوالے سے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنے سابقہ کپتان اور رہنما کو بہت یاد کرتے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے وسیم اکرم نے بتایا کہ گزشتہ تین برس سے عمران خان سے ان کی بات نہیں ہوئی تاہم وہ انہیں آج بھی اپنا دوست اور مینٹور سمجھتے ہیں۔ وسیم اکرم نے کہا کہ سیاسی معاملات اپنی جگہ لیکن عمران خان کی صحت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی صحت سے متعلق حکومت کے بیانات کے باوجود انہیں صورتحال پر تشویش ہے اور وہ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ جیل میں سابق وزیر اعظم کی حالت حقیقت میں کیسی ہے۔ واضح رہے کہ عمران خان کی صحت کے حوالے سے حالیہ دنوں میں کرکٹ کی دنیا سے کئی اہم آوازیں سامنے آئی ہیں، دنیا بھر سے 22 سابق کپتانوں نے بھی حکومت سے عمران خان کے بنیادی حقوق اور طبی سہولیات یقینی بنانے کی اپیل کی ہے۔

نشرہ سندھو نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں نیا ریکارڈ قائم کر دیا

دبئی (این این آئی) قومی ویمنز ٹیم کی کھلاڑی نشرہ سندھو نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں پاکستان کیلئے نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ دبئی میں جاری ویمنز ایشیا کپ میں انڈونیشیا کے خلاف میچ میں نشرہ سندھو نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے صرف 7 رنز کے عوض 6 وکٹیں حاصل کیں۔ نشرہ سندھو ویمنز ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں چھ وکٹیں حاصل کرنے والی پہلی پاکستانی بن گئیں۔ اس سے قبل بہترین بولنگ کا ریکارڈ عمیمہ سہیل کے پاس تھا جنہوں نے 13 رنز کے عوض 5 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

گولڈن بوٹ جیتنے والے ایمباپے بیلن ڈی اور جیتنے کیلئے پر امید

بیلن ڈی اور کی دوڑ میں ہیری کین کو فی الحال مضبوط امیدوار قرار دیا جا رہا ہے، رپورٹ

میڈرڈ (این این آئی) ریال میڈرڈ کے اسٹار فارورڈ کائیلیان ایمباپے نے کہا ہے کہ رواں سال ان کے لیے پہلی بار بیلن ڈی اور جیتنے کا بہترین موقع ہو سکتا ہے۔ 27 سالہ فرانسیسی کھلاڑی نے گزشتہ سیزن کلب کی جانب سے 44 میچز میں 42 گول کیے تاہم ریال میڈرڈ کوئی ٹرافی اپنے نام نہ کر سکا۔ ایمباپے نے ورلڈ کپ میں 10 گول کے ساتھ گولڈن بوٹ بھی حاصل کیا جبکہ عالمی کپ میں ان کے مجموعی گولز کی تعداد ریکارڈ 22 تک پہنچ گئی، تاہم فرانس وہاں بھی ٹرافی حاصل نہ کر سکا اور چوتھے نمبر پر رہا۔ بیلن ڈی اور کی دوڑ میں انگلینڈ کے کپتان ہیری کین کو فی الحال سب سے مضبوط امیدوار قرار دیا جا رہا ہے۔ کین نے گزشتہ سیزن بائرن میونخ کے لیے 51 میچز میں کلب ریکارڈ 61 گول کیے اور ٹیم کو ڈومیسٹک ڈبل جتوانے میں اہم کردار ادا کیا۔ بارسلونا اور اسپین کے نوجوان اسٹار لامین یامال دوسرے جبکہ ان کے ساتھی روڈری تیسرے فیورٹ ہیں۔ بیلن ڈی اور ایوارڈ 26 اکتوبر کو دیا جائے گا۔ ایمباپے اس سے قبل 2023 میں تیسری پوزیشن حاصل کر چکے ہیں۔

کرکٹ آسٹریلیا کا بگ بیش لیگ کی فرنچائزز فروخت کرنے کا فیصلہ

سڈنی (این این آئی) کرکٹ آسٹریلیا نے اعلان کیا ہے کہ بگ بیش لیگ میں 2027-28 کے سیزن سے نجی سرمایہ کاری متعارف کرائی جائے گی جس کا آغاز میلبرن رینیگیڈز کی فرنچائز سے ہوگا۔ رینیگیڈز کے لیے نجی سرمایہ کاروں سے بولیاں طلب کی جائیں گی اور کوشش ہوگی کہ ٹیم 2027-28 کا سیزن نئے مالکان کے تحت کھیلے۔ اس کے بعد دیگر ٹیموں کی نجکاری کا فیصلہ متعلقہ ریاستی کرکٹ بورڈز کی مرضی اور مقامی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔

سرگودھا ڈویژن نے تیسری ایچ ای ڈی گیمز کرکٹ چیمپئن شپ جیت لی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ڈویژن نے تیسری ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (ایچ ای ڈی) گیمز کرکٹ چیمپئن شپ جیت لی۔ پانچ روزہ یہ چیمپئن شپ سرگودھا میں منعقد ہوئی۔ گورنمنٹ انبالہ مسلم گریجویٹ کالج اور گورنمنٹ کالج آف کامرس سرگودھا نے چیمپئن شپ کے تمام میچوں کی میزبانی کی۔ گورنمنٹ انبالہ مسلم گریجویٹ کالج سرگودھا میں کھیلے گئے فائنل میچ میں سرگودھا ڈویژن نے گوجرانوالہ ڈویژن کو 7 وکٹوں سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کی۔

آئی سی سی نے پاکستانی بیٹر گل فیروزہ پر جرمانہ عائد کر دیا

ہانگ کانگ کے خلاف میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ، ایک ڈی میرٹ پوائنٹ بھی دیا گیا

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے پاکستانی بیٹر گل فیروزہ پر جرمانہ عائد کر دیا ہے۔ ویمنز ٹی 20 ایشیا کپ میں گزشتہ روز کھیلے گئے ہانگ کانگ کے خلاف میچ میں پاکستانی بیٹر گل فیروزہ نے امپائر کے فیصلے پر اختلاف کیا تھا۔ گل فیروزہ پر میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ اور ایک ڈی میرٹ پوائنٹ بھی دیا گیا ہے۔ گزشتہ روز پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا کو میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ عائد کیا گیا تھا۔ ساتھ ہی انہیں ایک ڈی میرٹ پوائنٹ بھی دیا گیا۔ پاکستان ویمنز ٹیم کی کپتان نے بھارت کیخلاف شفالی ورما کو آؤٹ کر کے باہر جانے کا اشارہ کیا تھا۔ واضح رہے کہ پاکستان ویمنز ٹیم ہانگ کانگ کو 72 رنز سے ہرا کر ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ دبئی میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان ویمنز کی جانب سے دیے گئے 144 رنز کے تعاقب میں ہانگ کانگ کی ٹیم 19 اوورز میں 71 رنز پر ڈھیر ہو گئی تھی۔ پاکستان کی جانب سے نشرا سندھو نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے کیریئر بیسٹ 6 وکٹیں حاصل کیں، کپتان فاطمہ ثنا اور سعدیہ اقبال نے ایک، ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

فرانسیسی فٹبالر کریم بنزیما نے عمرہ کی سعادت حاصل کر لی

مکہ مکرمہ (این این آئی) فرانسیسی فٹبالر کریم بنزیما نے عمرے کی سعادت حاصل کر لی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے سابق اسٹرائیکر کریم بنزیما نے مسجد الحرام میں احرام پہنے ہوئے عمرہ کی ادائیگی کی تصویر شیئر کی اور لکھا کہ ہر حال میں اللہ کا شکر ہے۔ اس سے قبل جب 31 اگست کو الہلال کلب چھوڑنے کی تصدیق ہوئی تو انہوں نے سعودی کلب کے نام اپنے الوداعی پیغام کا اختتام انہی الفاظ پر کیا تھا کہ ہر حال میں اللہ کا شکر ہے۔ 38 سالہ کھلاڑی اس وقت کسی کلب سے نہیں کھیل رہے۔

لاہور، تیسری قومی خواتین جمناسٹک چیمپئن شپ کی فاتح واپڈا ویمنز ٹیم کا مہمانوں کے ساتھ گروپ فوٹو

پاکستان کرکٹ کے مسائل کی جڑ عاقب جاوید ہیں، جیسن گلیسپی

پی سی بی کے ذمے میرے اب بھی ہزاروں ڈالرز واجب الادا ہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) ریڈ بال کرکٹ ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی ایک بار پھر پاکستان کرکٹ کے مسائل کی جڑ عاقب جاوید کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی سی بی کے ذمے میرے اب بھی ہزاروں ڈالرز واجب الادا ہیں، اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا، آئندہ بھی نہیں کروں گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ خاموش رہ کر سب کچھ مان سکتا تھا مگر یہ میری فطرت نہیں، میں یس مین نہیں، میں خاموش رہ کر تنخواہ گھر لے جا سکتا تھا، مجھے اندازہ تھا کہ مجھے چند ماہ میں برطرف کیا جا سکتا ہے، عاقب جاوید کی اپنے خلاف منفی گفتگو سے تنگ آ چکا ہوں۔ منفی گفتگو جاری رہی تو عاقب جاوید کے خلاف قانونی کارروائی کروں گا، موجودہ صورت حال دیکھ کر دل ٹوٹتا ہے۔ جیسن گلیسپی نے کہا کہ پاکستان کرکٹ ایک نقصان دہ چکر میں پھنس چکی ہے، مسائل کی جڑ عاقب جاوید ہیں، پاکستان کرکٹ میں ذمے داریاں سنبھالنے سے قبل مجھے کئی معاملات کی وجہ سے خبردار کر دیا گیا تھا۔

برمنگھم، پاکستان اور انگلینڈ کیخلاف آخری ٹیسٹ میچ کے آغاز سے قبل ٹاس کیا جا رہا ہے

مشکلات زندگی کا حصہ ہیں، کینسر پر بات کرتے محمد ثقلین آبدیدہ

مجھے تقریباً 8 ماہ قبل اورل کینسر کی تشخیص ہوئی تھی، 18 گھنٹے سرجری ہوئی، انٹرویو

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان اور مضبوط دفاعی کھلاڑی محمد ثقلین کینسر پر بات کرتے ہوئے آبدیدہ ہو گئے۔ محمد ثقلین نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا کہ مجھے تقریباً 8 ماہ قبل اورل کینسر کی تشخیص ہوئی تھی اور اس وقت بیماری اسٹیج فور تک پہنچ چکی تھی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اسٹیج فور کا کینسر تھا، میری 18 گھنٹے سرجری ہوئی، یہ میرے لیے ایک بہت مشکل مرحلہ تھا، کینسر جیسی خطرناک بیماری کے باوجود محمد ثقلین نے اپنی تکلیف کو عام نہیں کیا اور خاموشی سے علاج کے مراحل سے گزرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی میں پہلے ہی بہت سی پریشانیاں موجود ہیں، اس لیے میں نے کسی کو بتا کر دوسروں کی پریشانی میں اضافہ نہیں کیا۔ طویل اور مشکل علاج کے بعد اب محمد ثقلین کی امیونوتھراپی جاری ہے انہوں نے بتایا کہ میں دوبارہ معمول کی زندگی کی طرف واپس آ چکا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح میدان میں حریف کے ہر حملے کا مقابلہ کیا، اسی طرح کینسر کے خلاف بھی ڈٹ کر کھڑا رہا۔

SHOWBIZ شوبز

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے

راہول رائے کا شادیوں میں رقص سے پیسے کمانے کا انکشاف

2020 میں فالج کا شکار ہونے کے بعد کئی چیلنجز کا سامنا رہا، بھارتی اداکار

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی اداکار راہول رائے نے انکشاف کیا ہے کہ وہ شادیوں میں رقص کر کے 2 سے 4 لاکھ بھارتی روپے کما لیتے ہیں۔ بگ باس سیزن ون کے فاتح اور بھارتی اداکار راہول رائے نے بھارتی میڈیا سے گفتگو کے دوران بتایا کہ وہ 2020 میں برین اسٹروک (فالج) کا شکار ہوئے جس کے بعد انہیں معاشی اور پیشہ ورانہ زندگی میں کئی چیلنجز کا سامنا رہا۔ دوران گفتگو راہول رائے سے سوال کیا گیا کہ وہ شادیوں میں ڈانس کیوں کرتے ہیں؟ راہول نے شادی کی تقریبات میں اپنی ڈانس ویڈیو پر ہونے والی تنقید سے متعلق بتایا کہ مجھے اس پر کوئی شرمندگی نہیں، میرے اخراجات ہیں اور اس کیلئے مجھے پیسوں کی ضرورت ہے۔

ایڈونچرز کے شوقین افراد کو خطرات سے محتاط ہونا چاہیے، بشریٰ انصاری

میرا بھانجا گر گیا، لوگوں نے پیراگلائیڈنگ، بنجی جمپنگ اور کوہ پیمائی کو کھیل بنایا ہوا ہے

کراچی (شوبز ڈیسک) سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے کہا ہے کہ ایڈونچرز کے شوقین افراد کو خطرات سے محتاط ہونا چاہیے کیونکہ زندگی بہت قیمتی ہے۔ انسٹاگرام پر شیئر ویڈیو میں بشریٰ انصاری نے کہا کہ میں کئی عرصے سے دیکھ رہی ہوں جو لوگ ایڈونچرز کے شوقین ہیں ان لوگوں نے پیراگلائیڈنگ، بنجی جمپنگ اور کوہ پیمائی جیسے خطرات کو کھیل بنایا ہوا ہے، اس دوران کئی بار حادثات کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ میرا اپنا 40 سالہ بھانجا شیراز جس طرح گرا اس کے بعد ساری زندگی ہماری فیملی اس صدمے سے باہر نہیں آ سکی، اس کی والدہ بھی اسی صدمے میں چلی گئیں، شیراز کو بھی ایسے ہی خطرات کا سامنا کرنا پسند تھا۔

شردھا کپور کی بوائے فرینڈ کے ساتھ ڈیٹنگ کی تصاویر وائرل

اداکارہ چھٹیاں گزارنے بیرون ملک گئیں جس کی تصاویر انسٹاگرام پر شیئر کیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ شردھا کپور کی بوائے فرینڈ راہول مودی کے ساتھ ڈیٹنگ کی تصاویر وائرل ہو گئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق شردھا کپور زیادہ تر اپنی زندگی کو نجی رکھتی ہیں اور بہت کم ہی ایسا ہوتا ہے کے وہ اپنی زندگی کے خاص لمحات کو سوشل میڈیا پر شیئر کریں۔ تاہم حال ہی میں اداکارہ اپنی چھٹیاں گزارنے بیرون ملک گئیں جس کی تصاویر انہوں نے اپنے انسٹاگرام پر شیئر کیں۔ لیکن سوشل میڈیا پر تصاویر وائرل ہونے کی وجہ ان کی چھٹیاں نہیں بلکہ بوائے فرینڈ راہول مودی ہیں۔ جی ہاں شردھا کپور نے انسٹاگرام پر اپنی اور راہول مودی کی چھٹیاں گزارنے کی تصاویر شیئر کی ہیں جس میں انہیں ایک ساتھ کھاتے، کتابیں پڑھتے، اور گھومتے دیکھا جا سکتا ہے۔

میرا ملازم امیتابھ بچن کو دیکھ کر گھبرا گیا اور پانی گرا دیا، اکشے کمار

اسے کچھ دکھائی ہی نہیں دیا، پانی کے 3 یا 4 گلاس امیتابھ بچن کے کرتے پر گرا دیے



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکار اکشے کمار نے لیجنڈری اداکار امیتابھ بچن سے متعلق ایک دلچسپ واقعہ سناتے ہوئے بتایا کہ میرے گھر کے ایک ملازم نے اسٹار سے متاثر ہو کر غلطی سے پانی کے 4 گلاس ان کے کرتے پر گرا دیے تھے۔ اکشے کمار نے یہ واقعہ کون بنے گا کروڑ پتی سیزن 18 میں سنایا 58 سالہ اداکار نے بتایا ہے کہ جب میں ممبئی کے علاقے لوکھنڈوالا میں رہتا تھا تو امیتابھ بچن میرے گھر آئے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ میرے گھر کام کرنے والا ایک ملازم امیتابھ بچن کا بہت بڑا مداح تھا اور وہ ان کے سامنے آ کر اس قدر گھبرا گیا کہ اسے کچھ دکھائی ہی نہیں دیا۔ پانی کے 3 یا 4 گلاس رکھے ہوئے تھے، تمام امیتابھ بچن کے کرتے پر گرا دیے۔

’اسٹرینجر تھنگز‘ سے مشہور اداکارہ ملی بوبی براؤن نے ننھی بیٹی کے ساتھ خوبصورت تصاویر شیئر کر دیں

نیویارک (شوبز ڈیسک) ’اسٹرینجر تھنگز‘ سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ ملی بوبی براؤن نے اپنے حالیہ خاندانی دورۂ اٹلی کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو اپنی ننھی بیٹی کی ایک نایاب جھلک دکھا دی۔ 22 سالہ اداکارہ نے انسٹاگرام پر اٹلی کے خوبصورت ڈولومائٹس میں گزارے گئے لمحات کی تصاویر شیئر کیں جن میں ان کے شوہر جیک بون جووی اور بیٹی بھی ان کے ہمراہ نظر آئیں۔ پوسٹ کی پہلی تصویر میں ملی بوبی براؤن اپنی بیٹی کو گود میں اٹھائے شوہر کے ساتھ چلتی دکھائی دیں جبکہ ان کے ساتھ لاما بھی موجود تھے۔ ملی اور جیک نے 2025 میں ایک بچی کو گود لینے کا اعلان کیا تھا، تاہم دونوں نے ابتدا ہی سے اپنی بیٹی کی پرائیویسی کا خاص خیال رکھا ہے۔

مومنہ اقبال اور شوہر کو سیکورٹی فراہم کی جائے، ثاقب چدھڑ

حمزہ حبیب کی جانب سے جان سے مارنے کیلئے شوٹرز کا انتظام جعلی کہانی ہے

آئی جی پنجاب سے درخواست کرتا ہوں انہیں سیکیورٹی فراہم کی جائے، لیگی رکن اسمبلی

لاہور (شوبز ڈیسک) اداکارہ مومنہ اقبال کے شوہر حمزہ حبیب کی جانب سے جان سے مارنے کیلئے شوٹرز کا انتظام کیے جانے کے الزام پر مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی ثاقب چدھڑ نے ردعمل دے دیا۔ ثاقب چدھڑ نے انسٹاگرام اسٹوری میں ان الزامات کو ’جعلی کہانی‘ قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ انہوں نے لکھا، ’’یہ ایک جعلی کہانی ہے، میں آئی جی پنجاب سے درخواست کرتا ہوں کہ انہیں سیکیورٹی فراہم کی جائے، جس کی انہیں اتنی شدت سے ضرورت ہے۔‘‘ ثاقب چدھڑ نے مزید کہا کہ ان کے پاس بہت سے کام ہیں اور یہ معاملہ ان کیلئے اہمیت نہیں رکھتا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل حمزہ حبیب نے ثاقب چدھڑ پر الزام عائد کیا تھا کہ انہیں جان سے مارنے کیلئے مبینہ طور پر شوٹرز کا انتظام کیا جا رہا ہے، جس کی ثاقب چدھڑ نے اب تردید کر دی ہے۔

امریکی گلوکارہ و اداکارہ سلینا گومز کیا ماں بننے والی ہیں؟ مداحوں کو بڑا اشارہ دے دیا

نیویارک (شوبز ڈیسک) امریکی گلوکارہ و اداکارہ سلینا گومز نے ماں بننے اور مستقبل میں اپنا خاندان مکمل کرنے کی خواہش ایک بار پھر مداحوں کے ساتھ شیئر کر دی۔ 34 سالہ سلینا گومز نے انسٹاگرام اسٹوری پر اپنی ایک تصویر شیئر کی جس میں وہ ایک نومولود بچے کو گود میں اٹھائے نظر آئیں۔ تصویر کے ساتھ انہوں نے صرف ’ایک دن......‘ لکھا، جسے ان کی ماں بننے کی خواہش سے جوڑا جا رہا ہے۔ سلینا اس سے قبل بھی اپنے شوہر بینی بلانکو کے ساتھ گفتگو کے دوران مستقبل میں بچوں کی خواہش کے بارے میں کھل کر بات کر چکی ہیں۔ جب ان سے پوچھا گیا تھا کہ وہ کتنے بچے چاہتی ہیں تو گلوکارہ نے جواب دیا تھا کہ ان کی خواہش چار بچوں کی ہے۔

سوشل میڈیا پر ریٹرو ٹرینڈ کا راج پاکستانی شوبز ستارے بھی 80 کی دہائی کے رنگ میں رنگ گئے

کراچی (این این آئی) اے آئی کے نت نئے ٹرینڈز کے بعد اب پاکستانی شوبز ستارے بھی 80 کی دہائی کے رنگ میں رنگ گئے، جن کی دلچسپ تصاویر سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کر رہی ہیں۔ ان دنوں ایک اے آئی فلٹر خاصا مقبول ہو رہا ہے جو صارفین کو 1980 کی دہائی کے مخصوص فیشن اور انداز میں پیش کرتا ہے جس میں بڑے ہیئر اسٹائل، شوخ رنگ، نمایاں میک اپ اور گلیمر نمایاں ہے۔ پاکستانی شوبز شخصیات نے بھی اس ٹرینڈ کو آزمایا اور اپنی اے آئی سے تیار کردہ تصاویر مداحوں کے ساتھ شیئر کیں۔ اس ٹرینڈ میں مدیحہ نقوی، قدسیہ علی، عمر عالم، اینی جعفری اور ماہی بلوچ سمیت متعدد شخصیات نے خود کو 80 کی دہائی کے انداز میں پیش کیا۔

مائیکل جیکسن کیلیفورنیا میں 2 ہزار 700 ایکڑ زمین کے مالک تھے

اس کا نام نیورلینڈ رینچ رکھا، اسے مکمل پرائیویٹ تھیم پارک میں تبدیل کروا دیا تھا

پارک کو بنوانے کی بڑی وجہ ان کا بچپن محرومیوں میں گزارنا اور بیمار بچوں کی مدد کرنا تھا

لاس اینجلس (این این آئی) پاپ گلوکاری کے بے تاج بادشاہ مائیکل جیکسن کے بارے میں یہ بات بہت کم لوگ جانتے ہوں گے کہ وہ امریکی ریاست کیلیفورنیا میں 2 ہزار 700 ایکڑ زمین کے مالک تھے۔ کیلیفورنیا کی سانتا باربرا کاؤنٹی میں موجود اس زمین کو 1981 میں پراپرٹی ڈیولپر ولیم بون نے خرید کر اس کا نام سائیکامور ویلی رینچ رکھا اور اسے ایک وسیع پرائیویٹ اسٹیٹ میں تبدیل کر دیا، جس میں ایک عالی شان گھر، باغات، ایک آبشار کے ساتھ 4 ایکڑ پر مشتمل جھیل بھی شامل تھی۔ مائیکل جیکسن نے پہلی بار 1983 میں پال میک کارٹنی سے ملاقات کے دوران اس پراپرٹی کو دیکھا جو کہ وہاں اپنی ایک میوزک ویڈیو کی شوٹنگ کے لیے ٹھہرے ہوئے تھے اور پھر 5 سال بعد اسے خرید لیا۔ انہوں نے یہ پراپرٹی خریدنے کے بعد اس کا نام تبدیل کر کے نیورلینڈ رینچ رکھا، اور پھر اسے مکمل طور پر ایک پرائیویٹ تھیم پارک میں تبدیل کروا دیا، اس پارک کو بنوانے کی سب سے بڑی وجہ ان کا بچپن محرومیوں میں گزارنا اور بیمار بچوں کی مدد کرنا تھا۔ نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق اس پراپرٹی میں فرانسیسی طرز کا پرتعیش گھر، فلم تھیٹر، جھیل، ٹرین اسٹیشن اور تھیم پارک شامل تھا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اس پراپرٹی میں ایک فیرس وہیل، کیروسل، بمپر کاریں، دیگر سواریاں اور ایک چڑیا گھر بھی تھا۔ اس پراپرٹی کی قابل شناخت خصوصیات میں کیتھرین اسٹیشن تھا، جس کا نام گلوکار کی والدہ کے نام پر رکھا گیا۔

رنویر و دپیکا نے بیٹی کی تصاویر شیئر کر دیں، سالگرہ پر تصاویر میں ننھی دعا مسکراتی اور کھلکھلاتی نظر آئیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی معروف جوڑی رنویر سنگھ اور دپیکا پڈوکون نے اپنی بیٹی دعا کی دوسری سالگرہ کے موقع پر خوبصورت فیملی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کر دیں۔ رنویر سنگھ نے انسٹاگرام پر تصاویر کا ایک خوبصورت کیروسل شیئر کیا ہے، جس میں وہ اہلیہ دپیکا پڈوکون اور بیٹی دعا کے ساتھ نظر آئے۔ تصاویر کے کیپشن میں رنویر نے لکھا ہے کہ بے بی دعا اور ہمارے دل بڑے ہو رہے ہیں، آپ کی دعاؤں کا شکریہ۔ تصاویر میں ننھی دعا خوشی سے مسکراتی اور کھلکھلاتی نظر آئیں۔ دعا نے شرٹ اور ٹراؤزر پہن رکھا تھا جبکہ ان کے بالوں کو 2 ہاف اپ پونی ٹیلز میں ربن سے سجایا گیا تھا۔ دپیکا پڈوکون بھی تصاویر میں بیٹی کے ساتھ نظر آئیں، وہ خوبصورت لیس والے لباس میں ملبوس تھیں۔

انتظار کی گھڑیاں ختم، فلم ’’دی ممی‘‘ کے سیکوئیل کی شوٹنگ شروع

کچھ سابق اداکاروں کی واپسی بھی متوقع، کیون او کونر کا نام بھی شامل ہے

نیویارک (شوبز ڈیسک) ’دی ممی‘ کے مداحوں کے لیے انتظار کی گھڑیاں ختم ہونے والی ہیں، ہالی ووڈ کی معروف ایکشن ایڈونچر فرنچائز نئی فلم کے ساتھ ایک مرتبہ پھر بڑے پردے پر جلوہ گر ہونے جا رہی ہے۔ فلم کے سابق مرکزی اداکار برینڈن فریزر نے بھی نئے پروجیکٹ کی تیاری کے حوالے سے اہم پیش رفت کی تصدیق کر دی ہے۔ ایک انٹرویو میں برینڈن فریزر نے بتایا کہ نئی ’دی ممی‘ کی فلم بندی جلد شروع ہو جائے گی۔ نئی فلم میں ’دی ممی‘ سے وابستہ کچھ سابق اداکاروں کی واپسی بھی متوقع ہے۔ ان میں کیون او کونر کا نام بھی شامل ہے، جنہوں نے فرنچائز میں بینی گیبر نامی چور کا مشہور کردار ادا کیا تھا۔ نئی ’دی ممی‘ کو 15 اکتوبر 2027 کو سینما گھروں میں پیش کیے جانے کا شیڈول ہے۔ فرنچائز کے پرانے چہروں کی ممکنہ موجودگی نے فلم کے مداحوں کی توقعات کو مزید بڑھا دیا ہے۔

دنیا کی اسکرینوں کے بعد ترک ڈراموں کی چین پر نظریں

ترک کہانیاں مشرق وسطیٰ، لاطینی امریکا، یورپ اور ایشیا تک پہنچ چکی ہیں

استنبول (شوبز ڈیسک) دنیا بھر کی اسکرینوں پر چھا جانے کے بعد ترک ڈراموں کی نظریں اب چین پر ہیں، دنیا کے تقریباً 140 ممالک میں ترک ڈرامے دیکھے جا رہے ہیں۔ تقریباً دو دہائیوں کے دوران محبت، دھوکے، خاندان اور اقتدار کے گرد گھومنے والی ترک کہانیاں مشرق وسطیٰ، لاطینی امریکا، یورپ اور ایشیا تک پہنچ چکی ہیں۔ اس طرح ترکیے کی ٹیلی ویژن صنعت ایک ایسی عالمی ثقافتی برآمد بن گئی ہے جس کی مالیت ایک ارب ڈالر سے بھی زیادہ ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق ترک ڈراموں نے غیر ملکی ناظرین کو ترکیے کے کھانوں، لباس، زبان اور روزمرہ کے رسم و رواج سے روشناس کرانے میں مدد دی ہے۔ ترک وزارت ثقافت و سیاحت کے اعلیٰ عہدیدار کے مطابق یہ ثقافتی اثر اس صنعت کی سب سے بڑی کامیابیوں میں سے ایک ہے، ترک ڈرامے دراصل ایک دعوت بھی ہیں۔

بروس کیمبل کینسر کا شکار، زندگی کے 5 سال باقی رہنے کا انکشاف

وہ کس قسم کے کینسر میں مبتلا ہیں، اس کی تفصیلات فی الحال سامنے نہیں لانا چاہتے، اداکار

نیویارک (این این آئی) ہالی وڈ کی معروف ہارر فلم سیریز ایول ڈیڈ سے شہرت حاصل کرنے والے اداکار بروس کیمبل نے کینسر کی تشخیص کے بعد اپنی صحت سے متعلق تشویشناک انکشاف کرتے ہوئے بتایا ہے کہ موجودہ اندازوں کے مطابق ان کے پاس تقریباً 5 سال ہیں۔ 67 سالہ اداکار نے بتایا کہ وہ کس قسم کے کینسر میں مبتلا ہیں، اس کی تفصیلات فی الحال عوام کے سامنے نہیں لانا چاہتے۔ بروس کیمبل نے کہا کہ مجھے جس قسم کا کینسر ہے، موجودہ صورتحال میں اس کے ساتھ تقریباً پانچ سال کا وقت بتایا گیا ہے، کچھ کم یا زیادہ ہو سکتا ہے۔ وہ اپنی بیماری کو زندگی پر حاوی نہیں ہونے دینا چاہتے۔ اس بیماری کے ساتھ جینا چاہتا ہوں، مرنا نہیں۔ وہ کینسر سے متعلق انٹرنیٹ پر موجود معلومات اور مریضوں کے تجربات میں الجھنے کے بجائے معمول کی زندگی کو ترجیح دے رہے ہیں۔



فیروزی پتھر والا بریسلٹ سلمان خان کی پہچان بن گیا

بالی ووڈ کے دبنگ اداکار فیروزی پتھر سے متعلق ایک ذاتی عقیدہ بھی رکھتے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے دبنگ اداکار سلمان خان کے ہاتھ میں نظر آنے والا فیروزی پتھر والا بریسلٹ بھی برسوں سے ان کی پہچان بن چکا ہے۔ فلمی تقریبات ہوں، ٹی وی شوز یا عام زندگی، سلمان خان شاذ و نادر ہی اس بریسلٹ کے بغیر دکھائی دیتے ہیں، لیکن آخر اس بریسلٹ میں ایسا کیا خاص ہے کہ اداکار اسے ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتے ہیں؟ سلمان خان نے ایک پرانے انٹرویو میں اس کے پیچھے چھپی جذباتی وجہ بتائی تھی۔ ان کے مطابق والد سلیم خان اسی طرح کا بریسلٹ پہنا کرتے تھے اور سلمان بچپن میں والد کے بریسلٹ سے کھیلا کرتے تھے۔ بعد ازاں فلمی دنیا میں قدم رکھنے کے بعد سلیم خان نے ایسا ہی ایک بریسلٹ سلمان خان کو تحفے میں دیا۔ سلمان خان فیروزی پتھر سے متعلق ایک ذاتی عقیدہ بھی رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کے خیال میں یہ پتھر منفی اثرات کو جذب کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 1

کی نمائندگان کلپنا کوچر اور انیتا زیدی شامل تھیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کے ترقیاتی چیلنجز کے دوران گیٹس فاؤنڈیشن کی مسلسل معاونت اور شراکت داری کو سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے مشترکہ ہدف کے حصول کے لیے پرعزم ہے، پولیو کے خاتمے کے قومی پروگرام کو اعلیٰ ترین سطح پر سرپرستی حاصل ہے، گیٹس فاؤنڈیشن نے پولیو کے خاتمے، صحت، غذائیت، مالیاتی شمولیت اور معاشرے کے کمزور طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے قابل قدر کردار ادا کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈیجیٹل ادائیگیاں، غذائی تحفظ، زچہ و نوزائیدہ صحت، غربت کا خاتمہ اور موسمیاتی تبدیلی سمیت اہم اصلاحاتی ترجیحات، گورننس ریفارمز ایجنڈا کا حصہ ہیں۔ کیش لیس اکانومی پاکستان حکومت کے تبدیلی کے ایجنڈے کا بنیادی حصہ ہے، کیش لیس پاکستان کا مقصد عام شہریوں کی زندگی آسان بنانا، حکومتی نظام میں شفافیت بڑھانا اور سرکاری رقوم کو بغیر کسی تاخیر یا ضیاع کے مستحقین تک پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور گیٹس فاؤنڈیشن کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں ڈیجیٹل ادائیگیوں میں اضافہ ہو رہا ہے، مستحق خواتین کو اپنی مالی معاونت براہ راست، محفوظ اور باوقار انداز میں ملنی چاہیے۔ وزیراعظم نے گیٹس فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر خواتین کی مالیاتی شمولیت اور معاشی خودمختاری کے لیے مرکوز اقدامات پر کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور گیٹس فاؤنڈیشن کے درمیان تعاون اور شراکت داری کو مزید موثر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 2

کے علاقے کانک میں پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے پولیس اہلکار عزت اللہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ شہید پولیس اہلکار عزت اللہ نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ شہید پولیس اہلکار کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کا حوصلہ اور عزم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری طاقت ہے۔

بقیہ نمبر 3

حلی شہر موخا پر قبضہ کر لیا، جس سے باب المندب کے اہم بحری راستے پر حوثیوں کے اثر و رسوخ میں اضافے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق موخا پر قبضے کے بعد حوثیوں کا باب المندب کے اہم بحری راستے پر کنٹرول بڑھنے کا خدشہ ہے، خبر رساں ادارے کے مطابق یمنی فوجی ذرائع نے حوثیوں کے موخا پر قبضے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ حوثی جنگجو باب المندب کے قریب مزید علاقوں میں بھی پیش قدمی کر رہے ہیں اور اہم جزائر حنیش پر حملوں کی کارروائیاں جاری ہیں۔ دوسری جانب حوثی ترجمان محمد عبدالسلام نے عالمی بحری تجارت کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ بحیرہ احمر اور آبنائے باب المندب میں جہاز رانی اور بین الاقوامی تجارت محفوظ اور بلا تعطل جاری ہے۔ محمد عبدالسلام نے کہا ہے کہ حوثیوں کی موجودہ فوجی کارروائیاں مخصوص اہداف تک محدود اور دفاعی نوعیت کی ہیں۔ موخا پر قبضے اور باب المندب کے اطراف حوثیوں کی پیش قدمی سے عالمی تجارت اور توانائی کی ترسیل کے لیے خدشات بڑھ گئے ہیں، کیونکہ باب المندب بحیرہ احمر کو خلیج عدن سے ملانے والا انتہائی اہم عالمی بحری راستہ ہے۔

بقیہ نمبر 4

سی) نے افغان میڈیکل طلبا کے حوالے سے اعلامیہ جاری کر دیا۔ اعلامئے کے مطابق پاکستان میں تعلیم حاصل کرنے والے تمام غیر ملکی طلبا پر پی ایم ڈی سی کے قوانین اور ویزا پالیسی کا بلاامتیاز اطلاق ہوتا ہے۔ پاکستان میں طبی تعلیم کے لیے کسی مخصوص قومیت یا افغان طلبا پر کوئی پابندی عائد نہیں۔ پی ایم ڈی سی کے مطابق پاکستان میں 200 سے زائد افغان میڈیکل طلبا کی نشاندہی ہوئی، تاہم ان میں سے صرف 22 طلبا پی ایم ڈی سی کے پاس قانونی طور پر رجسٹرڈ ہیں۔ رجسٹرڈ 22 طلبا میں سے 14 اپنی تعلیم مکمل کر چکے ہیں جبکہ 8 آئندہ سال فارغ التحصیل ہوں گے۔ اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ باقی 176 افغان طلبا کے ریکارڈ اور دستاویزات کی تصدیق کا عمل جاری ہے۔ پی ایم ڈی سی کا کہنا ہے کہ صرف میڈیکل ڈگری کا حصول پاکستان میں قیام یا طب کی پریکٹس کا حق نہیں دیتا، پریکٹس کے لیے پی ایم ڈی سی کا لائسنس اور درست ویزا لازمی ہے۔ پی ایم ڈی سی کے مطابق غیر رجسٹرڈ طلبا کو پاکستان کے میڈیکل ایجوکیشن سسٹم کے تحت قانونی طالب علم تصور نہیں کیا جائے گا۔ اعلامئے میں کہا گیا ہے کہ متاثرہ طلبا کو کاغذی کارروائی مکمل کرنے اور منظم و باعزت واپسی کے لیے سہولت فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ تمام قانونی اور ضابطہ جاتی تقاضے پورے کرنے والے غیر ملکی طلبا کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہا جائے گا۔

بقیہ نمبر 5

کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی جس میں صوبائی محکموں کی کارکردگی، سالانہ ترقیاتی پروگرام کی فزیکل و فنانشل پیش رفت، بھرتیوں کے عمل اور مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی، اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محکمہ جنگلات میں بھرتیوں کے حوالے سے موصول ہونے والی بے ضابطگیوں کی شکایات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے اعلیٰ سطحی تحقیقات کا حکم دیا انہوں نے کہا کہ اگر مصدقہ شواہد اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے نتیجے میں کسی فرد کا جرم ثابت ہوا تو ملوث کردار کسی صورت سزا سے نہیں بچ سکیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انہوں نے روز اول ہی واضح کر دیا تھا کہ بلوچستان میں کوئی نوکری نہیں بکے گی اور اس اصولی موقف پر صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری بلوچستان اور پوری حکومتی مشینری ایک پیج پر ہے انہوں نے کہا کہ نوکریوں کی خرید و فروخت روکنے کے لیے ہر طرح کا دباؤ برداشت کریں گے تاہم بلوچستان کے نوجوانوں کے حق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی امور میں بحیثیت چیف منسٹر انہوں نے کبھی کسی ذاتی مداخلت کو برداشت نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے بھائی بھی کبھی آپ کو سیکرٹریٹ میں کسی سرکاری یا نجی کام کے لیے نظر نہیں آئیں گے، چیف منسٹر سیکرٹریٹ سے بھی کسی خلاف قانون کام کے لیے کسی افسر کو اپروچ نہیں کی جاتی اور اگر کسی سیکرٹری کو فون یا اپروچ کی گئی ہے تو وہ برملا طور پر بلا خوف و خطر اس بااختیار فورم پر اظہار کر سکتا ہے اتنی انتظامی بااختیاری کے باوجود اگر کوئی سقم موجود ہو تو گورننس پر سوالات اٹھتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ حکومت میں میرٹ، شفافیت اور قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور کسی بھی فرد کو ذاتی تعلق یا اثر و رسوخ کی بنیاد پر سرکاری امور پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ افسران پر انہیں مکمل اعتماد ہے، وہ باصلاحیت ہیں اور بلوچستان کو درست سمت میں لے جانے کی صلاحیت رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ سیکرٹریز کی سطح پر نوکریوں کی خرید و فروخت کا الزام ناقابل فہم اور کسی اعلیٰ انتظامی عہدے کے شایان شان نہیں۔ ہمیں سیکرٹریز کی نیت اور شہرت پر کوئی شک نہیں تاہم ماتحت اہلکاروں اور ریکروٹمنٹ کمیٹیوں کی کارکردگی پر کڑی نظر رکھنے کی ضرورت ہے بلوچستان کے عوام اور پارلیمانی فورم پر کی گئی کمٹمنٹ اور ہمارے پختہ عزم کے تناظر میں کسی بھی سطح پر کوئی بے ضابطگی قطعی قابل برداشت نہیں، ہمیں سیکرٹریز کا احترام و عزت عزیز ہے اور سیکرٹریز کو بھی حکومتی پالیسیوں اور احکامات پر عمل کرتے ہوئے تکریم کرنی ہوگی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان سردی میں ٹھٹھرتے اور گرمی میں جھلستے ہوئے تعلیم اور محنت کے بعد روزگار کے حصول کے منتظر رہتے ہیں، ان کی نوکری فروخت ہونے دینا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ حکومتی احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے روزمرہ انتظامی امور اور بھرتیوں کے پورے عمل کو شفاف اور میرٹ پر مبنی رکھا جائے انہوں نے ہدایت کی کہ گریڈ پانچ سے بالائی تمام آسامیوں پر آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ذریعے میرٹ پر بھرتیوں کی منظور شدہ پالیسی پر بلا تاخیر عمل کیا جائے اور ٹیسٹ مقامی سطح پر منعقد کیے جائیں۔ تمام متعلقہ محکمے ٹیسٹ کے انعقاد کے لیے ضروری انتظامات کریں اور اگر آرٹیفیشل انٹیلیجنس ٹیسٹ کے انعقاد میں کسی بھی قسم کی معاونت درکار ہو تو چیف منسٹر سیکرٹریٹ مکمل تعاون فراہم کرے گا وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ درجہ چہارم کی آسامیوں پر نہ اقرباء پروری ہوگی اور نہ ہی ریکروٹمنٹ کمیٹی کا کوئی حصہ ہوگا انہوں نے کہا کہ نوکریوں کی خرید و فروخت کے معاملے میں کسی غلطی کی گنجائش نہیں اور اس پر کوئی معافی نہیں ہوگی میر سرفراز بگٹی نے تمام سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ اللہ کو حاضر و ناظر جان کر حلف اٹھائیں کہ بلوچستان کے نوجوانوں کی نوکریاں فروخت نہیں ہونے دیں گے انہوں نے کہا کہ افسران اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری سے ادا کریں اور کسی بھی قسم کے دباؤ کو میرٹ اور شفافیت کی راہ میں حائل نہ ہونے دیں وزیر اعلیٰ نے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے کردار کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ حکومتی مشینری میں بطور چیف پرنسپل ایڈوائزر انہوں نے ہمیشہ بہتر مشاورت اور گڈ گورننس کے قیام کے لیے معاونت فراہم کی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور انتظامی افسران کے درمیان مؤثر مشاورت اور باہمی تعاون سے ہی حکومتی پالیسیوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جا سکتا ہے اجلاس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کی فزیکل اور فنانشل پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے ترقیاتی پروگرام پر عملدرآمد کی رفتار میں تیزی کو صوبائی حکومت کے عملی اقدامات کا مظہر قرار دیا اور متعلقہ محکموں کو ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی وزیر اعلیٰ نے محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو سراہتے ہوئے صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم کی کاوشوں کو سراہا انہوں نے کہا کہ سرکاری امور میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال شفافیت، مؤثر نگرانی اور بہتر فیصلہ سازی کے لیے اہم ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرٹوکریسی قائم کر کے ہی بلوچستان کے نوجوانوں کا ریاستی نظام پر اعتماد بحال کیا جا سکتا ہے انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ اپنے فرائض پوری ذمہ داری، دیانت داری اور غیر جانب داری سے انجام دیں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ کسی بھی نوجوان کے حق پر کسی فرد، گروہ یا دباؤ کے باعث سمجھوتہ نہ ہو۔

بقیہ نمبر 6

ہوگا، سہ فریقی مکہ معاہدے کے مطابق ایک ملک پر جارحیت تینوں ملکوں پر جارحیت تصور کی جائے گی۔ واضح رہے کہ یمن کی حوثی جماعت انصار اللہ نے سعودی شہروں ابہا، خمیس، مشیط، نجران اور جازان میں حملے کیے جس دوران شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا جب کہ حملوں میں 73 افراد زخمی ہوئے جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب میں حوثیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے حملے نہ صرف بے گناہ انسانی جانوں کیلئے خطرہ ہیں بلکہ علاقائی امن وسلامتی کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کیلئے اپنی مستقل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں، خادم حرمین شریفین شاہ سلمان، ولی عہد محمد بن سلمان اور برادر سعودی عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے یمنی حوثیوں کے حملوں پر خادم حرمین شریفین شاہ سلمان، ولی عہد محمد بن سلمان اور سعودی عوام سے یکجہتی کا اظہار کیا حوثیوں نے سعودی شہروں ابہا، خمیس، مشیط، نجران اور جازان میں حملے کیے

بقیہ نمبر 7

شہری حقوق سمیت مختلف شعبوں میں مسلسل زوال تشویشناک ہے، سیاسی جماعتوں کے وفاق اور صوبوں میں حکومتیں کرنے کے باوجود عوام کے مسائل حل نہیں ہو سکے، پاکستان کے مسائل کا حل نئے صوبوں کے قیام میں نہیں بلکہ آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی میں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے برسوات میں مڈ بار کے وکلا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل انہوں نے ڈپٹی کمشنر برسوات کے دفتر، امنگ ویلفیئر سکول کا بھی دورہ کیا اور مختلف وفود سے ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک کے حالات ایسے ہیں کہ جوان ہو یا بوڑھا، مرد ہو یا عورت، کسی بھی صوبے یا معاشرے کے کسی بھی طبقے سے تعلق رکھنے والا شخص اپنے حالات اور مستقبل کے حوالے سے فکرمند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آزادی کے بعد سے مختلف شعبوں میں مسلسل زوال کا شکار رہا ہے۔ تعلیم کا معیار ہو، صحت کا شعبہ ہو، معاشرتی صورتحال ہو یا شہری حقوق کا معاملہ، ہر حوالے سے ملک کو مشکلات کا سامنا ہے۔ آج سیاسی نظام کا جائزہ لیا جائے تو ملک کی بڑی سیاسی جماعتیں وفاق یا صوبوں میں حکومت کر رہی ہیں، اس کے باوجود عوام کو وہ بہتری نظر نہیں آ رہی جس کی توقع کی جاتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں یہ شکایت کی جاتی تھی کہ پاکستان میں فوج اور حکومت ایک دوسرے سے مختلف سمتوں میں چل رہے ہیں، بعد میں یہ دعویٰ بھی سامنے آیا کہ سب ایک صفحے پر ہیں، یہ بات عمران خان بھی کہتے رہے اور آج کی حکومت کی جانب سے بھی اسی طرح کے دعوے سامنے آتے رہتے ہیں، لیکن اس کے باوجود ملک کے حالات درست نہیں ہو سکے۔ اس صورتحال پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے کہ آخر وہ کون سی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے بار بار حکومتوں اور سیاسی نظام میں تبدیلی کے باوجود مسائل جوں کے توں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ایک نئی بحث شروع ہو گئی ہے کہ شاید ملک کے مسائل کا حل نئے صوبوں کے قیام میں ہے اور نئے صوبے بننے سے ملک کے معاملات بہتر ہو جائیں گے، تاہم یہ بڑی خام خیالی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود چھوٹے صوبوں کے حامی ہیں، لیکن صرف چھوٹے صوبوں یا نئے صوبوں کا قیام پاکستان کے تمام مسائل کا مکمل حل نہیں ہو سکتا۔ ملک میں بہت سے ایسے علاقے ہیں جو نئے صوبوں کے قیام کے حامی ہیں، لیکن اس کے ساتھ بڑی تعداد میں ایسے علاقے بھی موجود ہیں جہاں نئے صوبوں کی مخالفت کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کا قیام اور ملک کے انتظامی ڈھانچے میں تبدیلی ایک باقاعدہ آئینی اور قانونی عمل کے تحت ہونی چاہیے۔ پاکستان کا آئین موجود ہے اور ریاستی نظام کو اسی آئین کے مطابق چلنا چاہیے۔ کسی فرد یا گروہ کی خواہش یا وقتی حالات کے زیر اثر آئینی اور انتظامی تبدیلیاں کرنا ملک اور اس کے نظام کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان سے پوچھا جائے کہ پاکستان کے مسائل کا اصل حل کیا ہے تو اس کا جواب بہت سادہ ہے، پاکستان کے مسائل کا حل صرف آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی میں ہے۔ ہمیں راتوں رات مسائل کا حل تلاش کرنے اور شارٹ کٹ اختیار کرنے کے بجائے ایک مضبوط اور مستقل نظام قائم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے مختلف ممالک کا تجربہ ہمارے سامنے ہے کہ جن ریاستوں میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور مضبوط ادارہ جاتی نظام موجود ہے، وہاں معاشرے ترقی کرتے ہیں اور عوام کو استحکام ملتا ہے۔ پاکستان کو بھی مسائل کے مستقل حل کے لیے آئین اور قانون کی حکمرانی کو بنیاد بنانا ہوگا، یہی ملک کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کا راستہ ہے۔

بقیہ نمبر 8

ہے، پاکستان یاسین ملک کا معاملہ اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر عالمی فورمز پر بات کرتا رہے گا، افغان طلبہ پر پابندی عائد کرنے کا تاثر درست نہیں، افغان طلبہ کے خلاف مکمل پابندی کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا، درست ویزا اور ڈگری پروگرام میں رجسٹریشن رکھنے والے افغان طلبہ تعلیم مکمل کر سکتے ہیں، ایران کو وارننگ کی رپورٹ بے بنیاد ہے، ایران کے ساتھ تجارت پر ملکی مفاد کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا کہ مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ نافذ العمل ہے اور پاکستان معاہدے کے تقاضوں کے مطابق کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال پاکستان اور کسی فریق کے درمیان اس نوعیت کی کسی تجویز یا معاملے پر کوئی بات چیت نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کا دوطرفہ دفاعی معاہدہ بھی ہے اور دونوں سہ ملکی معاہدے میں بھی شامل ہیں

بقیہ نمبر 9

ر پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی تعاون اب تجارتی راستوں سے آگے بڑھ کر مربوط ویلیو چینز میں تبدیل ہو رہا ہے، ڈیجیٹل جدت، پائیداری اور ہنر مند روزگار کو تجارتی ڈھانچے کا حصہ بنانا ناگزیر ہے۔ جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان مغربی، وسطی اور مشرقی ایشیا کے درمیان ایک اہم تجارتی پل بن رہا ہے، ریلوے، سڑکوں اور ٹرانزٹ ٹریڈ روابط کی توسیع پاکستان کو وسطی ایشیا کے لیے مختصر اور موثر راستہ بنا رہی ہے، علاقائی روابط پاکستان کے لیے ڈیڑھ ارب صارفین پر مشتمل وسیع منڈی کے دروازے کھول رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بندرگاہی اصلاحات، ڈیجیٹل کسٹمز اور جدید لاجسٹکس سے تجارتی وقت اور لاگت کم کی جا رہی ہے۔ پاکستان ایک ابھرتے ہوئے ٹرانس شپمنٹ مرکز کے طور پر سرمایہ کاروں کو وسیع علاقائی منڈیوں تک رسائی فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معاشی بحالی اور بہتر کریڈٹ ریٹنگ سے سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے، توانائی، بنیادی ڈھانچے، معدنیات اور صنعت میں نئی سرمایہ کاری پاکستان پر بڑھتے اعتماد کی عکاسی ہے۔

بقیہ نمبر 10

ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کے قیام کا مسئلہ سنجیدہ اور عوامی ہے، وزیراعظم کو نئے چیف الیکشن کمشنر کی تعیناتی کیلئے اپوزیشن لیڈر سے بات کرنے میں پہل کرنی چاہیے۔

بقیہ نمبر 11

ار رکھتے ہوئے پیش نہ ہونے والے ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ عدالت نے ملزمان کی جانب سے دائر حاضری سے استثنیٰ کی درخواستیں بھی مسترد کر دیں جبکہ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اور دیگر کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔ عدالت نے پولیس کو سہیل آفریدی اور دیگر ملزمان کا چالان جلد پیش کرنے کی بھی ہدایت کر دی، بعد ازاں کیس کی سماعت 30 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اور دیگر کے خلاف مقدمہ تھانہ مارگلہ میں درج ہے۔

بقیہ نمبر 12

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے اوورسیز پاکستانیوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کمیٹی کو ہدایت کی کہ پاسپورٹ اور ضروری دستاویزات کی تصدیق کے عمل کو تیز، آسان اور مؤثر بنانے کی ہدایت کی۔ وہ بدھ کو یہاں وزارت قانون و انصاف میں پاسپورٹ رولز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں وزارت داخلہ، وزارت خارجہ، محکمہ پاسپورٹ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں اور انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے حکومت پرعزم ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اوورسیز پاکستانیوں کے سفری دستاویزات اور دیگر ضروری کاغذات کی بروقت تصدیق کے لیے مربوط نظام وضع کیا جائے، جبکہ ریکارڈ کی تصدیق کے عمل کو تیز رفتار اور مزید آسان بنایا جائے۔ وفاقی وزیر نے ریکارڈ کی تصدیق کے لیے واضح ٹائم لائن مقرر کرنے اور وزارت داخلہ کی سطح پر الیکٹرانک طریقہ کار وضع کرنے کی ہدایت کی تاکہ متعلقہ سوالات اور ضروری کارروائی جلد مکمل کی جا سکے۔ انہوں نے تصدیق کے عمل میں انسانی مداخلت کم سے کم کرنے پر زور دیتے ہوئے ون ونڈو تصدیقی پورٹل متعارف کرانے کی تجویز بھی دی۔ وفاقی وزیر نے تارکین وطن کو سہولت فراہم کرنے کے لیے قواعد و ضوابط میں ضروری بہتری کے حوالے سے تجاویز پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو آئندہ اجلاس میں واضح لائحہ عمل اور طریقہ کار پیش کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 13

رینکنگ میں ایک سال کے دوران 30 درجے بہتری کے بعد بندرگاہ 99 ویں سے 69 ویں پوزیشن پر آ گئی، جبکہ پورٹ قاسم بھی 74 ویں سے 56 ویں نمبر پر پہنچ گیا۔ رپورٹ کے مطابق بحری شعبے میں اصلاحات، بندرگاہی نظام میں بہتری اور جدید سہولتوں کے نتیجے میں پاکستان کی دونوں بڑی بندرگاہوں کی عالمی سطح پر کارکردگی میں نمایاں بہتری ریکارڈ کی گئی ہے۔ کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سالانہ 100 ملین ٹن سے زائد کارگو ہینڈل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، جس کے باعث دونوں بندرگاہیں ملکی تجارت اور درآمد و برآمد کے نظام میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں۔ وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت کراچی پورٹ کی عالمی درجہ بندی میں ایک سال کے دوران 30 درجے بہتری آئی، جبکہ پورٹ قاسم کی رینکنگ میں 18 درجے بہتری ریکارڈ کی گئی۔ کراچی پورٹ کی عالمی رینکنگ میں بہتری کو بحری شعبے میں ہونے والی اصلاحات کا اہم نتیجہ قرار دیا جا رہا ہے۔ بندرگاہی نظام کو بہتر بنانے، کسٹمز کے عمل کو تیز کرنے، لاجسٹکس کی سہولتوں میں اضافے اور پورٹ ٹیرف میں یکسانیت کے اقدامات سے بندرگاہ کی کارکردگی بہتر ہوئی ہے۔ اصلاحات کے نتیجے میں گڈز ڈیکلریشن سے حاصل ہونے والی آمدنی میں 16 فیصد جبکہ انکم ٹیکس وصولیوں میں 14 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح الیکٹرانک قانونی محصولات میں بھی 105 فیصد نمایاں اضافہ ہوا۔ حکام کے مطابق جدید بندرگاہی سہولتوں اور بہتر انتظامی نظام کے باعث پاکستان کو خطے میں ٹرانس شپمنٹ مرکز کے طور پر مستحکم کرنے میں مدد مل رہی ہے۔ بحری شعبے میں اصلاحات کے تحت جہاز سازی کے خام مال اور جہازوں کی خریداری پر ریلیف پیکیج کے خاتمے کو بھی مقامی شپ بلڈنگ صنعت کے لیے اہم اقدام قرار دیا گیا ہے۔ نئے پورٹس، تیز رفتار کسٹمز کلیئرنس، یکساں پورٹ ٹیرف اور بہتر لاجسٹکس سے مقامی جہاز سازی اور بحری صنعت کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔ ماہرین کے مطابق کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم کی کارکردگی میں بہتری سے نہ صرف ملکی درآمدات و برآمدات کے عمل میں تیزی آئے گی بلکہ بندرگاہی شعبے میں سرمایہ کاری، روزگار کے مواقع اور علاقائی تجارت کے فروغ کی راہ بھی ہموار ہوگی۔

بقیہ نمبر 14

ئیں۔ پولیس نے گرفتار سات پی ٹی آئی کارکنان کو انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پیش کر دیا۔ سماعت جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ پولیس کی شناخت پریڈ کے لیے ملزمان کے 14 دن کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی جسے عدالت نے منظور کر لیا۔ عدالت نے ملزمان کو شناخت پریڈ کے لیے اڈیالہ جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے دو بیمار ملزمان کو تمام طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی کارکنان کو تھانہ سیکرٹریٹ میں درج مقدمہ میں گرفتار کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 15

، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف کو نااہل قرار دے دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق گوشواروں کی تفصیلات جمع کرانے تک یہ سابق ارکان قومی اسمبلی نااہل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق تینوں ارکان عام انتخابات، ضمنی الیکشن، سینیٹ اور مقامی حکومت کے انتخابات لڑنے کے لیے نااہل ہیں۔

بقیہ نمبر 16

قیادت وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کی جبکہ حکومتی ٹیم میں رانا ثنا اللہ، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک اور بلال اظہر کیانی شامل تھے۔ حکومتی وفد نے جماعت اسلامی سے مزید 3 دن کا وقت مانگتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی تین دن تک اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کی کال نہ دے۔

بقیہ نمبر 17

انکوائری آفس، ویٹنگ ایریا سمیت دیگر شعبوں کا معائنہ کیا، محسن نقوی نے تھانے کے کاؤنٹرز پر شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور سائلین کیلئے فراہم کردہ سہولتوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ڈسپیوٹ ریزولوشن کمیٹی کے ارکان سے بھی ملاقات کی اور کمیٹی کے کردار کو سراہا، انہیں تھانے کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی۔ محسن نقوی نے کہا کہ منصوبے کا مقصد عوام کو جدید، باوقار اور عوام دوست پولیسنگ کا ماحول فراہم کرنا ہے، سائلین کی دادرسی کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے اور سائل کی درخواست پر ہر صورت کارروائی یقینی بنائی جائے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ کسی شہری کو ایف آئی آر کے اندراج میں بلاوجہ تاخیر یا مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے، جبکہ تھانوں میں آنے والے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ذمہ دارانہ رویہ اپنایا جائے۔

بقیہ نمبر 18

کے مطابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا دورہ پنجاب بھی احتجاج کی تیاریوں کے باعث ملتوی کر دیا گیا ہے۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق سینٹرل پنجاب کے 10 اضلاع سے تعلق رکھنے والے ارکان اسمبلی اور کارکن لاہور میں جمع ہوں گے جبکہ صورتحال کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا کہ کارکن لاہور میں احتجاج کریں گے یا انہیں اسلام آباد بلایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کے دیگر اضلاع کے ارکان اسمبلی اور کارکن خیبر پختونخوا پہنچیں گے، جبکہ جنوبی پنجاب کے تمام ارکان اسمبلی کارکنوں کے ہمراہ احتجاج سے ایک روز قبل پشاور پہنچیں گے۔ دوسری جانب سینٹرل پنجاب کے پی ٹی آئی رہنماؤں نے کہا کہ احتجاج کی تیاریاں جاری ہیں اور کارکنوں و رہنماؤں کے گھروں پر پولیس چھاپے مار رہی ہے

بقیہ نمبر 19

رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان کی جمہوری قوت، معاشی ترقی اور سماجی ہم آہنگی اس وقت تک مکمل طور پر حاصل نہیں کی جا سکتی جب تک خواتین کو ملک کے اداروں، معیشت اور مستقبل کی تشکیل میں مساوی کردار نہیں دیا جاتا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے زیر اہتمام پاکستان ویمن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ قیادت اور فیصلہ سازی کے عمل میں خواتین کی مؤثر شرکت ایک جامع اور ترقی پسند معاشرے کی تشکیل کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ خواتین کو سرکاری اداروں، معاشی سرگرمیوں اور قومی پالیسی سازی میں بامعنی کردار ادا کرنے کے مساوی مواقع فراہم کیے جائیں، کیونکہ خواتین کی آواز اور نقطہ نظر فیصلوں کے معیار کو بہتر بنانے اور جمہوری طرز حکمرانی کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں نے خواتین کے لیے ایسا سازگار پالیسی ماحول پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا جس میں وہ کاروبار، روزگار، تعلیم، ٹیکنالوجی اور عوامی زندگی کے مختلف شعبوں میں آگے بڑھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ان رکاوٹوں کے خاتمے کے لیے مسلسل اقدامات کرنا ہوں گے جو خواتین کو اپنی صلاحیتوں کے بھرپور اظہار سے روکتی ہیں۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا محض مساوات کا معاملہ نہیں بلکہ معاشی ترقی اور قومی تعمیر کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے خواتین کی معاشی خودمختاری کے فروغ اور بامعنی مکالمے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرنے پر کاروباری برادری اور آئی سی سی آئی کے کردار کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ یہ سمٹ خواتین کی قیادت اور قومی ترقی میں ان کی مؤثر شرکت کے فروغ کے لیے عملی سفارشات مرتب کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ آئی سی سی آئی کے صدر سردار طاہر محمود نے کہا کہ خواتین کی قیادت اب محض سماجی شمولیت کا معاملہ نہیں رہی بلکہ پاکستان کی معاشی تبدیلی کے لیے ایک اسٹریٹجک ضرورت بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو کاروبار، روزگار، ٹیکنالوجی، پالیسی سازی اور قیادت کے شعبوں میں مساوی مواقع فراہم کرنا ہوں گے، جبکہ ایسی پالیسی اصلاحات کی ضرورت ہے جو خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں شرکت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کریں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی وسائل کے ایک بڑے حصے کو مؤثر طور پر بروئے کار لائے بغیر پاکستان پائیدار اور جامع معاشی ترقی حاصل نہیں کر سکتا۔ سردار طاہر محمود نے اسلام آباد کو درپیش بڑھتے ہوئے مسائل، بالخصوص دارالحکومت کی ترقی کے لیے درکار مالی وسائل کی کمی کی طرف بھی توجہ دلائی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اسلام آباد کو نیشنل فنانس کمیشن (این ایف سی) ایوارڈ میں مناسب حصہ دیا جائے تاکہ بڑھتی ہوئی آبادی، انفراسٹرکچر، میونسپل سروسز اور شہری ترقی کے چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کو مناسب اور منصفانہ مالی وسائل کی فراہمی ضروری ہے تاکہ وفاقی دارالحکومت اپنی بڑھتی ہوئی ترقیاتی ضروریات پوری کرتے ہوئے ملک کی مجموعی ترقی کے ساتھ ہم آہنگ ہو سکے۔ سمٹ کے پینلسٹس نے خواتین کی قیادت، پالیسی سازی میں نمائندگی، معاشی خودمختاری، خواتین کی کاروباری سرگرمیوں، ادارہ جاتی اصلاحات اور قومی ترقی میں خواتین کی زیادہ مؤثر شرکت کے لیے سازگار ماحول کی تشکیل پر تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے جامع پالیسیوں، قیادت سازی، مساوی مواقع اور حکومت، نجی شعبے، تعلیمی اداروں اور سول سوسائٹی کے درمیان مضبوط تعاون کی ضرورت پر زور دیا تاکہ خواتین کی صلاحیتوں کو ٹھوس معاشی اور سماجی فوائد میں تبدیل کیا جا سکے۔ آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر طاہر ایوب نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض انجام دیے۔ اختتامی کلمات میں آئی سی سی آئی کے نائب صدر عرفان چوہدری نے قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کا سمٹ میں شرکت اور قیمتی خیالات کا اظہار کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ آئی سی سی آئی کی قائمہ کمیٹی برائے سوشل موبلائزیشن اینڈ کمیونیکیشن کے چیئرمین کاشف قریشی اور وائس چیئرپرسن مقدس چوہدری نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ آئی سی سی آئی کے سابق صدر محمد اعجاز عباسی، ایگزیکٹو ممبران محترمہ فاطمہ عظیم، ذوالقرنین عباسی اور عمران منہاس، جبکہ سابق سینئر نائب صدر خالد چوہدری بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ نمبر 20

ثمرات عوام تک نہیں پہنچ سکے، اس لیے موثر عوامی خدمات اور پائیدار ترقی کے لیے اختیارات اور وسائل مقامی حکومتوں کو منتقل کرنا ہوں گے۔ وہ بدھ کو انٹیگریٹڈ لینڈ اینڈ واٹر یوز پلاننگ کے حوالے سے قومی افتتاحی ورکشاپ اور ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے آغاز سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اختیارات کی منتقلی مسئلہ نہیں بلکہ اس پر عملدرآمد کا دائرہ صوبائی سطح پر رک گیا ہے

بقیہ نمبر 21

کہ چین کو اعلیٰ معیار کی خدمات کی درآمدات کو بڑھانے میں پہل کرنی چاہیے اور علم پر مبنی خدمات کی برآمدات میں توسیع کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے، تاکہ چین کی بڑی مارکیٹ کے مواقعوں کے ذریعے دنیا کو ترقی کی نئی تحریک فراہم کی جا سکے اور اعلیٰ معیار کی ترقی کے ذریعے عالمی سطح پر زیادہ اور بہتر چینی خدمات پیش کی جا سکیں۔ خدمات کی تجارت میں دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہونے کے ناطے، چین کی خدمات کی تجارت میں جدت پر مبنی ترقی مسلسل آگے بڑھ رہی ہے، اور زیادہ کھلے پن، بہتر ساخت اور مضبوط تحریک کا حامل خدمات کی تجارت کا نیا ڈھانچہ تیزی سے تشکیل پا رہا ہے۔ 2021 سے 2025 تک چین کی خدمات کی درآمدات و برآمدات میں اوسطاً سالانہ 12.1 فیصد کا اضافہ ہوا، جو اسی عرصے کے دوران اشیا کی درآمدات و برآمدات کی اوسط شرح نمو سے زیادہ ہے۔ مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل معیشت کے شعبوں میں جدت کے فوائد کو بروئے کار لاتے ہوئے، چین کی خدمات کی تجارت مسلسل عالمی ویلیو چین کے اعلیٰ درجے کی جانب بڑھ رہی ہے۔ رواں سال کے پہلے سات ماہ میں ٹیلی کمیونیکیشن، کمپیوٹر، اطلاعاتی خدمات اور ثقافت سمیت علم پر مبنی خدمات کی برآمدات 9.4828 کھرب یوآن رہیں، جن میں 12.2 فیصد کا اضافہ ہوا، جو خدمات کی کل برآمدات کے نصف سے زیادہ ہے۔ خدمات کی برآمدات کی بین الاقوامی مسابقت میں اضافے کے ساتھ ساتھ اعلیٰ معیار کی خدمات کی درآمدات میں بھی مسلسل توسیع ہو رہی ہے۔ چین ایک سپر لارج مارکیٹ کی حیثیت سے دنیا کے ساتھ ترقی کے مواقع بانٹ رہا ہے

بقیہ نمبر 22

سکتا۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ سندھ کی گورننس اتنی خراب نہیں جتنی کہی جاتی ہے، صرف بعض میڈیا ہاؤسز روز کراچی کے ابلتے ہوئے گٹر دکھاتے ہیں، سندھ میں اگر گورننس ٹھیک نہیں تو وہاں کے عوام انہیں مسترد کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کی لندن میں مصروفیات معمول کے مطابق تھی، اس میں کوئی غیر معمولی بات نہیں۔ مریم نواز کے بیان کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کو اپنے بیان میں لفظوں کا چناؤ مناسب رکھنا چاہیے۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ آئین پاکستان کے مطابق نئے صوبوں کے مطالبے کی بات قومی اسمبلی یا سینیٹ نہیں صوبائی اسمبلی میں شروع ہو سکتی ہے۔ اگر کسی صوبے کے مقامی لوگ، وہاں کے قانون ساز، وہاں کی صوبائی اسمبلی اگر صوبے کا مطالبہ کرتی ہے تو پیپلز پارٹی اس کا ساتھ دے گی۔ انہوں نے کہا کہ 2012 میں جنوبی پنجاب اور بہاولپور صوبے کی قراردادیں شاید غیر مؤثر ہو چکی ہیں۔ 2012 میں یہ قرارداد منظور ہوئی، اس پر 14 سال گزر چکے ہیں، کئی حکومتیں آئیں اور گئیں، اگر ان پر عملدرآمد نہیں ہوا تو میری نظر میں ان قراردادوں کی افادیت نہیں رہی۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ انہیں حیرانی ہے کہ محسن نقوی نے بیان کس طرح سے دے دیا۔ اس کا مطلب تو یہ ہے کہ صوبے اگر نہیں بھی چاہیں گے تو نئے صوبے بن جائیں گے۔ سیاسی جماعتیں نہیں چاہیں گی تو صوبے کیسے بنیں گے، یہ باتیں ان کو بھی سمجھنی چاہئیں لیکن معلوم نہیں وہ کس گھمنڈ میں یہ باتیں کر رہے ہیں۔ ہمارے ملک میں صوبے بنانے اور توڑنے کا عمل ملک توڑنے کا باعث بن چکا ہے۔ اس ملک میں چٹکی بجا کر ون یونٹ بنا دیا گیا اور جب توڑا گیا تو پھر توڑتے ہوئے دیر نہیں لگائی گئی، ان چیزوں کا خیال نہیں رکھا گیا جو ریاست کے اندر دراڑیں بڑھا دیتی ہیں

بقیہ نمبر 23

ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ ذیلی قومی انسداد پولیو مہم 21 سے 27 ستمبر تک ملک کے 115 اضلاع میں منعقد ہوگی، جس کے دوران 3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 24

گزشتہ سماعت کا 3 صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹریز اور انسپکٹر جنرلز (آئی جیز) کو ذاتی حیثیت میں عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے چیف کمشنر اسلام آباد، آئی جی اسلام آباد اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کو بھی ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا ہے۔ تحریری حکم نامے کے مطابق ایک تاجر کی جانب سے پی ٹی آئی کے مجوزہ احتجاج کے خلاف درخواست دائر کی گئی تھی، درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو احتجاج کے باعث ہونے والے ممکنہ نقصانات سے آگاہ کیا اور مؤقف اختیار کیا کہ اسلام آباد میں احتجاج سے متعلق قانون پہلے سے موجود ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ معاملہ اہم نوعیت کا ہے، اس لیے اٹارنی جنرل آف پاکستان کو عدالتی معاونت کے لیے نوٹس جاری کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے سابق وزیراعظم عمران خان کو ان کے اہل خانہ اور ذاتی معالجین تک رسائی نہ دینے پر 27 ستمبر کو احتجاج اور لانگ مارچ کا اعلان کر رکھا ہے۔

بقیہ نمبر 25

فورسز نے درجنوں گھروں پر چھاپہ مارا اور ان کی تلاشی لی جس کے دوران املاک کو بھی نقصان پہنچا، یہ کارروائیاں نابلس، بیت لحم، ہیبرون، جنین، توباس اور تلکرم کے صوبوں میں مرکوز تھیں۔ نابلس میں 17، بیت لحم میں 7، ہیبرون میں 3، جنین میں 1، طوباس سے 2 اور تلکرم سے 3 فلسطینیوں کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ہونے والوں میں دو صحافیوں کی شناخت صابری موسیٰ جبریل اور معتز عمارنہ کے نام سے کی ہے، دونوں بیت لحم سے ہیں۔ جنین میں اسرائیلی اسپیشل فورسز کے یونٹ نے وزارت داخلہ کے علاقے کے قریب سے ایک سابق قیدی کو گرفتار کر لیا۔ گرفتاریوں میں نابالغ اور دیگر سابق قیدی بھی شامل ہیں، جن میں ایک شخص بھی شامل ہے جسے چند روز قبل رہا کیا گیا تھا

بقیہ نمبر 26

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اگست 2026ء میں بیرون ملک پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی گئی ترسیلات زر میں جولائی 2026ء کے مقابلے میں بھی 0.7 فیصد اضافہ ہوا۔ یوں بیرون ملک پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر کی آمد میں مسلسل بہتری کا رجحان برقرار رہا۔ مرکزی بینک کے مطابق جولائی اور اگست 2026ء پر مشتمل رواں مالی سال 2026-27ء کے ابتدائی دو ماہ کے دوران مجموعی طور پر 7.3 ارب ڈالر کی ترسیلات زر پاکستان موصول ہوئیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں یہ حجم 6.4 ارب ڈالر تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی دو ماہ میں ترسیلات زر کی مجموعی آمد گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 14.7 فیصد زیادہ رہی۔ اس طرح صرف دو ماہ کے دوران ترسیلات زر میں تقریباً 90 کروڑ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مرکزی بینک کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اگست کے دوران بیرون ملک سے موصول ہونے والی ترسیلات زر میں سب سے بڑا حصہ سعودی عرب سے آیا، جہاں مقیم پاکستانیوں نے 873.5 ملین ڈالر وطن بھیجے۔ متحدہ عرب امارات سے اگست میں 749.8 ملین ڈالر، برطانیہ سے 563.7 ملین ڈالر جبکہ امریکا سے 308.9 ملین ڈالر کی ترسیلات زر پاکستان پہنچیں۔ ان چار بڑے ذرائع سے آنے والی رقوم نے مجموعی ترسیلات زر میں نمایاں حصہ ڈالا۔ معاشی ماہرین کے مطابق بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر میں مسلسل اضافہ ملکی معیشت کے لیے اہم پیش رفت ہے، کیونکہ ترسیلات زر سے زرمبادلہ کے ذخائر کو سہارا ملنے کے ساتھ بیرونی ادائیگیوں کے دباؤ میں کمی اور ملکی معیشت کو استحکام حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ رواں مالی سال کے ابتدائی دو ماہ میں ترسیلات زر کا حجم 7.3 ارب ڈالر تک پہنچنا حکومت اور مرکزی بینک کی جانب سے قانونی ذرائع سے رقوم کی ترسیل کی حوصلہ افزائی کی پالیسیوں کے لیے بھی حوصلہ افزا قرار دیا جا رہا ہے۔ ماہرین نے کہا کہ اگر بیرون ملک پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر میں اضافے کا موجودہ رجحان برقرار رہا تو رواں مالی سال کے دوران زرمبادلہ کی آمد میں مزید بہتری متوقع ہے، جس سے ملکی معیشت کو درپیش بیرونی شعبے کے دباؤ کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے

بقیہ نمبر 27

ذرائع کے مطابق 12 سے 16 ستمبر کے دوران ترسیل کے لیے ایک ایل این جی کارگو کی خریداری کی غرض سے عالمی کمپنیوں سے بولیاں طلب کی گئی تھیں، جس کی آخری تاریخ 8 ستمبر مقرر تھی، تاہم مقررہ وقت تک کوئی بولی موصول نہیں ہوئی

بقیہ نمبر 28

دی۔ ملزمان میں نوشہرہ کے سعید الحق اور عمر زادہ شامل ہیں، دونوں ملزمان تھانہ ٹیکسلا کے دو مقدمات میں نامزد تھے۔ ملزمان نے عدالت میں اپنے اپنے اقبالی بیانات جمع کرا دیے، ملزمان نے اقرار جرم کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت کے اکسانے پر احتجاج میں شامل ہوئے۔ ملزمان نے جرم قبول کرتے ہوئے عدالت سے رعایت کی درخواست کی اور اپنے اقبالی بیان میں کہا کہ غریب مزدور لوگ ہیں، رعایت دی جائے۔ عدالت نے دونوں ملزمان کو چار، چار ماہ قید اور 15، 15 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنا دی، فیصلہ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے سنایا۔

بقیہ نمبر 29

ر پر سفارتی تعلقات ختم کرنے کی مخصوص وجہ بیان نہیں کی۔ دونوں ممالک کے درمیان گزشتہ کچھ عرصے سے کشیدگی میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ الجزائری میڈیا ماضی میں متحدہ عرب امارات پر خطے میں اختلافات اور انتشار کو ہوا دینے کے الزامات عائد کرتا رہا ہے۔ الجزائری صدر عبدالمجید تبون نے گزشتہ برس خلیجی ممالک کے ساتھ تعلقات کو عمومی طور پر برادرانہ قرار دیتے ہوئے ایک ملک کا نام لیے بغیر کہا تھا کہ وہ الجزائر کے اندرونی معاملات میں مداخلت اور ملک کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کر رہا ہے، جسے وسیع پیمانے پر متحدہ عرب امارات کی طرف اشارہ سمجھا گیا تھا۔ رواں برس فروری میں الجزائر نے متحدہ عرب امارات کے ساتھ 2013 میں طے پانے والے فضائی سروسز معاہدے کو منسوخ کرنے کا عمل بھی شروع کیا تھا

بقیہ نمبر 30

نے کہا ہے کہ ملک کے سیاسی نظام پر چند خاندانوں کا قبضہ ہے، سیاسی مافیا کو اپنے مفادات مقدم ہیں، عوام کی کوئی فکر نہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ ایک طرف پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے اور دوسری طرف 6 ارب روپے کی بلٹ پروف گاڑیاں خریدی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 31

سے آنے والی اشیا کی درآمد پر پابندی کی حمایت کر دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایڈملی بینڈ نے کہا کہ بعض آبادکار فلسطینیوں کی نسلی صفائی میں ملوث ہیں جبکہ اسرائیلی حکومت اس صورتحال سے چشم پوشی کر رہی ہے، ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل اور فلسطین دونوں کے محفوظ اور پائیدار مستقبل کے لیے دو ریاستی حل ہی واحد قابل عمل راستہ ہے۔ برطانوی اعلان کے ردعمل میں اسرائیل نے چار جوابی اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے یروشلم میں برطانوی قونصل خانے کو بند کرنے، غزہ سے متعلق امریکی قیادت میں قائم رابطہ مشن میں برطانیہ کی شرکت ختم کرنے اور 12 برطانوی شہریوں کے اسرائیل میں داخلے پر پابندی عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پابندی کا سامنا کرنے والوں میں سابق لیبر رہنما جیرمی کوربن، رکن پارلیمنٹ ناز شاہ، زہرا سلطانہ اور انسانی حقوق کے وکیل فہد انصاری بھی شامل ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق فلسطین کا مسئلہ عالمی سطح پر مزید توجہ حاصل کر رہا ہے اور برطانیہ، فرانس، کینیڈا سمیت متعدد ممالک اسرائیلی بستیوں کی توسیع روکنے اور دو ریاستی حل کے تحفظ کے لیے سخت اقدامات کی حمایت کر رہے ہیں۔ ادھر فلسطین نے برطانیہ اور فرانس سمیت بارہ ممالک کی جانب سے اسرائیلی بستیوں کے ساتھ تجارت پر پابندیاں عائد کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ قبل ازیں یورپی یونین کے خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس نے کہا ہے کہ یورپی یونین کے تمام رکن ممالک اس بات پر متفق ہیں کہ مغربی کنارے میں اسرائیلی بستیاں بین الاقوامی قانون کے تحت غیر قانونی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مغربی کنارے میں اسرائیلی حکومت کی جانب سے بستیوں کی توسیع دو ریاستی حل کے قابل عمل امکانات کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یورپی یونین غزہ اور مغربی کنارے کے لیے انسانی امداد کا سب سے بڑا عطیہ دہندہ ہے اور دو ریاستی حل کی بنیاد پر ایک جامع، منصفانہ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔ کایا کالاس کے مطابق دو ریاستی حل کے تحت دونوں ریاستیں محفوظ اور تسلیم شدہ سرحدی حدود میں ایک دوسرے کے ساتھ پرامن طور پر رہیں گی۔ بعد ازاں برطانوی اقدامات کے ردعمل میں اسرائیل نے مقبوضہ بیت المقدس میں برطانوی قونصل خانہ بند کر دیا۔ اسرائیل نے کہا کہ برطانیہ اب غزہ کے لیے امریکا کی قیادت میں قائم رابطہ مشن میں بھی حصہ نہیں لے گا۔ ادھر فلسطینی ایوان صدر سے جاری بیان کے حوالے سے بتایا گیا کہ وہ برطانوی وزیر خارجہ ایڈملی بینڈ کی طرف سے ہاؤس آف کامنز کے سامنے برطانوی حکومت کے اس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں جس میں مقبوضہ فلسطینی سرزمین پر قائم اسرائیلی بستیوں سے مصنوعات کی درآمد پر پابندی عائد کرنے اور انتہا پرست آبادکاروں پر پابندیاں لگانے کا اعلان کیا گیا۔ بیان میں اس فیصلے کو استعماری نظام کا مقابلہ کرنے کے لیے اہم قدم قرار دیا اور اس بات پر زور دیا گیا کہ بستیوں کے جرائم اور آبادکاروں کے تشدد کے ذمہ داروں سے جواب طلبی کے لیے عملی اور ٹھوس اقدامات اٹھائے جانے چاہئیں جبکہ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اسرائیلی غیر قانونی بستیوں کے خلاف برطانیہ کی پابندیوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسرائیل مخالف پابندیوں کو اہم قرار دے دیا۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کی سینئر ڈائریکٹر اریکا گویرانے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی بستیاں غیر قانونی قبضے، الحاق اور نسلی صفائی کا باعث بن رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی بستیاں فلسطینیوں کو ان کی زمینوں اور املاک سے محروم کر رہی ہیں، پابندیوں جیسے اقدامات بہت پہلے کیے جانے چاہیے تھے۔ اریکا گویرا نے کہا کہ یہ اقدامات عالمی کوششوں کا اختتام نہیں بلکہ آغاز ثابت ہونا چاہیے، برطانیہ کو اپنے فیصلے پر عملی اقدامات بھی کرنے ہوں گے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کی سینئر ڈائریکٹر نے کہا کہ برطانیہ کو اسرائیل کو حاصل استثنیٰ کے خاتمے کے لیے مزید مؤثر اقدامات کرنے ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ برطانیہ اسرائیل سے فوجی تعاون روکنے اور عالمی نظام انصاف کی حمایت کرنے جیسے اقدامات بھی کرے۔ واضح رہے کہ برطانیہ کے وزیر خارجہ ایڈملی بینڈ نے مقبوضہ مغربی کنارے میں قائم اسرائیلی بستیوں سے درآمد ہونے والی اشیا پر پابندی عائد کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بستیوں کی توسیع اور فلسطینیوں کے خلاف تشدد میں ملوث افراد اور اداروں پر مزید پابندیاں بھی لگائی جائیں گی

بقیہ نمبر 32

دعائے مغفرت کی بعد ازاں سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو، بزنجو کارواں کے سرپرست اعلیٰ میر جمیل بزنجو، میر عبدالوہاب بزنجو اور سراج احمد بزنجو کے چچا، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل آواران میر نصیر جان بزنجو اور جی ایم بی ڈی اے میر منیر بزنجو کے کزن اور شاہنواز بزنجو کے والد میر عبداللہ جان بزنجو کے انتقال پر بزنجو ہاؤس مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے تعزیت و فاتحہ خوانی کی تعزیت کرنیوالوں میں تعزیت کرنے والوں میں سابق رکن صوبائی اسمبلی لالا رشید، بی این پی کے مرکزی رہنما و سابق رکن صوبائی اسمبلی میر حمل کلمتی، ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ نارکٹکس کوساؤتھ زون بلوچستان محمد زمان خان، سابق ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نعیم جان گچکی، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و قبائلی شخصیت وڈیرہ محمد حسن جاموٹ، سردار علاؤالدین لونی بی این پی مینگل کے رہنما حاجی باسط لہڑی، حاجی عطاء اللہ محمد زئی، اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم جان گچکی، کونسلر اکبر ملازئی، کونسلر عمران محمد حسنی کونسلر مول چند لاسی مولانا اسلم حمید شاہین عمرانی، گورگین بلوچ پاکستان پیپلز پارٹی ضلع لسبیلہ کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ، وڈیرہ نیک محمد جاموٹ، میر مولا بخش بزنجو، محمد نعیم، وڈیرہ محمود انور گدور، ابراہیم مہر، میر داؤد چھٹہ، ٹھیکیدار عظم بندیچہ، مولانا یعقوب ساسولی، میر انور گشکوری، ملک فواد حیدر بھٹو، قیام خان خلجی، سراج لاشاری، خان عالم خلجی سمیت دیگر شامل تھے

بقیہ نمبر 33

کہ وہ اپنی موٹر سائیکل یونائیٹڈ اسٹار 70 پر اپنی اہلیہ کو دوا دلوانے کے لیے آر سی ڈی روڈ پر واقع فراز کلینک پہنچا، درخواست گزار کے مطابق اس نے اپنی موٹر سائیکل کلینک کے سامنے کھڑی کی اور اپنی اہلیہ کو دوا دلوانے کے لیے ہسپتال کے اندر چلا گیا، واپس آنے پر موٹر سائیکل اپنی جگہ موجود نہیں تھی، اس نے اردگرد کے علاقے میں کافی تلاش کیا، تاہم موٹر سائیکل کا کوئی سراغ نہ مل سکا، درخواست گزار نے تھانہ حب میں نامعلوم چور کے خلاف موٹر سائیکل چوری کی رپورٹ درج کرنے اور قانونی کارروائی عمل میں لانے کی استدعا کی ہے۔

بقیہ نمبر 34

مسائل پر خدمات کو سراہا اور خوشی کا اظہار بھی کیا اجلاس سے جمعیت علماء اسلام مرکزی نائب امیر و ضلع حب کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا غلام قادر قاسمی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام پاکستان کا سب سے بڑا جمہوری آئینی جماعت ہے جس کی قیادت کا سہرا مفتی محمود کے سر کامیابی سے رہا ہے کیونکہ اس خاندان کی بہادری جرات سمجھداری اصول پرستی سیاست ایک بہت بڑا کارنامہ رہا ہے پاکستان کی اسمبلی میں پہلی انٹری بھی اس خاندان کی ہوئی پاکستان کو 73 کا آئین دیا قادیانیوں کو کافر قرار دلایا پاکستان میں کئی آمریتوں کا مقابلہ کیا جیلیں کاٹیں عام کارکنوں سے باپ جیسی شفقت رکھی مدارس و مساجد و دینی اداروں اور منکرات کے خلاف ڈٹ کے رہے آج مذہبی حوالے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کا کوئی ثانی نہیں ہے بیک وقت عالمی مظلوم تحریکوں سمیت امت مسلمہ کا غم سینے میں لیکر پھر نا پڑوسی ممالک کے ساتھ مذہبی رواداری کے ماحول سمیت دوستانہ ماحول برقرار رکھنا اس سرخ پگڑی والے مولانا کا کمال ہے جمعیت علماء اسلام کو کئی دفعہ اندر سے کمزور کرنے کی سازشیں کی گئیں لیکن ہر سازش ناکام رہی، جمعیت علماء اسلام چند لوگوں کی سازش سے ختم نہیں ہوگی نہ کمزور ہوگی۔ آج کی اس عمومی کے اجلاس میں عہد کرتے ہیں ہم قائد جمعیت کیساتھ مرتے دم تک شانہ بشانہ رہینگے اور اپنے بچوں کو بھی وصیت کرینگے اس پاک جماعت کیساتھ منسلک رہیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا شاہ محمد صدیقی نے کہا کہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بلوچستان کے سب سے بڑے صنعتی شہر حب کے عوام اپنے بنیادی مسائل کے حوالے سے کسمپرسی کے شکار ہے اور جان بوجھ کر ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت حب کے عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے تاکہ حب کے عوام اپنی جائیدادیں نیلام کر کے نقل مکانی پر مجبور ہو جائے یہی وجہ سے پانی، بجلی، گیس سڑکیں سیوریج اور علاج معالجہ کے حوالے سے جیسی سہولیات کے حب میں نام و نشان تک نہیں صرف تھوڑا بہت اگر کام ہوتا ہے وہ بھی سیاسی بنیاد پر ہوتا ہے۔ جبکہ سرکاری اسکیمات میں تمام عوام کا حق ہے ان حالات میں جبکہ حب بلوچستان کا گیٹ وے جیسا شہر کھنڈرات میں تبدیل ہو چکا ہے اس شہر کی رونقیں بحال کرنے اور یہاں کے عوام کے بنیادی حقوق کیلئے جنگ لڑنا اور آواز بلند کرنا جمعیت علماء اسلام اپنا نصب العین سمجھتی ہے اس لئے اب تک جمعیت علماء اسلام واحد جماعت ہے جس نے ہر فورم پر حب کے عوام حقوق کیلئے آواز بلند کی ہیں۔ تحصیل امیر مفتی عبدالولی کاکڑ نے تمام یونٹس کے ذمہ داروں سے درخواست کی ہیکہ جماعت کے کام مزید عوام تک خلوص اور نیک نیتی سے سرانجام دے اجلاس میں حافظ ہدایت اللہ، مفتی شکیل نور، مولانا عبالکریم ترمزی، حافظ صفی اللہ مینگل، شیخ فضل الرحمان، مفتی نذیر احمد، حافظ حزب اللہ، مولانا خان محمد، حاجی الیاس، بھائی سرور، ڈاکٹر صفدر مستوئی، حافظ منیر احمد، منظور احمد جاموٹ، مولانا بسم اللہ، سمیت دیگر عہدیداران اور کارکنان بڑی تعداد میں موجود تھے

بقیہ نمبر 35

کی آخری امید سمجھا جاتا ہے۔ شہریوں کے مطابق سرکاری اسپتالوں میں علاج معالجے کی صورتحال تشویشناک ہے اور سب سے بڑا مسئلہ ضروری ادویات کی عدم دستیابی ہے۔ متعدد مریضوں کو ڈاکٹر سے معائنہ کرانے کے بعد ضروری ادویات بازار سے خرید کر لانے کا کہا جاتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر ایک غریب مریض سرکاری اسپتال پہنچنے کے باوجود اپنی بنیادی ادویات بھی خریدنے پر مجبور ہے تو پھر سرکاری اسپتال کے قیام کا بنیادی مقصد کیا رہ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اسپتال کا مطلب صرف یہ نہیں ہونا چاہیے کہ ڈاکٹر کی فیس نہیں لی جائے گی، او پی ڈی مفت ہوگی یا مریض کو ایک بستر فراہم کر دیا جائے گا، بلکہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ مریض کے ابتدائی معائنے سے لے کر مکمل علاج، آپریشن اور صحت یابی تک ضروری طبی سہولیات فراہم کرے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ سرکاری اسپتالوں میں ادویات کے ساتھ ایکسرے، مختلف طبی ٹیسٹ، ایم آر آئی، آپریشن اور دیگر ضروری تشخیصی و طبی سہولیات بلا تفریق فراہم کی جائیں اور اسپتالوں کو اتنے وسائل مہیا کیے جائیں کہ وہ مریضوں کا مؤثر اور مکمل علاج کر سکیں۔ مریضوں کے مطابق ایم آر آئی سمیت بعض اہم تشخیصی سہولیات کے لیے کئی کئی ماہ بعد کی تاریخ دی جاتی ہے۔ بعض شہریوں نے شکایت کی کہ ایم آر آئی کے لیے چھ چھ ماہ تک انتظار کرنا پڑتا ہے، جو سنگین نوعیت کے مریضوں کے لیے صحت کے ساتھ سنگین سمجھوتے کے مترادف ہے، کیونکہ بعض بیماریوں میں بروقت تشخیص اور علاج انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ کراچی میں جناح اسپتال، سول اسپتال، عباسی شہید اسپتال ناظم آباد، قطر اسپتال اورنگی ٹاؤن، سندھ گورنمنٹ چلڈرن اسپتال نارتھ ناظم آباد، لیاری جنرل اسپتال سمیت دیگر سرکاری طبی مراکز موجود ہیں، تاہم ان اسپتالوں میں بھی مریضوں کو مختلف نوعیت کی مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ مریضوں اور ان کے اہل خانہ نے کہا کہ اپنی باری کے انتظار میں بعض اوقات انہیں پوری پوری رات اسپتالوں کے باہر گزارنا پڑتی ہے۔ دن کے اوقات میں متعدد سرکاری اسپتالوں میں او پی ڈی کا سلسلہ جاری رہتا ہے، تاہم معائنے کے بعد ضروری ادویات کی فراہمی اور بعض تشخیصی سہولیات کے حصول کا مسئلہ برقرار رہتا ہے۔ شہریوں کے مطابق ٹیسٹ، ایکسرے اور بعض اوقات دیگر ضروری تشخیصی سہولیات بھی اسپتال سے باہر حاصل کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے، جس کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے مریضوں پر علاج کے اخراجات کا اضافی بوجھ پڑ جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک طرف بیماری کے اخراجات برداشت کرنا مشکل ہے تو دوسری جانب سرکاری اسپتال سے بھی اگر ادویات اور ٹیسٹ باہر سے کرانے پڑیں تو علاج عام شہری کی پہنچ سے مزید دور ہو جاتا ہے۔ شہریوں نے سرکاری اسپتالوں کی ایمرجنسی سروسز پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ رات کے اوقات میں بعض اسپتالوں کی ایمرجنسی میں مطلوبہ ادویات کی دستیابی، متعلقہ ڈاکٹرز کی موجودگی اور فوری طبی امداد کے حوالے سے مشکلات پیش آتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی کا بنیادی مقصد ہی یہ ہے کہ کسی نازک حالت میں آنے والے مریض کو فوری، بروقت اور مؤثر طبی امداد فراہم کی جائے، اگر یہی بنیادی سہولت بھی سرکاری اسپتال میں دستیاب نہ ہو تو غریب شہری آخر کہاں جائے۔ شہریوں کے مطابق طبی سہولیات کی عدم دستیابی صرف ایک مریض یا خاندان کا مسئلہ نہیں بلکہ اس کے نتیجے میں پورا خاندان معاشی مشکلات کا شکار ہو جاتا ہے۔ بیماری کے ساتھ مہنگی ادویات، نجی لیبارٹریوں کے ٹیسٹ اور دیگر طبی اخراجات غریب خاندانوں کے لیے ناقابل برداشت بوجھ بن جاتے ہیں۔ شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی کے بڑے سرکاری اسپتالوں کے ساتھ ساتھ علاقائی سطح پر قائم طبی مراکز پر بھی خصوصی توجہ دی جائے۔ عباسی شہید اسپتال، سندھ گورنمنٹ چلڈرن اسپتال نارتھ ناظم آباد، قطر اسپتال اورنگی ٹاؤن، لیاری جنرل اسپتال اور دیگر علاقائی سرکاری اسپتالوں کی ایمرجنسی سروسز کو ترجیحی بنیادوں پر بہتر بنایا جائے۔ ان اسپتالوں میں چوبیس گھنٹے متعلقہ اور ماہر ڈاکٹرز کی موجودگی، ضروری ادویات کی وافر مقدار میں دستیابی، فوری ٹیسٹ، ایکسرے اور دیگر بنیادی تشخیصی سہولیات یقینی بنانے کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ کراچی کی بڑھتی ہوئی آبادی اور ملک کے مختلف علاقوں سے علاج کے لیے آنے والے مریضوں کے پیش نظر سرکاری اسپتالوں پر غیر معمولی دباؤ ہے، اس لیے حکومت کو صحت کے شعبے میں محض بجٹ مختص کرنے کے بجائے عملی بنیادوں پر سہولیات میں اضافہ کرنا ہوگا۔ شہریوں کے مطابق اگر حکومت کی جانب سے سرکاری اسپتالوں کے لیے بجٹ، ادویات، طبی آلات اور دیگر ضروری سامان فراہم کیا جاتا ہے تو اس امر کی بھی مؤثر نگرانی ہونی چاہیے کہ یہ وسائل حقیقی معنوں میں مریضوں تک پہنچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صرف بجٹ مختص کر دینا کافی نہیں، بلکہ اس کے استعمال کی شفاف نگرانی، باقاعدہ آڈٹ اور مؤثر احتساب کا نظام بھی ضروری ہے تاکہ کسی بھی سطح پر مبینہ غفلت، بدانتظامی یا وسائل کے ضیاع کے باعث مریض بنیادی طبی سہولیات سے محروم نہ رہیں۔ شہریوں نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی کے سرکاری اسپتالوں کی مجموعی کارکردگی کا ہنگامی بنیادوں پر جائزہ لیا جائے، ادویات اور طبی آلات کی دستیابی یقینی بنائی جائے، تشخیصی سہولیات کا دائرہ وسیع کیا جائے اور بالخصوص ایمرجنسی شعبوں کو اس معیار پر لایا جائے جہاں کسی بھی مریض کو بروقت علاج کے لیے نجی اسپتال یا مہنگی طبی سہولیات کا رخ کرنے پر مجبور نہ ہونا پڑے۔

بقیہ نمبر 36

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے لیے تجاویز مانگیں، مذاکرات میں سنجیدہ ہیں اس لیے تجاویز دے رہے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کا تعلق عالمی مارکیٹ سے نہیں یہ حکومت کی نااہلی کی وجہ سے ہے، حکومت پر دباؤ بڑھانے کے لیے اپوزیشن جماعتوں سے رابطہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ کیا ماہرین نہیں جانتے کہ قیمتوں کو کم کیسے کرنا ہے، سندھ اسمبلی نے لیوی ختم کرنے کے لیے قرارداد منظور کی ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے ساتھ اختلافات ہیں لیکن وہ اس مسئلے پر حکومت سے بات کرے، لیوی ختم کرنے کے لیے اگر پیپلز پارٹی کی قیادت سے رابطہ کرنا پڑا تو کریں گے۔

بقیہ نمبر 37

القدوس بزنجو، بزنجو کارواں کے سرپرست اعلیٰ میر جمیل بزنجو اور میر عبدالوہاب بزنجو کے چچا، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل آواران میر نصیر جان بزنجو اور جی ایم بی ڈی اے میر منیر بزنجو کے کزن میر عبداللہ جان بزنجو کے انتقال پر بزنجو ہاؤس پہنچ کر سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت کیا اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع لسبیلہ کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ، وڈیرہ نیک محمد جاموٹ، محمد نعیم، وڈیرہ محمود انور گدور، میر انور گشکوری، ملک فواد حیدر بھٹو، قیام خان خلجی، سراج لاشاری، خان عالم خلجی سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات بھی موجود تھیں اس موقع پر مرحوم میر عبداللہ جان بزنجو کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی گئی۔ وڈیرہ حسن لاسی جاموٹ اور دیگر شخصیات نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 38

طور پر مظفر آباد میں دو روزہ ورکشاپ منعقد کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نائب صدر آل کشمیر نیوز پیپرز سوسائٹی نثار کیانی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں سیکرٹری مالیات اعجاز خان، سینئر اراکین سردار حمید خان، جاوید اقبال چوہدری، نقاش عباسی، زاہد بشیر، ساجد چوہدری، وقار اعظم اور دیگر شامل تھے۔ ملاقات کے دوران وفد نے آزاد کشمیر کے اخبارات کو درپیش مالی مشکلات، زیر التوا سرکاری اشتہارات کے واجبات، ڈسپلے اور کلاسیفائیڈ اشتہارات کے حجم، علاقائی اخبارات کو ریجنل کوٹے کے مطابق اشتہارات کی فراہمی سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر وفد نے اس امر پر زور دیا کہ آزاد کشمیر کے اخبارات محض علاقائی اخبارات نہیں بلکہ پاکستان کی کشمیر پالیسی اور قومی کشمیر بیانیے کو عوام تک پہنچانے کا اہم ابلاغی ذریعہ ہیں۔ ریاستی اخبارات مسئلہ کشمیر کے سیاسی، سفارتی، تاریخی اور انسانی پہلوؤں کو پوری شد و مد سے اجاگر کرنے کے ساتھ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی آواز کو بھی قومی اور بین الاقوامی سطح پر پہنچا رہے ہیں۔ وفد نے موقف اختیار کیا کہ مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کے حوالے سے آزاد کشمیر کے اخبارات کا کردار بیرون ملک پاکستان کے سفارتی مشنز سے کسی طور کم نہیں۔ سفارتی مشنز عالمی سطح پر پاکستان کے موقف اور کشمیر کاز کو اجاگر کرتے ہیں جبکہ آزاد کشمیر کے اخبارات عوامی اور ابلاغی محاذ پر اسی قومی موقف کو مسلسل اجاگر کرنے کا فریضہ انجام دے رہے ہیں، اس لیے انہیں کشمیر کاز کے ایک اہم ابلاغی محاذ کے طور پر خصوصی اہمیت دی جانی چاہیے۔ ملاقات میں 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر، 5 اگست یوم استحصال کشمیر اور 27 اکتوبر یوم سیاہ سمیت اہم قومی و کشمیری ایام کے موقع پر آزاد کشمیر کے اخبارات کو فرنٹ پیج کلر ڈسپلے اشتہارات کے اجرا، کلاسیفائیڈ اشتہارات کا حجم بڑھانے اور وفاقی حکومت کے عوامی فلاحی منصوبوں، طلبہ کی اسکالرشپس اور دیگر پروگراموں کے اشتہارات میں آزاد کشمیر کے اخبارات کو مناسب طور پر شامل کرنے کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ وفد نے بقایا اشتہارات کے واجبات کے کم از کم تین ماہ کی ادائیگی اور زیر التوا واجبات کی جلد ادائیگی کا مطالبہ بھی کیا۔ اس کے علاوہ ڈاک ایڈیشن اخبارات کو رات گئے اشتہارات کے اجرا سے درپیش عملی مشکلات سے بھی آگاہ کیا گیا اور تجویز پیش کی گئی کہ اپوائنٹ بیسڈ اشتہارات کے لیے ایسا موثر ایس او پی وضع کیا جائے جس کے تحت ڈاک ایڈیشن اخبارات کو اشتہارات بروقت فراہم کیے جا سکیں۔ پرنسپل انفارمیشن آفیسر رئیسہ عادل نے وفد کے تمام مطالبات اور تجاویز کو غور سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ وزارت اطلاعات و نشریات آزاد کشمیر کے اخبارات کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکنہ اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پرنٹ میڈیا کی اہمیت اور صحافتی اداروں کو درپیش مسائل سے آگاہ ہے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ سطح پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ رئیسہ عادل نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر کے صحافیوں کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے کے لیے وزارت اطلاعات و نشریات اے کے این ایس کے تعاون سے کیپسٹی بلڈنگ پروگرام شروع کرے گی، جس کا ابتدائی مرحلہ مظفر آباد میں دو روزہ تربیتی ورکشاپ سے شروع کیا جائے گا۔ ورکشاپ میں صحافتی مہارتوں، جدید ابلاغی تقاضوں اور پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے سے متعلق امور پر تربیت فراہم کی جائے گی۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں آزاد کشمیر کے اخبارات کے مسائل، صحافتی صنعت کو درپیش چیلنجز اور کشمیر کاز کے لیے موثر ابلاغی حکمت عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 39

لیے گئے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر پتنگ فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ شمالی چھاؤنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شہریوں کی موت کے سوداگر 02 پتنگ ڈیلرز کو گرفتار کیا

بقیہ نمبر 40

کو حب اسپتال منتقل کر دیا تاہم شناخت ہونے کے باعث نعشوں کو ایدھی سردخانہ سوراب گوٹھ کراچی منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 41

ل اور مشاورت پر بھی گفتگو ہوئی۔ سٹی کونسل میں جماعت اسلامی کے اپوزیشن لیڈر سیف الدین ایڈووکیٹ نے میئر کراچی کے خلاف تحریک عدم اعتماد کے حوالے سے پی ٹی آئی ارکان سے ملاقات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ 3 سے 4 ماہ کے دوران اس معاملے پر کافی پیشرفت ہوئی ہے۔ سیف الدین ایڈووکیٹ کے مطابق تحریک عدم اعتماد کے لیے تقریباً 125 ارکان کے دستخط حاصل کیے جا چکے ہیں جبکہ پی ٹی آئی کے ارکان سے بھی بات ہوئی ہے اور وہ مکمل طور پر جماعت اسلامی کے ساتھ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کی قیادت جب فیصلہ کرے گی، میئر کراچی کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کر دی جائے گی اور پی ٹی آئی ارکان بھی اس کا ساتھ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور جماعت اسلامی کے اندر بھی اس معاملے پر مشاورت جاری ہے۔ اس کے علاوہ جے یو آئی (ف)، مسلم لیگ (ن) اور دیگر سیاسی جماعتوں سے بھی رابطے کیے جا رہے ہیں۔ اپوزیشن لیڈر کا دعویٰ تھا کہ پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کے ارکان کی تعداد اتنی ہے کہ میئر کراچی کے خلاف تحریک عدم اعتماد باآسانی کامیاب ہو سکتی ہے۔ دوسری جانب سیف الدین ایڈووکیٹ نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے دفتر میں لگنے والی آگ کے واقعے پر بھی تحفظات کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ دفتر میں لگنے والی آگ کا معاملہ مشکوک ہے اور اس کی آزادانہ تحقیقات ہونی چاہئیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) میں بڑے پیمانے پر مالی بے ضابطگیاں اور زمینوں کی بندر بانٹ جاری ہے، اس لیے آگ لگنے کے واقعے کی شفاف اور آزادانہ تحقیقات ضروری ہیں۔ تاہم میئر کراچی کے خلاف تحریک عدم اعتماد اور دفتر میں آتشزدگی سے متعلق اپوزیشن کے مؤقف پر متعلقہ حکام یا میئر کراچی کا مؤقف اس خبر میں شامل نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 42

بسیں چلیں گی۔ ہر تحصیل کیلئے مخصوص الیکٹرو بس ڈپو کی منظوری بھی دے دی گئی ہے

بقیہ نمبر 43

کی جانب اہم پیش رفت کی ہے

بقیہ نمبر 44

ورڈاکٹر مزمل اکبر نے افتتاحی تقریب کے موقع پر کہا کہ ہمارے ہاں صاف ستھرے ماحول میں علاج معالجے کی بہتر سہولت میسر اور خواتین کے لیے پردے کا خاص انتظام موجود ہے

بقیہ نمبر 45

درجات بلند فرمائے اور اہل خانہ کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 46

قائم رہ سکتے ہیں، مسلمانوں کو نظام کا حصہ بن کر اپنی کمیونٹی کے حقوق اور نمائندگی کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے۔ مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا تھا کہ چین کے مسلمانوں کو انتخابی نظام میں حصہ لے کر اپنی نمائندگی یقینی بنانی چاہیے، جبکہ پاکستان کے چین کے ساتھ دوستانہ تعلقات ہمیشہ ہماری ترجیح رہے ہیں۔ مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا تھا کہ سنکیانگ اور ارومچی میں تقریباً ساٹھ فیصد مسلمان رہتے ہیں، چین کے مختلف علاقوں میں مسلمانوں کی مذہبی زندگی کا مشاہدہ کیا، مساجد میں نماز اور قرآن کی تلاوت کرتے دیکھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم سنتے ہیں کہ وہاں ظلم اور جبر ہوتا ہے، تاہم ہتھیار اٹھانے والوں کو ہر ریاست سختی سے کچلتی ہے، ہر ملک کے اندرونی معاملات میں ہم کچھ کہہ بھی نہیں سکتے، ہماری خواہش ہو سکتی ہے کہ حالات بہتر ہونے چاہئیں۔ مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ قائد جمعیت نے چین کے مسلمانوں کو وہاں کے نظام کا حصہ بننے کا پیغام دیا، مسلمان اپنے عقائد اور نظریات پر قائم رہتے ہوئے نظام کا حصہ بن کر اپنے حقوق کا دفاع کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو انتخابی نظام میں حصہ لے کر اپنی نمائندگی یقینی بنانی چاہیے، مسلسل جنگ کے بجائے نظام کا حصہ بن کر اپنے عقائد اور حقوق کا دفاع کیا جا سکتا ہے۔ مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا تھا کہ چین کے ساتھ پاکستان کے اچھے تعلقات ہمیشہ ہماری ترجیح رہے ہیں، ہمارے اکابر نے پاک چین دوستی کے لیے ہمیشہ کردار ادا کیا، سی پیک میں بھی جمعیت علمائے اسلام کا کردار رہا ہے۔ ان کے مطابق سی پیک کا بنیادی تصور قائد جمعیت نے چینی قیادت کے سامنے پیش کیا تھا، جو بعد میں کئی سال کے دوران باقاعدہ منصوبے کی شکل اختیار کر گیا۔ دوسری جانب مولانا ڈاکٹر تنویر احمد علوی نے کہا کہ پاک چین تعلقات ہمالیہ سے بلند، سمندر سے گہرے اور فولاد سے مضبوط ہیں، دونوں ممالک نے ہر مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے

بقیہ نمبر 47

کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے گزشتہ برس کی کامیاب حکمت عملی کو مزید موثر بنانے اور فضائی آلودگی کے پھیلاؤ کے تمام ذرائع کو روکنے کی ہدایت کی تھی۔ ماہرین موسمیات نے بتایا کہ بھارت سے چلنے والی تیز ہواؤں کے رخ میں تبدیلی کے نتیجے میں لاہور، فیصل آباد، رحیم یار خان اور پنجاب کے دیگر اضلاع میں فضائی آلودگی کے انڈیکس میں معمولی اتار چڑھاؤ ہوتا رہتا ہے۔ اگلے ہفتے لاہور میں بارش سے فضائی آلودگی میں کمی کا امکان ہے۔ موسمیات ماہرین نے بتایا کہ ہوا کی رفتار اور نمی بڑھنے سے آلودہ ذرات فضا میں موجود رہتے ہیں جس سے فضائی انڈیکس میں تبدیلی آتی ہے تاہم وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر اینٹی سموگ سیزن کی گزشتہ سال کی تمام ایس او پیز پر عمل درآمد مزید سخت کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے پنجاب کی انتظامیہ اور محکموں کو فصلوں کی باقیات کو جدید مشینری سے ٹھکانے لگانے اور آگ نہ لگانے کے امر کو یقینی بنانے کی ہدایت کی اور حکم دیا کہ پلاسٹک کو آگ لگانے اور پلاسٹک سے تیار کردہ مصنوعات سے انسانی زندگی کو لاحق خطرات کا خاتمہ یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر بھٹہ خشت کی مانیٹرنگ اور زگ زیگ ٹیکنالوجی نہ رکھنے والے بھٹوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئیں۔ دھوئیں سے فضائی آلودگی کا باعث بننے والے ریسٹورانوں اور باربی کیو آؤٹ لیٹس کی نگرانی اور معائنہ کو موثر بنانے کی بھی ہدایت کی۔ لاہور کے داخلی مقامات پر بڑی اور چھوٹی گاڑیوں کے معائنے اور سموگ اخراج کی سخت پڑتال بھی کی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی شہر میں موٹر بائیکس کے دھوئیں کی مانیٹرنگ کرنے اور آلودگی پھیلانے پر کارروائی کی ہدایت کی۔ سیف سٹی کیمروں، تھرمل امیجنگ اور جدید آے آئی نظام کے تحت مانیٹرنگ بھی بڑھادی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ سموگ کے تین مہینوں میں انتظامیہ اور محکموں کی کارروائیوں میں عوام بھرپور ساتھ دے کر کامیابی کی ایک نئی مثال بنائیں گے۔

بقیہ نمبر 48

کر رہے تھے

بقیہ نمبر 49

تاجروں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ علاقہ مکینوں نے پولیس سے ملزمان کی گرفتاری اور علاقے میں گشت مؤثر بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ واقعے پر پولیس کا مؤقف تا حال سامنے نہیں آیا۔

بقیہ نمبر 50

۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ منصوبہ چار کمپنیوں کی مشترکہ شراکت داری سے مکمل کیا گیا ہے، جس میں او جی ڈی سی ایل بھی شریک ہے۔

بقیہ نمبر 51

کی ادائیگی اور دیگر مالیاتی معاملات اور مسائل دن بدن بڑھتے جا رہے ہیں۔ اور ضعیف العمر ریٹائرڈ ملازمین کو مسلسل دفتر کے خالی چکر کاٹنے پڑ رہے ہیں۔ مگر ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ جبکہ اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ نے ٹریژری آفیس ضلع قمبر شہداد کوٹ میں پنشن پر مقرر اے ڈی اے او ون کے نئے افسر کی تعیناتی کرنے کے بجائے لاڑکانہ ٹریژری افسر کو ضلع قمبر ٹریژری آفیس کی اضافی چارج حوالے کی گئی ہے۔ جو افسر قمبر آفیس میں سرے سے آتا ہی نہیں ہے۔ اور اپنا پورا فل ٹائم لاڑکانہ آفیس کو دے رہا ہے۔ جس کی وجہ سے قمبر ٹریژری آفیس میں پنشنرز کے مسائل میں بے پناہ اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اس حوالے سے معلوم ہوا ہے۔ کہ اے ڈی اے او ون افسر لاڑکانہ ٹریژری نے قمبر میں مقامی طور پر اپنے ایجنٹ مقرر کر رکھے ہیں۔ اور جو ریٹائرڈ ملازمین اپنے مسائل کے حل کیلئے ان ایجنٹ کو رشوت دیتے ہیں۔ تو ایجنٹ لاڑکانہ آفیس جا کر ان کے مسائل حل کرواتے ہیں۔ اور جو غریب بے پہنچ اور متاثر ریٹائرڈ ملازمین اپنے جائز مسائل کیلئے بار بار دفتر کے چکر کاٹ کر در بدر ہو کر تھک جاتے ہیں۔ مگر ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہوتا۔ اور ان کے مسائل بلکل بھی حل نہیں ہوتے۔ اس حوالے سے ضلع قمبر کے متاثر ریٹائرڈ ملازمین نے سیکریٹری فنانس اور اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ سے مطالبہ کیا ہے۔ کہ قمبر ٹریژری آفیس میں پنشن پر مقرر اے ڈی اے او ون کی خالی سیٹ پر فوری طور پر نئے افسر کی تعیناتی کر کے غریب بزرگ ریٹائرڈ ملازمین کے التوا میں پڑے ہوئے تمام مسائل فوری طور پر حل کر کے ان کی پریشانی و بے چینی دور کی جائے

بقیہ نمبر 52

لت کا باضابطہ اعلان ایک صدارتی فرمان کے ذریعے کیا گیا ہے، جس کا اطلاق تکنا کی چالا پالکا، پاسکو کی کوچامارکا، لیما کی میگوئل کاسترو کاسترو اور انکون اول جبکہ لا لیبرتاڈ کی تروجیلو وارونز جیلوں پر ہوگا۔ بیان کے مطابق ان جیلوں میں اندرونی نظم و نسق برقرار رکھنے کی ذمہ داری قومی پولیس کے پاس ہوگی، جسے مسلح افواج کی معاونت حاصل رہے گی۔ ہنگامی حالت جیلوں اور ان کے گرد 200 میٹر تک کے بیرونی علاقے پر بھی لاگو ہوگی، جہاں نقل و حرکت، اجتماع اور شخصی آزادی و تحفظ سے متعلق بعض آئینی حقوق عارضی طور پر معطل رہیں گے۔ حکام جیلوں میں قیدیوں کے فرار کی روک تھام کے لیے زمینی سکیورٹی آپریشنز، فضائی حدود کی نگرانی، قریبی برقی مقناطیسی اسپیکٹرم کی مانیٹرنگ، سخت داخلی کنٹرول اور انٹیلی جنس کارروائیاں کریں گے۔

بقیہ نمبر 53

م تک عام شہریوں کی رسائی انتہائی دشوار ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامی یونٹس یا چھوٹے صوبے بننے سے عام شہری کی سرکاری حکام تک رسائی ممکن ہوگی، چھوٹا صوبہ تشکیل پانے سے نہ صرف چترالی عوام بلکہ پورے ملک پر خوشگوار اور مثبت اثرات مرتب ہوں گے، نئے انتظامی فریم ورک اور چھوٹے صوبوں کا قیام قومی و مقامی مفاد میں ایک اہم پیشرفت ثابت ہوگا۔ نئے انتظامی فریم ورک سے عوامی اور ریاستی اداروں کے درمیان فاصلے ختم اور سروس ڈیلیوری میں بہتری آئے گی۔

بقیہ نمبر 54

نئے اوقات کار فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے اور آئندہ احکامات تک جاری رہیں گے۔ تمام سرکاری و متعلقہ تعلیمی اداروں کو نئے شیڈول کے مطابق تدریسی سرگرمیاں جاری رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق سندھ بھر کے اسکولوں میں ہفتے کے پانچ روز معمول کے مطابق تعلیمی سرگرمیاں جاری رہیں گی، جبکہ اوقات کار میں ایک گھنٹے کی کمی کے باعث طلبہ اور تدریسی عملے کو روزانہ اسکول میں ایک گھنٹہ کم وقت گزارنا ہوگا۔ سرکلر میں واضح کیا گیا ہے کہ سابقہ سرکلر میں درج دیگر تمام شرائط و ہدایات بدستور نافذ العمل رہیں گی اور اوقات کار میں کمی کے علاوہ پہلے سے جاری تعلیمی انتظامات میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن نے تمام سربراہان تعلیمی اداروں اور متعلقہ فیلڈ افسران کو نئے اوقات کار پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان محکمہ تعلیم سندھ عاطف وگھیو نے کہا کہ صوبے کے تمام اسکولوں کو نئے اوقات کار پر عملدرآمد کا پابند کیا گیا ہے اور متعلقہ افسران کو ہدایات کی نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت بھی جاری کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 55

پلانٹس بحال کیے جائیں گے۔ اس حوالے سے سی ای او ذوالفقار احمد بھون کی زیر صدارت پنجاب صاف پانی اتھارٹی ہیڈ آفس میں اہم اجلاس ہوا جس میں کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹس نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹس کو بحالی کا کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے، بحال کیے گئے تمام فلٹریشن پلانٹس کی جی پی ایس تصاویر لازمی شیئر کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں مزید نئے تعمیر ہونے والے واٹر فلٹریشن پلانٹس کے ڈیزائن پر بھی مشاورت کی گئی۔ سی ای او ذوالفقار علی بھون نے کہا کہ واٹر فلٹریشن پلانٹس کو سولر پاور بیک اپ سے منسلک کیا جائے گا، سولر پاور سے فلٹریشن پلانٹس کے آپریشنل اخراجات میں نمایاں کمی آئے گی، وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر عوام کو صاف پانی کی فراہمی کے لیے جامع پلان مرتب کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 56

ہیں۔ سندھ اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے شرجیل انعام میمن نے کہا کہ چھوٹی ویگنز اور وینز کے حوالے سے حکومت سندھ نے اہم فیصلے کیے ہیں

بقیہ نمبر 57

چ 2024 کو مشروط التوا دیا گیا تھا، تاہم 12 ستمبر کو ہونے والی اگلی سماعت پر دوبارہ التوا کی درخواست کی گئی، دوبارہ التوا مانگنے پر عدم پیروی کے باعث نظرثانی درخواست خارج کر دی گئی تھی۔ عدالت نے قرار دیا کہ اب نظرثانی خارج کرنے کا فیصلہ واپس لینا 4 مارچ 2024 کا حکم واپس لینے کے مترادف ہوگا۔ سپریم کورٹ نے واضح کیا کہ فریقین اور وکلا کی جانب سے عدالت کی مہربانی کو محض ضابطے کی کارروائی سمجھنا عدالتی احکامات کی سنجیدگی اور تقدس کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہے۔ مقدمے کے مطابق زیتون بی بی کے والد کا انتقال 1976 میں ہوا تھا اور انہیں اس وقت سے وراثتی جائیداد سے محروم رکھا گیا، سپریم کورٹ نے 2022 کے فیصلے پر عملدرآمد کا حکم دیتے ہوئے مخالف فریق کی درخواست مسترد کر دی۔ واضح رہے کہ نظرثانی درخواست بھی 2024 میں خارج ہو چکی تھی۔

بقیہ نمبر 58

اسلام آباد ایئرپورٹ پر ریاض جانے والے مسافر کے بیگ سے 6.762 کلو وزنی 48298 زیکس گولیاں برآمد، چک نمبر 222 فیصل آباد کے قریب گھر سے 28.8 کلو چرس، 2.4 کلو افیون، 10.075 روپے برآمد کر کے ملزم گرفتار، شیر شاہ ٹول پلازہ ملتان کے قریب ملزم سے 400 گرام آئس برآمد اور سیکٹر I-9 اسلام آباد کوریئر آفس میں پارسل میں انورٹر سے 3.6 کلو چرس برآمد کی گئی۔ کارروائیوں کا انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 59

زیر صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو کے ہمراہ گورنر ہاؤس سے متصل پریس میوزیم کا دورہ کیا اور میوزیم میں محفوظ صحافت و طباعت کے تاریخی ورثے کا جائزہ لیا۔

بقیہ نمبر 60

دونوں خاندانوں کے درمیان گاڑی ہٹانے کے معاملے پر جھگڑا ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 61

ایشن کے مطابق ملک بھر میں 24 کیرٹ فی تولہ سونا 800 روپے مہنگا ہو کر 462936 روپے کا ہو گیا، دس گرام سونے کی قیمت 686 روپے بڑھ کر 396893 روپے ہو گئی۔ فی تولہ چاندی کی قیمت 72 روپے کی بڑھ کر 7141 روپے ہو گئی، دوسری جانب انٹرنیشنل مارکیٹ میں فی اونس سونا 8 ڈالر مہنگا ہو کر 4404 ڈالر کا ہو گیا۔

بقیہ نمبر 62

سے منسلک بعض واٹس ایپ اکاؤنٹس فراڈ اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ پی ٹی اے نے صارفین کو ہدایت کی ہے کہ اپنے واٹس ایپ اکاؤنٹس کو موجودہ اور فعال موبائل نمبرز کے ساتھ منسلک کریں، موبائل نمبر تبدیل کرنے والے صارفین واٹس ایپ کا نمبر تبدیل کرنے کا آپشن فوری استعمال کریں۔ پی ٹی اے کے مطابق واٹس ایپ پر موبائل نمبر بروقت تبدیل کرنے سے صارفین اپنے اکاؤنٹس پر کنٹرول برقرار رکھ سکیں گے، صارفین اپنی سمز کی موجودہ حیثیت کی تصدیق کریں اور غیر فعال نمبرز کی صورت میں بروقت ضروری اقدامات کریں۔

میر عبداللہ جان بزنجو کا رسم سوئم بزنجو ہاؤس حب میں ادا

مرحوم کے ایصال ثواب کے لیئے قرآن خوانی کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیئے لنگر عام تقسیم کیا اور اجتماع بھی کی گئی

سندھ بلوچستان سیاسی وسماجی شخصیات، قبائلی عمائدین، سرکاری افسران، علاقہ معززین، صحافیوں اور عزیز اقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی

حب (نمائندہ بولان) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان و سینیٹر عبدالقدوس بزنجو کے چچا میر عبداللہ جان بزنجو کا رسم سوئم بزنجو ہاؤس حب میں ادا کر دیا گیا مرحوم کے ایصال ثواب کے لیئے قرآن خوانی کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیئے لنگر عام تقسیم کیا اور اجتماع بھی کی گئی اس موقع پر سندھ بلوچستان سیاسی وسماجی شخصیات، قبائلی عمائدین، سرکاری افسران، علاقہ معززین، صحافیوں اور عزیز اقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی مرحوم کے ایصال ثواب کے لیئے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)

حب سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان وسینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو، بزنجو کارواں کے سرپرست اعلیٰ میر جمیل بزنجو اور میر عبدالوہاب بزنجو کے چچا، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل آواران میر نصیر جان بزنجو اور جی ایم بی ڈی اے میر منیر بزنجو کے کزن میر عبداللہ جان بزنجو کے انتقال پر بزنجو ہاؤس مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

حب میں نجی کلینک کے باہر سے شہری کی موٹر سائیکل چوری

درخواست گزار نے تھانہ حب میں نامعلوم چور کے خلاف موٹر سائیکل چوری کی رپورٹ درج کرنے اور قانونی کارروائی عمل میں لانے کی استدعا کی ہے

حب (نمائندہ بولان) حب میں نجی کلینک کے باہر سے شہری کی موٹر سائیکل چوری ہوگئی اس حوالے سے علی محمد نامی شہری نے پولیس کو درخواست دیتے ہوئے مؤقف اختیار کیا ہے (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

جمعیت علماء اسلام حب سٹی یونٹ کی مجلس عمومی کا اجلاس

اجلاس جامع مسجد امینہ آواران سوسائٹی میں حب سٹی کے امیر حاجی امیر محمد کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا

حب (پ ر) جمعیت علماء اسلام حب سٹی یونٹ کی مجلس عمومی کا اجلاس جامع مسجد امینہ آواران سوسائٹی میں حب سٹی کے امیر حاجی امیر محمد کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں تنظیمی امور اور حب کے عوام مسائل پر غور وفکر ہوا مجلس عمومی کے شرکاء نے جمعیت علماء اسلام حب سٹی کے عوامی (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

کراچی کے سرکاری اسپتال علاج گاہوں کے بجائے مسائل گاہیں بن گئے ہیں، سروے رپورٹس

ادویات کی قلت، تشخیصی سہولیات کا فقدان، ایم آر آئی کے لیے کئی کئی ماہ کی تاریخیں، ایمرجنسی میں بھی مریض مشکلات کا شکار

ٹیسٹ، ایکسرے اور بعض اوقات دیگر ضروری تشخیصی سہولیات بھی اسپتال سے باہر حاصل کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے سرکاری اسپتال مریضوں کو علاج کی سہولیات فراہم کرنے کے بجائے خود مسائل کا مرکز بنتے جارہے ہیں، تین کروڑ سے زائد آبادی والے کراچی میں سرکاری اسپتالوں کی تعداد پہلے ہی ضرورت سے انتہائی کم ہے، جبکہ یہ شہر صرف اپنے شہریوں ہی نہیں بلکہ اندرون سندھ سمیت ملک کے مختلف علاقوں سے آنے والے غریب اور بے وسیلہ مریضوں کے لیے بھی علاج (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

مذاکرات کے نتائج دیکھ کر اسلام آباد مارچ کا فیصلہ کرینگے حافظ نعیم الرحمن

پیٹرولیم لیوی کا تعلق عالمی مارکیٹ سے نہیں یہ حکومت کی نااہلی کی وجہ سے ہے، حکومت پر دباؤ بڑھانے کے لیے اپوزیشن جماعتوں سے رابطہ کیا

حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے لیے تجاویز مانگیں، مذاکرات میں سنجیدہ ہیں اس لیے تجاویز دے رہے ہیں، گفتگو

کراچی (این این آئی) جماعتِ اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ دھرنوں کے دوران حکومت نے رابطہ کیا، ہم نے معذرت کی، حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے لیے تجاویز مانگیں، مذاکرات میں سنجیدہ ہیں اس لیے تجاویز دے رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

اوتھل، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء اور ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ سیمینار سے خطاب کررہی ہیں

نادرا کے سپرنٹنڈنٹ)ر (امجد درانی بقضائے الٰہی انتقال کرگئے۔ وہ سی اینڈ ڈبلیو کے ہیڈ کلرک آغا شہزاد درانی کے بھائی اور سابق ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر حسن اللہ مردانزئی، سید منظور شاہ دوپاسی، سید فاروق شاہ اور ریٹائرڈ ڈپٹی آئی اے افسر مرحوم جی ایم بلوچ کے برادر نسبتی اور اسد درانی، فہد درانی، ہیبرس درانی اور طاہر درانی کے والد تھے۔

میئر کراچی کے خلاف تحریک عدم اعتماد، جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی میں اہم رابطہ

جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی ارکان کی ملاقات، 125 کے قریب ارکان کے دستخط حاصل کرنے کا دعویٰ

جے یو آئی (ف)، مسلم لیگ (ن) اور دیگر جماعتوں سے بھی رابطے جاری ہیں، سیف الدین ایڈووکیٹ

کراچی (این این آئی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کے معاملے میں اہم پیشرفت سامنے آگئی، جماعت اسلامی اور پاکستان تحریک انصاف کے سٹی کونسل ارکان کے درمیان رابطے کے بعد تحریک عدم اعتماد کے لیے دیگر سیاسی جماعتوں سے مشاورت بھی تیز کردی گئی۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے ارکان سٹی کونسل نے چند روز قبل ادارہ نورحق میں جماعت اسلامی کی مقامی قیادت سے اہم ملاقات کی، جس میں میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کرنے کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کے لیے دیگر جماعتوں سے رابطوں (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

محمد زمان نے میر عبداللہ جان بزنجو کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی کی

حب (نمائندہ بولان) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس بلوچستان محمد زمان نے جمرات کے روز بزنجو ہاؤس حب جاکر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان وسینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو اور سیاسی وقبائلی رہنماء میر جمیل احمد بزنجو سے انکے چچا میر عبداللہ جان بزنجو کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے درجات کیلئے دعائے مغفرت کی۔

اخبارات کے مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کیئے جائینگے رئیسہ عادل

آزاد کشمیر کے اخبارات محض علاقائی اخبارات نہیں بلکہ پاکستان کی کشمیر پالیسی اور قومی کشمیر بیانیے کو عوام تک پہنچانے کا اہم ابلاغی ذریعہ ہیں

انسانی پہلوؤں کو پوری شدومد سے اجاگر کرنے کے ساتھ مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی آواز بھی قومی اور بین الاقوامی سطح پر پہنچا رہے ہیں

اسلام آباد (بولان بیورو) پرنسپل انفارمیشن آفیسر وزارتِ اطلاعات ونشریات محترمہ رئیسہ عادل نے کہا ہے کہ حکومت پرنٹ میڈیا کی افادیت، بالخصوص آزاد کشمیر کے اخبارات کو درپیش مسائل اور کشمیر کاز کے حوالے سے ان کے اہم کردار سے بخوبی آگاہ ہے، اخبارات کے مسائل کے حل کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزارتِ اطلاعات ونشریات، آل کشمیر نیوز پیپرز سوسائٹی (اے کے این ایس) کے تعاون سے وزارتِ اطلاعات ونشریات، اے کے این ایس کے تعاون سے آزاد کشمیر کے صحافیوں کی پیشہ ورانہ استعدادِ کار بڑھانے کے لیے تربیتی پروگرام شروع کرے گی، جس کے تحت ابتدائی (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

معروف سیاسی، سماجی وقبائلی شخصیت وڈیرہ حسن لاسی جاموٹ کی بزنجو ہاؤس حب آمد

مرحوم میر عبداللہ جان بزنجو کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی گئی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، معروف سیاسی، سماجی وقبائلی شخصیت وڈیرہ حسن لاسی جاموٹ کی بزنجو ہاؤس حب آمد، میر عبداللہ جان بزنجو کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی جمعرات کے روز وڈیرہ حسن لاسی جاموٹ نے سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان و سینیٹر میر عبد (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

لاہور، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی سالانہ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

لاہور میں پتنگوں اور ڈور کی بڑی کھیپ پکڑی گئی، 2 بین الاضلاعی ڈیلرز گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور میں پتنگوں و ڈور کی بڑی ترسیل ناکام بناتے ہوئے 02 بین الا اضلاعی پتنگ ڈیلرز گرفتار کر (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

حب کے دو مختلف مقامات سے دو افراد کی نعشیں برآمد

شناخت ہونے کے باعث نعشوں کو ایدھی سرد خانہ سوراب گوٹھ کراچی منتقل کردیا گیا

حب (نمائندہ بولان) حب کے دو مختلف مقامات سے دو افراد کی نعشیں برآمد، شناخت کیلئے حب اسپتال منتقل کردی گئیں اس حوالے سے ایدھی ریسکیو ذرائع کے مطابق گزشتہ شب ایک اطلاع ملنے پر ایدھی ریسکیو ٹیم نے حب مغربی بائی پاس کے قریب سے ایک 14 سالہ لڑکے کی آٹھ سے دس روزہ پرانی نعش اور عدالت روڈ کے قریب سے ایک 40 سالہ شخص کی نعش برآمد کر کے شناخت کیلئے نعشوں (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7پر)

جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پنجاب میں تحصیل کی سطح پر الیکٹرو بس سروس شروع کرنیکا فیصلہ

پنجاب میں تحصیل کی سطح پر الیکٹرو بس سروس کا جنوری سے آغاز، 91 تحصیلوں میں 1500 بسیں چلیں گی

ہر تحصیل کیلئے مخصوص الیکٹرو بس ڈپو، مختلف اضلاع میں مزید الیکٹرو بسوں کی فراہمی کی بھی منظوری، جون 2027 تک تین ہزار الیکٹرو بسیں چلیں گی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کے ویژن کے تحت ڈویژن اور اضلاع کے بعد اب ہر تحصیل میں الیکٹرو بس چلے گی۔ پنجاب میں تحصیل کی سطح پر الیکٹرو بس سروس کا آغاز جنوری سے کردیا جائے گا۔ صوبہ کی 91 تحصیلوں میں 1500 الیکٹرو (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7پر)

پنجاب میں آلودگی کیخلاف کاروائیاں سخت کرنیکا فیصلہ

سموگ سیزن کی آمد سے قبل موثر پیشگی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت، فضائی آلودگی کے پھیلاؤ کے تمام ذرائع کو روکنے کا حکم

سموگ کے تین مہینوں میں انتظامیہ اور محکموں کی کارروائیوں میں عوام بھرپور ساتھ دے کر کامیابی کی ایک نئی مثال بنائیں گے، مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ماحول دوست اقدامات کی بدولت عالمی فضائی انڈیکس میں لاہور آلودہ ترین شہروں میں سولہویں نمبر پر آگیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے نومبر میں سموگ سیزن کی آمد سے قبل موثر پیشگی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7پر)

عمر لاشاری قتل کیس میں اہم پیش رفت، 3 ملزمان گرفتار

وزیر داخلہ سندھ کی ڈی آئی جی لاڑکانہ، ایس ایس پی شکارپور اور پولیس ٹیم کو شاباش

کیس کے تمام پہلوؤں کی شفاف انداز میں تفتیش اور اہلخانہ کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ضیاء الحسن لنجار کی پولیس حکام کو ہدایت

کراچی (این این آئی) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے کمسن عمر لاشاری قتل کیس میں اہم پیش رفت پر ڈی آئی جی لاڑکانہ، ایس ایس پی شکارپور اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچے کے قتل میں ملوث 3 ملزمان کی گرفتاری پولیس کی اہم کامیابی ہے۔ وزیر داخلہ سندھ نے اپنے بیان میں کہا کہ پولیس نے مؤثر کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمے کو منطقی انجام تک پہنچانے (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

کوٹری، کوئلے سے بھری مال گاڑی کی 3 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں، ٹریک کو نقصان

حیدر آباد (اے ایف پی) کوٹری اسٹیشن کے قریب کوئلے سے بھری مال گاڑی کی 3 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں

روسی اور امریکی صدور کا یوکرین تنازع پر ٹیلی فونک رابطہ، مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق

ماسکو (این این آئی) روسی صدر ولادیمیر پوٹن اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان منگل کو ٹیلی فون پر گفتگو ہوئی جسے کریملن کے معاون یوری اوشاکوف نے تعمیری اور انتہائی کھلی قرار دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق یوری اوشاکوف نے بتا

میر عبدالقدوس بزنجو کے چچا میر عبداللہ جان بزنجو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور اہلِ خانہ کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے

حب (نمائندہ بولان) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کشمیر امور، گلگت بلتستان وسیفران کے چیئرمین سینیٹر اسد قاسم رونجھو نے سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان وسینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو کے چچا میر عبداللہ جان بزنجو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، اپنے تعزیتی بیان میں سینیٹر اسد قاسم رونجھو نے کہا کہ میر عبداللہ جان بزنجو کی وفات ایک افسوسناک سانحہ ہے، جس پر وہ میر عبدالقدوس بزنجو اور دیگر اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں، بیان میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

راولپنڈی، جوڈیشل کمپلیکس کی پارکنگ میں گاڑی سے وکیل کی لاش برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی جوڈیشل کمپلیکس کی پارکنگ میں کھڑی گاڑی سے وکیل کی لاش ملی ہے

ڈیرہ غازی خان ایئرپورٹ کی اپ گریڈیشن جاری

اے 320 اور اے 321 طیاروں کے آپریشن کی راہ ہموار

ایئر سائیڈ کی اپ گریڈیشن آئندہ سال کے اختتام سے قبل مکمل ہونے کی توقع

کراچی (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ورکس اینڈ ڈویلپمنٹ سمیر سعید نے کہا ہے کہ ڈیرہ غازی خان ایئرپورٹ کی ایئر سائیڈ کی اپ گریڈیشن آئندہ سال کے اختتام سے قبل مکمل ہونے کی توقع ہے، جس کے بعد ایئرپورٹ پر ایئربس اے 320 اور اے 321 طیاروں کے آپریشنز ممکن ہوسکیں گے۔ وہ پی اے اے کی ای کچہری کی صدارت (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

اسوہ حسنہ ہی دنیا وآخرت میں کامیابی کا واحد ذریعہ ہے، سید محمد سبطین شاہ نقوی

سرگودھا (این این آئی) مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ایڈیشنل ناظم اعلیٰ سید محمد سبطین شاہ نقوی نے سیرت طیبہ ﷺ، عقیدہ ختم نبوت اور اصحاب رسول پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اسوہ حسنہ ہی دنیا و آخرت میں کامیابی کا واحد ذریعہ ہے

پاک بھارت جنگ ہو یا معاشی مسئلہ چین نے ہر فورم پر پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا، مولانا غفور حیدری

مسلسل جنگ کی بجائے نظام کا حصہ بن کر اپنے حقوق کا دفاع کیا جاسکتا ہے، سیکرٹری جنرل جے یو آئی

اسلام آباد (بولان بیورو) جمعیت علما اسلام (ف) کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ مسلسل جنگ کی بجائے نظام کا حصہ بن کر اپنے عقائد اور حقوق کا دفاع کیا جاسکتا ہے، پاک بھارت جنگ ہو یا کوئی بھی معاشی مسئلہ چین نے ہر فورم پر ہمیشہ پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ مسلم دنیا اور چین، تزویراتی صورتحال کے موضوع پر نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ چین کے نظام میں رہتے ہوئے مسلمان اپنے عقائد اور نظریات پر (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

سوراب میں دو دکانوں میں چوری، نقدی لے کر چور فرار

واردات کے بعد متاثرہ دکانداروں اور تاجروں میں تشویش پائی جاتی ہے

سوراب (نامہ نگار) سوراب میں کلی رودینی بالینہ کرس کے قریب لنک روڈ پر نامعلوم چوروں نے گزشتہ رات ایک تندور اور سموسے کی دکان کو نشانہ بنالیا۔ ذرائع کے مطابق چور دونوں دکانوں سے نقدی اور دیگر سامان مبینہ طور پر لے کر فرار ہوگئے۔ واردات کے بعد متاثرہ دکانداروں اور (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

الشفا میڈیکل کلینک کا افتتاح مولوی رحمت اللہ نے خیر وبرکت کے لیے دعا کروائی

ہمارے ہاں صاف ستھرے ماحول میں علاج معالجے کی بہتر سہولت میسر اور خواتین کے لیے پردے کا خاص انتظام موجود ہے

بیلا (نمائندہ بولان) الشفا میڈیکل کلینک کا افتتاح مولوی رحمت اللہ نے خیر و برکت کے لیے دعا کروائی بدھ کے روز نیا آباد بازار کنر اسٹاپ بیلا کا افتتاح ہوا مولوی سایں رحمت اللہ نے کلینک کی خیر و برکت کے لیے دعا کروائی الشفا کلینک کے مالک ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ا (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7پر)

پی ٹی اے کا غیر فعال سمز سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹس بند کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے غیر فعال، منسوخ یا زیر استعمال نہ رہنے والی سمز سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پی ٹی اے نے صارفین کو ہدایت کی ہے کہ اپنے واٹس ایپ اکاؤنٹس کو موجودہ اور فعال موبائل نمبرز کے ساتھ منسلک کریں۔ موبائل نمبر تبدیل کرنے کیلئے کارروائی کسی بھی وقت شروع ہوسکتی ہے۔ پی ٹی اے کے مطابق غیر فعال موبائل نمبرز (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

لونڈالی ون کنویں سے گیس کی پیداوار شروع کردی گئی

سندھ میں گیس کی نئی پیداوار شروع، لونڈالی ون کنویں سے یومیہ 10 ملین مکعب فٹ گیس حاصل ہوگی

نئی گیس ایس ایس جی سی کو فراہم کی جائے گی، مقامی ذخائر میں مزید اضافے کی توقع، او جی ڈی سی ایل اور دیگر کمپنیوں کی شراکت داری سے منصوبہ مکمل

کراچی (این این آئی) سندھ میں مقامی گیس کی پیداوار میں اضافے کے لیے اہم پیش رفت سامنے آگئی، آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے لونڈالی ون کنویں سے گیس کی پیداوار شروع کردی ہے۔ ذرائع کے مطابق لونڈالی ون کنویں سے روزانہ تقریباً 10 ملین مکعب فٹ گیس حاصل ہونے کی توقع ہے، جسے ملک کی توانائی ضروریات پوری کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق لونڈالی ون سے حاصل ہونے والی گیس **سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی)** کو فراہم کی جائے گی، جس کے ذریعے سندھ اور دیگر متعلقہ علاقوں میں گیس کی طلب پوری کرنے میں مدد ملے گی (بقیہ 50 صفحہ 7پر)

لاہور سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر جاوید قاضی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور مشیر برائے بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری ملاقات کررہے ہیں

چترال کے عوام بھی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت میں پیش پیش

رقبے کے لحاظ سے چترال ایک وسیع ضلع ہے، دیر اور سوات کو ملا کر الگ صوبہ بنانا اچھا فیصلہ ہوگا، شہریوں کی رائے

چترال (این این آئی) ملک کے دیگر علاقوں کی طرح چترال کے عوام بھی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت میں پیش پیش ہیں۔ ملک میں پائیدار ترقی، متوازن علاقائی خوشحالی اور موثر حکمرانی کے لیے نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ انتظامی اصلاحات کے پیشِ نظر چترال کے شہریوں نے سوات اور دیر کے اضلاع پر مشتمل نئے صوبے کے قیام کی حمایت کردی۔ نئے انتظامی یونٹس کے قیام کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے چترال کے شہریوں کا کہنا ہے کہ رقبے کے لحاظ سے چترال ایک وسیع ضلع ہے، دیر اور سوات کو ملا کر الگ صوبہ بنانا اچھا فیصلہ ہوگا۔ موجودہ سیٹ اپ میں وزیر اعلیٰ اور صوبائی حکا (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

پاکستان اور عالمی منڈی میں سونے کی قیمت میں کمی کا سلسلہ رک گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اور عالمی منڈی میں سونے کی قیمت میں کمی کا سلسلہ رک گیا۔ آل پاکستان صرافہ ایسوسی (بقیہ 61 صفحہ 7پر)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون سیاحت وثقافت نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی سائل کے مسائل سن رہے ہیں

بنگلا دیش میں خسرے کی بدترین وبا، اسپتالوں میں جگہ کم پڑ گئی

ڈھاکا (این این آئی) بنگلا دیش میں خسرے کی بدترین وبا کے باعث بیمار بچوں کی مسلسل آمد سے اسپتالوں میں جگہ کم پڑ گئی

ٹریژری آفیس ضلع قمبر شہدادکوٹ میں پنشن پر مقرر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اکائنٹس آفیسر ون کی سیٹ مسلسل خالی ہے

ٹریژری آفیسر کے حوالے جس کی وجہ سے غریب بوڑھے پنشنرز اپنے مسائل کے حل کیلئے دردر کی ٹھوکریں کھاکر سخت پریشان

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) ٹریژری آفیس ضلع قمبر شہدادکوٹ میں پنشن پر مقرر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اکائنٹس آفیسر ون کی سیٹ مسلسل خالی ہے۔ جبکہ اے ڈی اے او ون ضلع قمبر کی اضافی چارج لاڑکانہ کے ٹریژری آفیسر کے حوالے جس کی وجہ سے غریب بوڑھے پنشنرز اپنے مسائل کے حل کیلئے دردر کی ٹھوکریں کھاکر سخت پریشان۔ تفصیلات کے مطابق ٹریژری آفیس ضلع قمبر شہدادکوٹ میں پنشن پر مقرر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اکائنٹس آفیسر ون کی سیٹ کافی عرصے سے مسلسل خالی ہونے سے غریب بوڑھے بزرگ پنشنرز کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پنشن کی بروقت ادائیگی، کاغذات کی منظوری، واجبات (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

کراچی میں جرائم کی شرح، اگست میں موٹر سائیکل چوری سب سے آگے

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں جرائم کی صورتحال سے متعلق اگست 2026ء کے اعداد وشمار نے شہریوں کی تشویش میں مزید اضافہ کردیا،

سندھ بھر کے اسکولوں کے اوقات کار میں ایک گھنٹے کی کمی

نئے اوقات کار فوری طور پر نافذ العمل، آئندہ احکامات تک جاری رہیں گے

کراچی (این این آئی) سندھ بھر کے اسکولوں کے اوقات کار میں ایک گھنٹے کی کمی کردی گئی، وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ کی ہدایت پر محکمہ اسکول ایجوکیشن نے نئے اوقات کار کا سرکلر جاری کردیا۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن سندھ کے جاری کردہ سرکلر کے مطابق صوبے بھر کے اسکولوں کے (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

برطانیہ کے متعدد ایئرپورٹس پر 1 ہزار سے زائد پروازیں منسوخ

لندن (این این آئی) برطانیہ میں ایئر ٹریفک کنٹرول کے نظام میں فنی خرابی کے باعث فضائی سفر شدید متاثر ہوا۔

پیرو میں 5 ہائی سکیورٹی جیلوں میں 60 روزہ ہنگامی حالت نافذ

جیلوں کے اندرونی نظم ونسق برقرار رکھنے کی ذمہ داری قومی پولیس کے پاس ہوگی، صدارتی دفتر

لیما (این این آئی) پیرو کی حکومت نے ملک کی پانچ ہائی سکیورٹی جیلوں میں 60 روز کے لیے ہنگامی حالت نافذ کردی ہے، جہاں مجموعی طور پر ملک میں جرائم پیشہ تنظیموں سے وابستہ قیدیوں میں سے تقریباً نصف زیر حراست ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق صدارتی دفتر کے مطابق ہنگامی حا (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

ڈیفنس تشدد کیس، متاثرہ بہن بھائی کو گرفتار کرکے 4 روز جیل میں رکھنے کا انکشاف

پولیس نے تشدد کا نشانہ بننے والے بہن بھائی کے بجائے انہیں ہی گرفتار کیا، وکیل کا عدالت میں دعویٰ، تفتیشی افسر کو نوٹس جاری

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے ڈیفنس میں مبینہ طور پر باا ثر خاتون کی جانب سے بہن بھائی کو تشدد کا نشانہ بنانے کے معاملے میں مقدمہ درج کرنے اور عبوری ضمانت کی توثیق سے متعلق درخواست پر تفتیشی افسر کو نوٹس جاری کردیا، جبکہ متاثرہ خاندان کے وکیل نے انکشاف کیا ہے کہ پولیس نے تشدد کا نشانہ بننے والے بہن بھائی کو ہی گرفتار کرکے چار روز تک جیل میں رکھا۔ عدالت میں درخواست کی سماعت کے دوران معطل تفتیشی افسر عمران پیش ہوئے اور مؤقف اختیار کیا کہ (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

پنجاب میں 736 غیر فعال واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی کا کام تیز کرنے کی ہدایت

رواں سال کے اختتام تک تمام غیر فعال پلانٹس بحال کیے جائیں گے، سولر پاور بیک اپ سے منسلک کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں 736 غیر فعال واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی کا کام تیز کرنے کی ہدایت کردی گئی، رواں سال کے اختتام تک تمام غیر فعال فلٹریشن (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7پر)

گورنر سندھ کا صوبائی وزیر صنعت وتجارت جام اکرام اللہ دھاریجو کے ہمراہ پریس میوزیم کا دورہ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے صوبائی و (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

سپریم کورٹ، زیتون بی بی کو نصف صدی بعد وراثتی حق مل گیا

سپریم کورٹ، نصف صدی بعد خاتون کو وراثتی جائیداد کیس میں ریلیف دیدیا

مخالف فریق کی نظرثانی خارج کرنے کا حکم واپس لینے کی درخواست بھی مسترد کردی

اسلام آباد (اے ایف پی) سپریم کورٹ نے ڈیرہ اسماعیل خان کی زیتون بی بی کو وراثتی جائیداد کے مقدمے میں نصف صدی بعد حتمی ریلیف دیدیا۔ عدالت عظمیٰ نے 2022 کے فیصلے پر عملدرآمد کا حکم دیتے ہوئے مخالف فریق کی نظرثانی خارج کرنے کا حکم واپس لینے کی درخواست بھی مسترد کردی۔ جسٹس منیب اختر، جسٹس ملک شہزاد اور جسٹس صلاح الدین پنہور پر مشتمل بنچ نے کیس کا فیصلہ سنایا، جبکہ فیصلہ جسٹس صلاح الدین پنہور نے تحریر کیا، سپریم کورٹ نے عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونے پر سخت برہمی کا اظہار بھی کیا۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ عدالتی نظام کی بنیاد یقین، نظم وضبط اور عدالتی احکامات کی حرمت پر ہے، اس لئے عدالتی احکامات کی پابندی ہرصورت لازم ہے، عدالتی رعایت کو محض رسمی کارروائی سمجھنا افسوسناک ہے۔ فیصلے کے مطابق نظرثانی کیس میں 4مار (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

سندھ میں ٹرانسپورٹ نظام کو جدید بنانے کیلئے اہم اقدامات کیے شرجیل میمن

چھوٹی ویگنز اور ویز میں سی این جی، ایل پی جی کٹس پر پابندی، فٹنس سرٹیفکیٹ اور روٹ پرمٹ کا نظام ڈیجیٹل کردیا

حادثے کی صورت میں متاثرین کو معاوضے کیلئے تھرڈ پارٹی انشورنس شروع کی گئی، سینئر صوبائی وزیر کا اجلاس سے خطاب

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ گزشتہ دو تین برس کے دوران صوبے میں ٹرانسپورٹ کے شعبے میں بہتری اور شہریوں کو محفوظ، جدید اور بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے متعدد اقدامات کیے گئے (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون سیاحت وثقافت نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

پشاور، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اے این ایف کا منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن، 4 ملزمان گرفتار

48 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 42.282 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی، ترجمان

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 5 کارروائیوں کے دوران 4 ملزمان گرفتار کرکے 48 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 42.282 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق پشاور ایئرپورٹ پر دوبئی جانے والے مسافر سے 320 گرام چرس برآمد کر کے ملزم گرفتار، (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7پر)

اوتھل، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء اور ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ قومی ترانے کے احترام میں کھڑی ہیں